نفاذِ شریعت ﷺ
اور
فقہ جعفریہ
امان اللہ ملک ایڈووکیٹ۔ گجرات

نفاذِ شریعتِ محمدیؐ

اور

فقہِ جعفریہ

تالیف

چوہدری امان اللہ ملک ایم اے ایل ایل بی

ایڈووکیٹ ۔ گجرات

تالیف ــــــــــــــــــ امان اللہ لک
بار ــــــــــــــــــ چہارم
قیمت ــــــــــــــــــ 50 روپے

پیشِ لفظ

طبع سوم کے بعد احباب کے بے شمار خطوط موصول ہوئے۔ جن میں یہ مطالبہ کیا گیا کہ اس کتابچہ کو اچھی کتابت کے ساتھ مع فوٹو سٹیٹ مستقل کتاب کی صورت میں شائع کر دیا جائے تاکہ عامۃ المسلمین حقیقتِ حال سے روشناس ہو کر گمراہی سے بچ سکیں اور جھوٹے پراپیگنڈا۔ دلفریب نعروں اور اسلام کے پردہ میں بدترین کفر کا پرچار کرنے والوں کے مذموم عزائم کا شکار ہو کر اپنی عاقبت برباد نہ کر بیٹھیں۔

حسبِ ارشاد طبع چہارم حاضرِ خدمت ہے۔ حوالہ جات کی فوٹو کاپیاں ہر حوالہ کے ساتھ شامل کر دی گئی ہیں۔ اس کے ساتھ ایک مزید اضافہ "فقہ جعفریہ کی تاریخی سرگذشت" کی صورت میں کیا گیا ہے۔ گو سرگذشت پہلے بھی علیحدہ طبع ہو چکی ہے۔ لیکن اس طباعت کے ساتھ شامل ہو جانے سے اس کتاب کی جامعیت اور افادیت میں ایک ایسا اضافہ ہوا ہے جو قارئین کرام کے متعدد خطوط کے پیشِ نظر کیا ہے۔ جو یقیناً پسند کیا جائیگا۔

اپنے مطالبہ کو بطریق احسن پورا ہوتا دیکھ کر میرے حق میں دعا فرماویں گے طبع سوم مشمولہ خطوط کو طبع چہارم سے حذف کر دیا ہے۔ چونکہ خطوط اتنے زیادہ ہو چکے ہیں کہ ان کا کتاب میں شامل کرنا ممکن نہ رہا کہ اللہ کریم اس کوشش کو قبول فرما کر اس مقصد کو پورا فرمائیں جو اس کی طباعت و اشاعت کا محرک ہوا۔ آمین۔

یا ابان اللہ لک۔ ایڈوکیٹ
۱۔ جناح روڈ۔ گجرات
۱۸ ار فروری ۱۹۹۰ء

پیش لفظ (طبع سوم)

نفاذِ شریعت کے نام سے اِس کتاب کا موضوع اور مقصد واضح ہے مَیں نے یہ کتابچہ خالصتہً قانونی نقطہ نگاہ سے نفاذِ شریعت کے سلسلے میں لکھا تھا میری یہ ناچیز کوشش محض ایک قانون دان کی حیثیت سے تھی۔ مَیں نہ تو روایتی مُلا ہوں، نہ مفتی، نہ فقیہہ ہوں اور نہ مناظر اور نہ ہی ماہرِ فقہِ حنفیہ مَیں نے اپنے ذاتی مطالعہ اور مشاہدے کے پیشِ نظر شیعہ کُتب سے اُن اُمور کو یکجا کیا تھا جو کسی حد تک پبلک لاء کے ضمن میں آتے ہیں۔

اور مُدعا اس بات پر روشنی ڈالنی تھی کہ اگر اس وقت ملک میں فقہ حنفیہ اور فقہ جعفریہ کا بیک وقت نفاذ کر دیا گیا تو اس ملک میں قانون کا نقشہ اور اس کا حشر کیا ہو گا۔ اور اگر فقہ جعفریہ نافذ العمل ہو جائے تو اسلام کا ایج اور قرآن و سُنّت کا مفہوم کیا ہو گا۔ کیونکہ فقہِ جعفریہ اسی اختلاف کی بنیاد پر ہی استوار ہے۔

شیعہ عقائد کے مطابق موجودہ قرآن وُہ نہیں ہے جو محمد الرسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر نازل ہُوا تھا اور وُہ جو نازل ہُوا تھا اس کا وجود دُنیا پر کہیں نہیں پایا جاتا اسی طرح سُنّت اُن احادیثِ نبوی پر مبنی ہے جو رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ نے روایت کی ہیں۔ اور فقہِ جعفریہ کے عقیدہ کے مطابق حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے انتقال فرماتے ہی تین کے علاوہ سب صحابہؓ معاذ اللہ مرتد ہو گئے تھے۔ بقول شیعہ احادیث کا ذخیرہ مرتدین کی روایات کا مجموعہ ہے لہٰذا یہ دین کی بنیاد اور قانون کا ماخذ نہیں قرار دیا جا سکتا۔ میرا مقصد اسی پس منظر میں غور و فکر کے لیے مستند مواد پیش کرنا تھا تاکہ ان شیعہ عقائد اور ان کے مضمرات کا تعین ہو جائے۔ چونکہ قرآن و سُنّت کے الفاظ فقہ جعفریہ

کے نفاذ سے بے معنی ہو کر رہ جائیں گے اس لیے اربابِ عقل و دانش کو اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ ملک کا سوادِ اعظم جو قرآن و سُنّت کا شیدائی ہے۔ فقہ جعفریہ کے نفاذ سے اس کا کیا حشر ہوگا

میرے اس کتابچہ پر میرے خلاف مذہبی منافرت پھیلانے کا بے بنیاد مقدمہ گجرات کے تھانہ صدر میں سرکاری طور پر درج کرا دیا گیا اور مجھے ملزموں کے کٹہرے میں کھڑا کر کے آزمائش میں ڈال دیا گیا۔ یہ مقدمہ مورخہ ۲۰ اگست ۱۹۷۹ء بجرم اے/۱۵۳ ات پ درج ہوا جس کا چالان مورخہ ۱۸ جنوری ۱۹۸۱ء کو عدالت میں پیش ہوا اور مجھ پر فردِ جرم عائد کر دی گئی مقدمہ کی کارروائی کے دوران میں نے عدالت کے سامنے مندرجہ ذیل تین سوال رکھے۔ جواب نہ انتظامیہ کے پاس تھا نہ "فقہ جعفریہ نافذ کرو" کا نعرہ لگانے والوں کے پاس۔

۱۔ اِس کتابچے میں جن کتابوں کے حوالے دیئے ہیں کیا وُہ فقہ جعفریہ کی مستند اور بنیادی کتابیں نہیں ہیں؟

۲۔ ان کتابوں سے جو اقتباسات پیش کیے گئے ہیں کیا ان کی عبارت غلط ہے یا ترجمہ ٹھیک نہیں یا کہ وہ سیاق و سباق سے الگ کر کے پیش کیے گئے ہیں؟

۳۔ اگر اس کتابچے میں درج کتابیں فقہ جعفریہ کی بنیادی کتابیں نہیں ہیں تو وُہ کون سی کتابیں ہیں جن پر انحصار کرتے ہوئے فقہ جعفریہ کے علیحدہ نفاذ کا مطالبہ کیا جا رہا ہے؟

ان سوالات کا جواب دینے کے لیے فقہ جعفریہ کے اکابرین اور مبلغین کو ۲۹-۸-۷۹ سے لے کر ۱۵-۱-۸۱ تک موقع دیا گیا کہ پیش ہو کر ان حقائق کی تردید کریں لیکن کسی شیعہ فقیہہ کو جرأت نہ ہوئی کہ ان کی تردید کرے نہ ہی وُہ عدالت میں کوئی تائیدی شہادت پیش کر سکے چنانچہ ۲۰-۱-۸۱ کو سرکار نے یہ مقدمہ بوجہ عدم ثبوت واپس لے لیا جو اس حقیقت کی تصدیق تھی کہ اس کتابچے میں لکھا ہوا ایک ایک حرف صحیح اور مستند ہے اس مقدمہ کی کارروائی کے بعد بھی کسی شیعہ مجتہد یا فقیہہ نے اس کی تردید میں نہ کچھ کہا نہ لکھا۔

چونکہ تائیدِ غیبی سے اس کتابچے نے ہر قاری کو حیرت میں ڈال دیا تھا۔ اس لیے میں نے

دُوسرے ایڈیشن میں قارئین کے دل میں پیدا ہونے والے ممکنہ شکوک کو دُور کرنے کے لیے متعلقہ شیعہ کتب کے حوالہ جات کی فوٹو سٹیٹ نقول بھی شامل کر دی تھیں تیسرے ایڈیشن میں یہ نقول مَیں نے اس لیے شامل نہیں کیں کہ اب اس کتابچے میں درج ہر حوالے کی صداقت تسلیم کی جا چکی ہے ان کی جگہ مَیں نے اس ایڈیشن میں قارئین کے چند خطوط کو شامل کر دیا ہے جو کہ ان کے تاثرات کے آئینہ دار ہیں۔

اِس کتابچہ کا مطالعہ کرنیوالوں نے مجھے ہزاروں خطوط لکھے میرے لیے ان خطوط کا جواب دینا ناممکن تھا۔ اس لیے مَیں ان سب احباب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے جہاں میری مغفرت کے لیے دُعائیں کیں وہاں میری حوصلہ افزائی بھی کی۔ مَیں خدا کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے یہ کام مجھ جیسے گنہگار سے لیا۔

مَیں نے نفاذ شریعت کے پہلے اور دُوسرے ایڈیشن میں اجتماعی مسائل کا ذکر اس لیے کیا تھا کہ ملک میں سوادِ اعظم کے مطالبہ پر نفاذ شریعت ہو رہا تھا جس میں پبلک لاء کے نفاذ کے ضمن میں فقہِ جعفریہ کی حقیقت بیان کرنا وقت کا تقاضا تھا۔ اس ایڈیشن میں فقہِ جعفریہ کے وہ حصے بھی پیش کرتا ہوں جن کا تعلق پرائیویٹ لاء سے ہے میری یہ کوشش ایک قانون دان کی قانون سازی کے ادارہ (پنجاب اسمبلی) میں قانون سازی کے ذاتی تجربہ کی بناء پر ہے۔ جیسا کہ مَیں نے پہلے بھی عرض کی ہے مَیں نہ فقیہہ ہوں نہ ہی جنونی ملّا۔ اس لیے میری تحریر کو خالصۃً قانونی نقطۂ نگاہ سے دیکھا اور پرکھا جائے۔ آخر میں میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ سب قارئین کو حقیقتِ حال سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے محرومانِ ازلی کا معاملہ خدا کے سپرد ہے۔ اللہ تعالےٰ مجھے دینِ مصطفےٰ کی خدمت کا موقعہ اور ہمت عطا فرمائے اور میری اس ادنیٰ سی کوشش کو میری بخشش کا سبب بنائے۔ آمین

آپکی دلی دُعاؤں کا طالب
امان اللہ لک ایڈوکیٹ

عرضِ مدّعا

برِصغیر کے مسلمانوں نے ایک آزاد اسلامی مملکت کے قیام کا خواب دیکھا۔ پاکستان اس کی ایک خوبصورت تعبیر بن کر وجود میں آیا لیکن قیام پاکستان کے بعد ہم نے بحیثیت مجموعی اس کے مقاصد بھلا دیئے اور ربع صدی سے زائد عرصہ تک ہم اس عظیم عہد سے برابر روگردانی ہی کرتے رہے جو ہم نے اس سلسلہ میں اپنے اللہ سے باندھا تھا۔

۱۹۷۷ء میں نظامِ مصطفٰےؐ کے نام سے جو تحریک اٹھی اس کا محرک اور مقصد اس جذبہ کا اجتماعی اظہار تھا کہ اس ملک میں اسلامی نظام کے بغیر کوئی دوسرا نظام نہیں چل سکتا چنانچہ مسلمانانِ پاکستان کی بے پناہ قربانیوں کے بعد ۱۲، ربیع الاوّل کو ملک میں اسلامی قوانین کے نفاذ کا تاریخ ساز اعلان کیا گیا اور اسلامی حدود نافذ کی گئیں جس سے اہلِ وطن ہی نہیں بلکہ مسلمانانِ عالم کے دلوں میں ایک ولولۂ تازہ ابھرنے لگا کہ اسلام کی نشاۃ ثانیہ کا آغاز ہو رہا ہے لیکن جو عناصر پاکستان کو ایک اسلامی مملکت کے روپ میں دیکھنا ہرگز نہیں چاہتے انہوں نے محسوس کیا کہ اگر اسلامی نظام کا تجربہ اس ملک میں کامیاب ہو گیا تو اسلامی انقلاب پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لے گا۔ چنانچہ اسلام دشمن عناصر نے مسلمانوں کے مختلف معروف فرقوں کے درمیان اختلافات کو ہوا دینے کی مہم شروع کر دی۔ پاکستانی عوام کے متفقہ مطالبہ کے پیشِ نظر نظامِ مصطفٰےؐ کا اعلان تو ہو گیا مگر یہ آوازیں اٹھائی جانے لگیں فقہ جعفریہ کا الگ نفاذ کیا جائے چنانچہ اس اہم موڑ پر قوم کو صحیح رُخ پر قدم اٹھانے کے لیے صدرِ مملکت جناب جنرل محمد ضیاء الحق صاحب نے مختلف فقہی مکاتبِ فکر کے نمائندگان پر مشتمل ایک

کمیٹی مقرر فرمائی جو اس مسئلہ کا حل تلاش کرنے کے لیے جناب صدر کی مدد کرے گی میں اس ملک کا باشعور اور مسلمان شہری ہونے کی حیثیت سے اس ضمن میں قومی فریضہ کی ادائیگی کی غرض سے اپنے خیالات کا اظہار اس لیے ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ نہایت اہم بلکہ پاکستان کی بقا کا مسئلہ ہے لہٰذا موجودہ صورتِ حالات پر ہر ذی فہم شہری کو غور و فکر کرنے کی ضرورت ہے۔

اِصلاح ہو یا انقلاب دونوں کا مقصد کسی بگڑی ہوئی حالت کا بدلنا ہوتا ہے لیکن دونوں کے محرکات اور طریقہ کار میں بنیادی فرق ہوتا ہے۔ اصلاح کی غرض تو بگڑے ہوئے اجزاء کی جگہ صالح اجزاء کا مہیا کرنا ہوتا ہے لہٰذا اس کی ابتدا غور و فکر ہوتی ہے۔ ٹھنڈے دل سے سوچ بچار کر کے حالات کا جائزہ لیا جاتا ہے انسان اس بگاڑ کے اسباب پر غور کرتا ہے خرابی کی حدود کی اس کے ازالہ کی تدابیر اختیار کرتا ہے مگر انقلاب کی غرض جیسا کہ اس لفظ کے معنی سے ظاہر ہے صورت حالات کو الٹ دینا ہوتا ہے۔ یہ صورت عموماً وہاں پیدا ہوتی ہے جہاں بگاڑ جزوی نہیں بلکہ ہمہ پہلو ہوتا ہے اور اپنی معراج کو پہنچ جاتا ہے ایسے حالات میں لوگ صبر و تحمل کا دامن ہاتھ سے چھوڑ دیتے ہیں اور ٹھنڈے دل سے سوچ بچار کرنے کی جگہ غصب انتقام کے جذبات اُبھرتے ہیں اور انسان بالکل درندوں کے روپ میں ظاہر ہونے لگتے ہیں بیجا ضد اور ہٹ دھرمی کا دور دورہ ہوتا ہے حق کی تلاش کی جگہ باطل کو حق ثابت کرنے کی انتہائی کوشش کی جاتی ہے بلکہ حق و باطل کا امتیاز ہی سرے سے اُٹھ جاتا ہے۔

آج اس ملک میں اس نظام کے نفاذ اور اس کے طریقہ کار پر بحث ہو رہی ہے جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ۲۳ برس کی نبوی زندگی میں عملاً نافذ کر کے دکھا دیا تھا اور انسانی زندگی کا انفرادی ہو یا اجتماعی کا کوئی پہلو تشنہ نہیں رہنے دیا گیا اور اہل پاکستان کے علاوہ تمام دُنیا اس نظام کے نفاذ کی طرف نظریں جمائے ہوئے ہے لیکن اس کے نفاذ پر جو نزاعی صورت آج پیدا ہو چکی ہے اگر اسے حقائق کی روشنی میں نہ دیکھا گیا تو یہ نزاع انتہا کی خوفناک صورتِ اختیار کر سکتا ہے۔

اس خرابی کی اصل جڑ تو یہ نظر آتی ہے کہ ہمارے مذہبی رہنما فروعات میں اس درجہ منہمک ہوگئے ہیں کہ اصول کا دامن ہاتھوں سے چھوٹ چکا ہے بلکہ فروعات نے ہی اصول کی جگہ لے لی ہے اور ان سے ہزار در ہزار فروعات کی فصل اگتی چلی جارہی ہے۔

(SENSE OF PROPORTION) تو کہیں ڈھونڈے نہیں ملتی شریعت اسلامی کی عمارت درحقیقت اس ترتیب سے قائم ہوئی تھی کہ سب سے پہلے کتاب اللہ پھر سنتِ رسول اللہ پھر ان دونوں کی روشنی میں اہلِ تقویٰ اور اہلِ اخلاص اربابِ علم و بصیرت کا اجتہاد ہو۔ لیکن بدقسمتی سے اس ترتیب کو اُلٹ دیا گیا ہے اور اب اہمیت کے اعتبار سے ترتیب یوں قرار پائی ہے کہ سب سے پہلے ایک خاص طبقہ یا اپنی پسند کے علماء کے اجتہاد کو بنیاد بنا لیا گیا۔ پھر سنتِ رسول اللہ کی طرف بہ تکلف کبھی کبھی نگاہ اُٹھالی پھر خانہ پُری کے طور پر یا تبرک کے طور پر کتابُ اللہ کا نام بھی لے لیا گیا میرے ناقص خیال میں ہماری بدنصیبی کی اصل وجہ یہی ہے ائمہ فقہ، متکلمین، مفسرین محدثین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے علم و فضل ان کی جلالت شان اور ان کی مخلصانہ کوششوں کا انکار کون کرسکتا ہے مگر بشری کمزوریوں سے مستثنیٰ کیسے قرار دیا جاسکتا ہے اُن کے پاس اکتسابِ علم کے وہی ذریعے تھے جو سب انسانوں کو حاصل ہونے ممکن ہیں اُن کے پاس وحی نہیں آتی تھی وہاں وُہ اپنی عقل و بصیرت سے کتابُ اللہ اور سُنت رسول اللہ پر غور و فکر کیا کرتے تھے۔

اس طرح ان کی کاوش سے جو اُصول ان کے نزدیک متحقق ہوجاتے تھے ان کی مدد سے وُہ حضرات فروعی قوانین اور مسائل کا استنباط کیا کرتے تھے ان کے یہ اجتہادات ہمارے لیے مددگار اور رہنما تو ضرور بن سکتے ہیں اور بننے چاہئیں مگر بجائے خود اصل ماخذ اور منبع نہیں قرار دیئے جاسکتے انسانی اجتہاد خواہ اس کی بنیاد کچھ بھی ہو دنیا کے لیے دائمی قانون اور اٹل قاعدہ نہیں بن سکتا کیوں کہ انسانی عقل، علم اور سوچ زمانہ کی قیود سے آزاد نہیں ہو سکتے زمانہ [illegible] ان کی قیدسے آزاد صرف وہی کتاب اور اس کے قوانین ہیں جو اس ہستی

نے نازل فرمائی جو خود خالق زمان و مکان ہے اس کتاب کا فیضان دو صورتوں میں بندوں تک پہنچا ایک الفاظ و آیات قرآنی کی صورت میں دوسرا ان الفاظ و آیات کی نبوی تفسیر اور عملی تعبیر کی صورت میں جسے اصطلاح میں سُنت کہتے ہیں یہی کتاب و سنت درحقیقت شریعت کے قانون کا وہ بنیادی ماخذ اور سرچشمہ ہے جس سے ہمیشہ اور ہر زمانے کے لوگ اپنے مخصوص حالات اور اپنی ضروریات کے مطابق قوانین اخذ کر سکتے ہیں۔ اور تاریخ شاہد ہے کہ جب تک اس نہج سے تشریعی امور طے ہوتے رہے اسلامی نظام کو ہر زمانہ اور ہر مملکت کے دل کی آواز قرار دیا جاتا رہا۔ جب کتاب و سُنت پر کما حقہ غور و فکر کرنے کا جذبہ ماند پڑ گیا اور ان دونوں بنیادی ماخذوں سے بے نیاز ہو کر صرف اپنی پسند کے فقہی مکتب فکر کو ہی بنیاد بنا لیا گیا تو اسلام ایک حرکی قوت (DYNAMIC FORCE) کی بجائے محض چند رسوم کا مجموعہ سمجھا جانے لگا۔ جو لوگ اقوام عالم کی علمی اور عملی رہنمائی کرنا سعادت سمجھتے تھے اب اغیار کی دریوزہ گری پر اترآتے نظر آتے ہیں اور لے دے کے ایک شغل رہ گیا ہے کہ جزوی اور فروعی مسائل کو بنیاد بنا کر اسلام سے جان چھڑانے اور نت نئے مذاہب ایجاد کرنے اور فرقہ بندی کو ہوا دینے میں کوئی کمی نہ رہنے دی جائے اس کا نتیجہ لازماً وہی نکلنا تھا جو ہم دیکھ رہے ہیں کہ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا کی جگہ یَخْرُجُوْنَ مِنْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا کا سماں نظر آنے لگا۔ اور اَشِدَّاءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَاءُ بَیْنَھُمْ کی جگہ رحماء علی الکفار واشداء بینھم کے مناظر سامنے آنے لگے اور کتاب اللہ نے تحسبھم جمیعا وقلوبھم شتّٰی کے الفاظ سے منافقین کی سیرت کا جو نقشہ پیش کیا اب وہ حالت مسلمانوں کا مقدر بن چکی ہے۔

یوں تو فقہ کا تعلق جہاں انسان کی انفرادی زندگی سے ہے وہاں اجتماعی زندگی میں بھی رہنمائی کرنا فقہ ہی کا منصب ہے۔ مگر ۱۲ ربیع الاوّل سے نفاذ حدود کا جو اعلان ہوا ہے اس کے پیش نظر میں اس مقالہ میں صرف چند اجتماعی مسائل پر فقہ جعفریہ کی روشنی

میں اظہارِ خیال کروں گا۔ مَیں نے ان مسائل کے مطالعہ اور ان کو سمجھنے کے سلسلے میں جو حقائق حاصل کیے ہیں انہیں خواص اور عوام کے سامنے پیش کرنے سے پہلے مَیں نے اپنے استاد مکرم حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب موضع چکڑالہ ضلع میانوالی سے تصدیق کرانا ضروری سمجھا جو میرے عقیدہ اور علم کے مطابق اس سلسلہ میں ایک مسلمہ اتھارٹی ہیں۔ استاد مکرم نے میرے ذاتی خیالات سے قطع نظر کرتے ہوئے کتابوں کے حوالہ جات اور اقتباسات کی تصدیق فرمائی تو مجھے یہ فریضہ ادا کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

مَیں اس یقین سے یہ گذارشات پیش کر رہا ہوں کہ ہم ہوشمندی سے اس مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کریں اور مختلف فقہوں کا واضح فرق نمایاں طور پر سامنے آجاتے کسی کے عقائد کو مجروح کرنا یا منافرت پھیلانا ہرگز مقصود نہیں بلکہ غور و فکر کی دعوت کے ساتھ غور و فکر کے لیے مستند حقائق پیش کر دینا ملک و قوم کی خدمت سمجھتا ہوں۔

نفاذِ شریعت کے پچھلے ایڈیشن کے منظرِ عام پر آنے کے بعد بعض حلقوں نے حقائق کو تسلیم کرنے کے بجائے حوالہ جات کے متعلق شک و شبہ پیدا کرنے کی کوشش کی اس لیے اس ایڈیشن میں جملہ متعلقہ کتب ہائے فقہ جعفریہ سے حوالہ جات کی فوٹو سٹیٹ کاپیاں شامل کرنا ضروری محسوس ہُوا۔ اس لیے رسالہ کے اخیر پر مَیں نے صفحہ کے حاشیہ متعلقہ حصہ کو خط کشیدہ کر کے نفاذ شریعت کا صفحہ نمبر دے دیا ہے اگر اہلِ علم اصل کتابوں کا ملاحظہ فرمانا چاہیں تو میں یہ فریضہ بھی ادا کر سکتا ہوں۔

اِس دوران ایک آواز یہ بھی آئی کہ تفسیر منہج الصادقین کا مصنف ایک عام مولوی ہے اس کی تحریر حجت نہیں اس بہانہ کی حقیقت ظاہر کرنے کے لیے تفسیر کے ساتھ شروع میں لکھے ہُوئے دیباچے میں سے دو صفحات کی نقول سب سے آخر میں لگا دی ہیں ان میں "ترجمۂ مولف" کے عنوان کے تحت شیعہ علماء کے حلقے میں مُصنّف کا مقام معلوم ہو سکتا ہے۔

اجتماعی مسائل کو صحیح طور پر سمجھنے کے لیے ہر نظریہ اور مکتبِ فکر کا پس منظر جاننا ضروری ہوتا ہے اور اس لیے میں اِس مقالہ کی ابتدا فقہ جعفریہ کی تاریخ سے کرتا ہوں۔

امان اللہ لک
ایڈووکیٹ

تاریخ فقہ جعفریہ

اس فقہ کے نام سے ظاہر ہے کہ یہ امام جعفرؒ کے نام سے منسوب ہے جس سے یہی تاثر ملتا ہے کہ امام جعفر کے عہد میں یا آپ کی زیرِ نگرانی اس فقہ کی تدوین ہوئی مستند کتب شیعہ میں امام باقرؒ تک فقہی اعتبار سے شیعہ کا دور جاہلیت ہی ثابت ہوتا ہے مثلاً اصول کافی نمبر۲

ثم کان محمد بن علی اباجعفر وکانت الشیعة قبل ان یکون ابوجعفر وھم لا یعرفون مناسك حجھم وحلا لھم وحرامھم حتی کان ابوجعفر ففتح لھم وبین لھم مناسك حجھم وحلا لھم وحرامھم حتی صار الناس یحتاجون الیھم من بعد ما کانوا یحتاجون الی الناس

پھر امام باقرؒ آئے ان سے پہلے تو شیعہ حج کے مناسک اور حلال وحرام سے بھی واقف نہیں تھے۔ امام باقرؒ نے شیعہ کے لیے حج کے احکام بیان کیے اور حلال وحرام میں تمیز کا دروازہ کھولا یہاں تک کہ دوسرے لوگ ان مسائل میں شیعہ کے محتاج ہونے لگے جبکہ اس سے پہلے شیعہ ان مسائل میں دوسروں کے محتاج تھے۔

اِس اعتراف سے ظاہر ہے کہ امام باقرؒ سے پہلے شیعہ حلال وحرام سے واقف ہی نہیں تھے۔

فَضْلٌ يُعْرَفُ لِمَنْ أَخَذَ بِهِ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: «يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ» وَقَالَ رَسُولُ اللهِ صلّى الله عليه وآله: مَنْ مَاتَ وَلَا يَعْرِفُ إِمَامَهُ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً وَكَانَ رَسُولَ اللهِ صلّى الله عليه وآله وَكَانَ عَلِيّاً عليه السلام وَقَالَ الْآخَرُونَ: كَانَ مُعَاوِيَةَ، ثُمَّ كَانَ الْحَسَنَ عليه السلام ثُمَّ كَانَ الْحُسَيْنَ عليه السلام وَقَالَ الْآخَرُونَ: يَزِيدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ وَحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ وَلَا سَوَاءَ وَلَا سَوَاءَ قَالَ: ثُمَّ سَكَتَ ثُمَّ قَالَ: أَزِيدُكَ؟ فَقَالَ لَهُ حَكَمٌ الْأَعْوَرُ: نَعَمْ جُعِلْتُ فِدَاكَ قَالَ: ثُمَّ كَانَ عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ ثُمَّ كَانَ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ أَبَا جَعْفَرٍ، وَكَانَتِ الشِّيعَةُ قَبْلَ أَنْ يَكُونَ أَبُو جَعْفَرٍ وَهُمْ لَا يَعْرِفُونَ مَنَاسِكَ حَجِّهِمْ وَحَلَالِهِمْ وَحَرَامِهِمْ حَتَّى كَانَ أَبُو جَعْفَرٍ فَفَتَحَ لَهُمْ وَبَيَّنَ لَهُمْ مَنَاسِكَ حَجِّهِمْ وَحَلَالِهِمْ وَحَرَامِهِمْ حَتَّى صَارَ النَّاسُ يَحْتَاجُونَ إِلَيْهِمْ مِنْ بَعْدِ مَا كَانُوا يَحْتَاجُونَ إِلَى النَّاسِ وَهَكَذَا يَكُونُ الْأَمْرُ وَالْأَرْضُ لَا تَكُونُ إِلَّا بِإِمَامٍ وَمَنْ مَاتَ لَا يَعْرِفُ إِمَامَهُ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً وَأَحْوَجُ مَا تَكُونُ إِلَى مَا أَنْتَ عَلَيْهِ إِذَا بَلَغَتْ نَفْسُكَ هَذِهِ ـ وَأَهْوَى بِيَدِهِ إِلَى حَلْقِهِ ـ وَانْقَطَعَتْ عَنْكَ الدُّنْيَا تَقُولُ: لَقَدْ كُنْتُ عَلَى أَمْرٍ حَسَنٍ.

أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ، عَنْ صَفْوَانَ، عَنْ عِيسَى بْنِ السَّرِيِّ أَبِي الْيَسَعِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام مِثْلَهُ.

۷ ـ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا، عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ، عَنْ مُثَنَّى الْحَنَّاطِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ: بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ [دَعَائِمَ]: الْوَلَايَةِ

که مستحق آن بدان شناخته شود؟ فرمود: آری، خداعزوجل فرماید (۵۹ ـ النساء) أیا کسانی که گرویدید اطاعت کنید خدا را واطاعت کنید رسول را وصاحب الامر خودرا ـ ورسولخدا(ص) فرموده است هر که بمیرد و نشناسد امام خودرا بمردن جاهلیت مرده است، رسولخدا بود و علی (ع) امام بود و دیگران در برابر او معاویه راامام دانستند، سپس حسن (ع) بود وسپس حسین و دیگران گفتند یزید بن معاویه وحسین بن علی (ع) برابرند، ودر اینها برابری نبود (علی کجا ومعاویه کجا حسین بن علی کجا ویزید کجا؟) سپس خموشی گرفت و باز فرمود توضیح بیشتری ندهم؟ حکم اعور گفت: چرا قربانت، فرمود: سپس علی بن الحسین(ع) بود وپس ازاو محمد بن علی اباجعفر، شیعه پیش از ابی جعفر مناسك حج وحلال وحرام خودرا هم نمیدانستند وعلم آنها بجائی رسید که مردم بدانها نیازمند شدند پس از اینکه آنها نیاز بمردم داشتند وهم چنین است امروز، زمین بی امام نباشد وهر که بمیرد وامام خود را نشناسد بمردن جاهلیت مرده وتو ازهمه وقت بمعرفت امام محتاج تری همانوقت که جانت بگلویت رسد (با دست اشاره بگلویش نمود) ودنیا ازدستت برود وبگوئی که: هرآینه من درمذهب خوبی بودم (که اقرار بامام برحق ومتابعت اواست).

۷ـ از امام باقر (ع) که اسلام بر پنج پایه استوار است، ولایت و نماز و زکوة و روزه ...

امام باقر کا سنِ وفات ۱۱۳ھ ہے یعنی پہلی صدی اور دوسری صدی میں فقہ جعفریہ کا وجود ہی نہیں تھا۔ اس لیے کسی اسلامی سلطنت میں اس کے نافذ کیے جانے کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ اس زمانے میں خلافتِ راشدہ اور خلافتِ بنو امیہ کا اکثر حصہ شامل ہے پس یہ تاریخی حقیقت ہے کہ پہلی صدی میں فقہ جعفریہ کا نہ وجود تھا نہ کہیں اس پر عمل ہوتا تھا۔

اسلام کی دعوت کے ساتھ نبیٔ کریمؐ نے حلال وحرام کی نشاندہی فرما دی تھی جب دین مکمل ہو گیا تو حلال وحرام، عبادت، معاملات، عقائد تمام چیزیں مکمل ہو گئیں۔ حضورؐ نے نہ صرف سب کچھ بتا دیا بلکہ ان اصولوں پر ایک معاشرہ تیار کیا خلافتِ راشدہ کے دور میں حلال وحرام کے ان مسائل پر عمل ہوتا رہا جو نبیٔ کریمؐ نے بتائے تھے مگر صاحب اصول کافی کہتے ہیں کہ شیعہ کو حلال وحرام کا علم نہ تھا جس کا مطلب یہ ہے کہ شیعہ کو حلال وحرام کے ان مسائل اور حج کے ان مناسک سے تعلق کوئی نہیں تھا جو اسلام نے اور داعیٔ اسلام نے سکھائے تھے۔

امام باقر کے متعلق کتبِ شیعہ سے اس بات کا سراغ ملتا ہے کہ آپ نے شیعہ کو حلال وحرام کا احساس دلایا اور ان کو حدود سے روشناس کرایا لیکن اس کا کہیں سراغ نہیں ملتا کہ آپ کی زیرِ نگرانی کسی فقہ کی تدوین ہوئی۔

اس کے بعد امام جعفر کا دور آتا ہے آپ کی وفات ۱۴۸ھ میں ہوئی چونکہ یہ فقہ ان کی طرف منسوب ہے اس لیے اس امر کی تلاش کی جائے کہ آپ نے فقہ کی کوئی کتاب اپنی زیرِ نگرانی میں تیار کرائی تاریخ سے اس کا کوئی نشان نہیں ملتا پھر اس کی صورت یہ ہو سکتی ہے کہ آپ نے جو روایات اخبار اور احادیث بیان فرمائیں انہیں فقہی ابواب کے تحت جمع کر لیا گیا بنیادی طور پر وہ حدیث کی کتابیں شمار ہوں گی مگر چونکہ ان کی تدوین فقہی عنوان کے تحت ہوئی اس لیے ان کتب کو فقہ جعفریہ کی بنیادی کتابیں تصور کر

لینا چاہیے اس نوع کی کتابیں چار ہیں جن کو صحاح اربعہ کہتے ہیں۔

(۱) الکافی۔ ابوجعفر کلینی ۳۳۰ھ یعنی امام جعفر سے قریباً ایک سو اسی برس بعد کی تصنیف ہے۔

(۲) من لا یحضرہ الفقیہ۔ محمد بن علی ابن بابویہ قمی ۳۸۰ھ یعنی امام جعفر سے قریباً دو سو تیس برس بعد۔

(۳) تہذیب الاحکام اور (۴) استبصار محمد بن حسن طوسی ۴۶۰ھ یعنی امام جعفر سے قریباً ۳۱۰ برس بعد۔

فقہ جعفریہ کی ان چاروں کتابوں کا ذرا تفصیل سے جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ پہلی کتاب اصول کافی اس وقت لکھی گئی جب خلفائے عباسیہ کے اکیسویں خلیفہ المتقی باللہ کا دور خلافت تھا۔ اور آخری کتاب کے مصنف کا سن وفات بتاتا ہے کہ اس وقت خلفائے عباسیہ کے چھبیسویں خلیفہ القائم بامر اللہ کا دورِ خلافت تھا گویا پانچویں صدی ہجری کے اواخر میں تو فقہ جعفریہ کامل طور پر وجود میں آئی اس لیے پانچویں صدی بلکہ سقوطِ بغداد تک اس فقہ کا کسی اسلامی حکومت میں نافذ ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

اس کے بعد مصر میں عباسی خلافت مستنصر باللہ ۶۵۹ھ سے متوکل علی اللہ ثالث ۹۲۳ھ تک وہاں بھی اس فقہ کے نفاذ کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔

پھر ترکان عثمانی کی خلافت عثمان خان اول ۱۲۸۸ء سے ۱۹۲۴ء تک رہی جب مصطفےٰ کمال نے خلافت کا خاتمہ کر دیا اس عرصے میں بھی اس اسلامی سلطنت میں بھی فقہ جعفریہ کے رائج ہونے کا کوئی تاریخی ثبوت نہیں ملتا۔

مختصر یہ ہے کہ کسی اسلامی حکومت نے کسی دور میں فقہ جعفریہ کو اپنے دستور یا قانون میں جگہ نہیں دی۔

فقہ جعفریہ کے متعلق تاریخی سروے تو ضمناً آگیا۔ بات یہ چل رہی تھی کہ امام جعفر

کے بعد ایک سو اسی برس سے لے کر تین سو دس برس بعد تک کتابیں مدون ہوئیں جو امام جعفر سے منسوب کر کے فقہ جعفریہ کی اصولی اور بنیادی کتابیں شمار ہوتی ہیں ظاہر ہے کہ اس عرصے میں امام جعفر کی روایات مختلف راویوں کے ذریعے ان محدثین کے پاس پہنچی ہوں گی اس لیے ان مسائل اور اس فقہ کے صحیح یا مشکوک ہونے کا انحصار ان رواۃ کی ثقاہت اور عدم ثقاہت ہے اس بنا پر ضروری ہے جعفریہ فن رجال اور ا کے بیان کی روشنی میں اس حقیقت کا جائزہ لیا جائے۔

مشہور شیعہ مجتہد ملا باقر مجلسی نے اپنی مایہ ناز کتاب حق الیقین ص۱۴۳ پر اس حقیقت کا اظہار یوں کیا ہے۔

"اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ اہل حجاز و عراق، خراسان و فارس وغیرہ سے فضلاء کی ایک جماعتِ کثیر حضرت باقر اور حضرت صادق نیز تمام آئمہ اصحاب سے تھی مفصل زرارہ محمد بن مسلم، ابو بریدہ، ابو بصیر، ہشام بن حمران، جیکر مومن طاق، امان بن تغلب اور معاویہ بن عمار کے اور ان کے علاوہ اور کثیر جماعت بھی تھی جن کا شمار نہیں کر سکتے اور کتب رجال اور علمائے شیعہ کی فہرستوں میں سطور و مذکور ہیں یہ سب شیعوں کے رئیس تھے ان لوگوں نے فقہ، حدیث و کلام میں کتابیں تصنیف کر کے تمام مسائل کو جمع کیا ہے۔ ان لوگوں کا اختصاص آئمہ طاہرین کے ساتھ معلوم و متحقق ہے جیسا کہ ابو حنیفہ کے ساتھ ابو یوسف اور اس کے شاگردوں کا اختصاص"۔

یہ اقتباس ایک طویل بیان کا حصہ ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ۔

۱۔ اصحاب آئمہ کی کثیر جماعت جس کا شمار نہیں ان کے متعلق تو کہا نہیں جا سکتا مگر جن کا شمار کیا جا سکتا ہے ان کے نام دیئے گئے ہیں اور وہ شیعوں کے رئیس ہیں

۲۔ ائمہ سے ان اصحاب نے فقہ وحدیث کے مسائل جمع کیے ہیں۔
۳۔ اگر یہ حضرات ثقہ ثابت ہو جائیں تو فقہ جعفریہ آئمہ سے ماخوذ ثابت ہو سکتی ہے اِس فقہ کا ماخذ کتاب اللہ سے تلاش کرنے کی ضرورت نہیں کیوں کہ شیعہ عقیدہ کی رُو سے یہ قرآن محرف ہے اور تحریف بھی پانچ قسم کی ہوتی ہے لہٰذا اس کا کیا اعتبار۔
اَب ہم ان رؤسائے شیعہ کے حالات شیعہ کتب رجال سے پیش کرتے ہیں۔
۱۔ زرارہ یہ صاحب تو اصحاب آئمہ کے بھی رئیس ہیں یہاں تک کہ ان کی علمی فضیلت امام جعفر کے ہم پایہ ہے رجال کشی میں ہے۔

قال اصحاب زرارہ من ادرك زرارہ بن اعین فقد ادرك اباعبد اللہ (ص۹۵)
ظاہر ہے کہ اس سے زیادہ کسی کی تعریف اور کیا ہو سکتی ہے مگر سوال تو امانت و دیانت اور کردار کا ہے سو اس کے متعلق رائے ملاحظہ ہو۔

۱۔ حق الیقین اُردو ص۲۲
"یہ حکم ایسی جماعت کے حق میں ہے جن کی ضلالت پر صحابہ کا اجماع ہے جیسا کہ زرارہ اور ابوبصیر"
یعنی ضرارہ اور ابوبصیر بالاجماع گمراہ ہیں۔
اب سوال یہ ہے کہ جو خود گمراہ ہے وُہ دُوسروں کی رہنمائی کیا کرے گا جس راہ پہ خود چلا ہے دُوسروں کو بھی اِسی راہ پر چلائے گا۔

۲۔ قال (ای امام) نعم زرارہ شر من الیھود والنصاری و من قال ان مع اللہ ثالث ثلاثہ (رجال کشی ص۱۰۱)
"امام جعفر نے فرمایا کہ زرارہ تو یہود و نصاریٰ اور تثلیث کے قائلین سے بھی بُرا ہے"
امام جعفر کا زرارہ کو قائلینِ تثلیث سے بھی بُرا قرار دینا خالی از علت نہیں۔

﴿ زرارة بن اعين ﴾

(۹۵)

زراره فقولت فاقول بقول الله تعالى لم يد خلوها وهم يطمعون
يجلد له خلوا الجنة ولو كانوا كافرين لدخلوا النار قال فماذا
عليه السلام ارجهم حيث ارجاهم الله اما انك لو بقيت
في هذا الكلام وتحللت عنك عقد الايمان قال اصحاب زراره
زرارة بن اعين فقد ادرك ابا عبدالله عليه السلام فانه
ابو عبدالله عليه السلام بشهرين او اقل وتوفى ابو عبدالله عليه
زراره مريض مات فى مرضه ذلك ﴿ حدثنى ابو عبدالله
الشيعى الوراق ﴾ قال حدثنى على بن محمد بن يزيد القمى
بن محمد بن عيسى عن ابن ابى عمير عن هشام بن سالم
ابن عمير قال دخلت على ابى عبدالله ع فقال كيف تركت
لا يصلى العصر حتى تغيب الشمس فقال فانت
قل له فليصل فى مواقيت اصحابه فاني قد حرقت قال فابلغته
والله اعلم انك لم تكذب عليه ولكن امرنى بشئ فاكره
﴿ حدثنى محمد بن قولويه ﴾ قال حدثنى سعد بن عبدالله
ابو جعفر احمد بن محمد بن عيسى وعلى بن اسمعيل بن عيسى
عمرو بن سعيد بن الزيات عن يحيي بن محمد بن ابى حبيب
الرضا عليه السلام عن افضل ما يتقرب به العبد الى الله من صلوته
وربعون ركعة فرايضه ونوافله فقلت هذه رواية زراره
كان اصدع بحق من زراره ﴿ حدثنى حمدويه ﴾
محمد بن عيسى عن القسم بن عروة عن ابن بكير قال دخل
ابو عبدالله عليه السلام قال انكم قلتم لنا فى الظهر والعصر
وذراعين ثم قلتم ابردوا بها فى الصيف فكيف الابراد بها
ليكتب ما يقول فلم يجبه ابو عبدالله عليه السلام بشئ
فقال انما علينا ان نسئلكم وانتم اعلم بما عليكم وخرج

خ
صرفت

﴿ فی اخوة زراره ﴾

(١٠١)

ولا دین ابائی ﴿ محمد بن احمد ﴾ عن محمد
بن الحکم عن بعض رجاله عن ابی عبدالله علیه السلم
قال متی عهدک بزرارة قال قلت مارایته منذ ایام قال
فلا تعده وان مات فلا تشهد جنازته قال قلت زرارة
زرارة شر من الیهود والنصاری ومن قال ان مع الله
﴾ قال حدثنی یوسف بن السخت ﴿ عن محمد بن
بن ایوب عن میسر قال کنا عند ابی عبدالله علیه
فی جانب الدار علی عنقها قمقم قد نکسته قال فقال
السلام فاذنبی ان الله قد نکس قلب زرارة کما نکست
القمقم ﴿ محمد بن نصیر ﴾ قال حدثنا محمد بن
بن عیسی عن حریز عن محمد الحلبی قال قلت لابی
کیف قلت لی لیس من دینی ولا دین ابائی قال انما
زرارة واشباهه ﴿ فی اخوة زرارة ﴾ حمران و
عبدالرحمن بنی اعین ﴿ حدثنی محمد بن مسعود ﴾
محمد بن نصیر قال حدثنی محمد بن عیسی بن عبید وحدثنی
قال حدثنا محمد بن عیسی بن عبید عن الحسن
قال حدثنی المشائخ ان حمران وزرارة وعبدالملک
بنی اعین کانوا مستقیمین ومات منهم اربعة فی زمان
علیه السلام وکانوا من اصحاب ابی جعفر علیه السلام وبقی
الحسن فلقی ماتی ﴿ حدثنی حمدویه بن نصیر ﴾
یعقوب بن یزید عن الحسن بن علی بن فضال عن ثعلبة بن
رجاله قال قال ربیعة الرای لابی عبدالله علیه السلم
الاخوة الذین یاتونک من العراق ولم ارفی اصحابک خیرا منهم
اولئک اصحاب ابی یعنی ولد اعین ﴿ محمد بن مسلم الطائفی

﴿ فی اخوة زراره ﴾

﴿ محمد بن مسلم الطائفی الثقفی ﴾

اور نہ نری شاعری ہے اس سے یہ مراد ہو سکتی ہے کہ امام نے زرارہ کے متعلق آگاہ کر دیا کہ جس طرح قائلین تثلیث نے دین حق سے منہ موڑ کر تثلیث کا عقیدہ گھڑ لیا اور ایک مخلوق کو گمراہ کیا اسی طرح زرارہ بھی دین اسلام سے منحرف ہو کر ایسے عقائد گھڑے گا کہ ایک دنیا گمراہ ہو جائے گی اور واقعی امام کا خدشہ درست ثابت ہو۔

۳۔ امام جعفر نے فرمایا لعن اللہ زرارہ، لعن اللہ زرارہ، لعن اللہ زرارہ۔

(رجال کشی صنہ ۱۰۱)

یعنی امام جعفر نے تین مرتبہ فرمایا کہ اللہ لعنت کرے زرارہ پر۔

ظاہر ہے کہ جس فقہ کا رئیس اعظم ایسا ہو جس کو امام نے بتاکید ملعون قرار دیا ہو اس فقہ کی ثقاہت، افادیت اور فضیلت کا انکار کون کر سکتا ہے۔

امام تو آخر امام تھے اور امام بقول شیعہ معصوم ہوتا ہے اس لیے معصوم کے قول میں شک کی گنجائش کہاں لہٰذا زرارہ کے ملعون ہونے کا انکار وہی کرے جو امام کا منکر ہو مگر دوسری طرف زرارہ کا ردِ عمل بھی نا قابل التفات نہیں زرارہ کہتا ہے۔

فلما خرجت ضرطت فی لحیتہ فقلت لا یفلح ابدا (رجال کشی صہ ۱۰۶)

"یعنی جب میں باہر نکلا تو میں نے امام کی ڈاڑھی میں پاد مارا اور میں نے کہا کہ امام کبھی نجات نہ پائے گا۔"

مقابلہ بڑا عبرتناک ہے اور ایک طرف سے لعنت برسائی جا رہی ہے دوسری جانب سے عدم نجات کی بشارت سنائی جا رہی ہے دیکھنا یہ ہے کہ جس امام کی ڈاڑھی میں پاد مارنے والا اور جس امام کو نجات نہ پانے کی اطلاع دینے والا اسی امام سے منسوب کر کے دین و فقہ سکھائے تو ایسے دین و فقہ کی حیثیت ارباب دانش ہی سمجھ سکتے ہیں۔

۲۔ ابو بصیر حق الیقین میں زرارہ کے ساتھ گمراہی میں واحد حصہ دار ابو بصیر کو بتایا گیا ہے لہٰذا اسی کے متعلق پہلے بیان ہوتا ہے۔

﴿ زرارة بن اعين ﴾

(١٠٠)

احد فى الاسلام ما احدث زراره من البدع عليه
ابى عبدالله حدثنى حمدويه بن نصير
عيسى عن عمار بن المبارك قال حدثنى الحسن بن كليب
ابيه كليب السيداوى انهم كانوا جلوسا ومعهم غدا
اصحابهم معهم ابوعبدالله عليه السلم قال فابتدأ ابوعبدالله
ذكر لزراره فقال لعن الله زراره لعن الله زراره
مرات محمد بن مسعود قال حدثنى محمد بن
قال خرجت الى فارس وخرج معنا محمد الحلبى الى مكة
الى حين فسالت الحلبى فقلت له اطرقنا بشئ قال نعم
قلت لابى عبدالله عليه السلام ما تقول فى الاستطاعة فقال
ولادين اباثى فقلت الان تلج عن صدرى والله لا
ولا اشيع لهم جنازة ولا اعطيهم شيأ من زكاة مالى
ابوعبدالله عليه السلام جالسا وقال لى كيف قلت
فقال ابوعبدالله عليه السلام كان ابى عليه السلام يقول
حرم الله وجوههم على النار فقلت جعلت فداك و
من دينى ولادين اباثى قال انما اعنى بذلك قول زرارة واشباهه
محمد بن مسعود قال حدثنى جبرئيل بن احمد قال
بن جعفر بن وهب عن على القصير عن بعض رجالة قال
بن اعين وابى الجارود على ابى عبدالله عليه السلام قال
فانهما عجلا المحيا وعجلا الممات حدثنى محمد بن مسعود
حدثنى جبرئيل بن احمد عن موسى بن جعفر عن على
حدثنى رجل عن عمار الساباطى قال نزلت منزلا فى
فاذا انا برجل قائم يصلى صلاة ما رايت احدا صلى مثله
ما رايت احدا دعا بمثله فلما اصبحت نظرت اليه فلم اعرفه

خ
حريز

﴿ زرارة بن اعين ﴾

انه قال هذا المغرب دون المزدلفه فقال له ابوعبدالله عليه
تامرا ما قال ابي هذا قط كذب الحكم على ابي قال نحو
هو يقول ما ارى الحكم كذب على ابيه ﴿ محمد بن يزداد ﴾
محمد بن على الحداد عن مسعدة بن صدقه قال قال ابوعبدالله
قوما يعارون الايمان عارية ثم يسلبونه فقال لهم يوم القيمة
ان زرارة بن اعين منهم ﴿ حمدان بن احمد ﴾ قال حدثنا
بن حكيم عن ابي داود المسترق قال كنت قايد ابي بصير
اصحابنا فقلت له هوذا زرارة في الجنازة فقال اذهب بي الي
به اليه فقال له السلام عليك يا ابا الحسن فرد عليه زرارة السلام
له لوعلمت ان هذا من رأيك لبدانك به قال فقال له ابو
امرت ﴿ يوسف ﴾ قال حدثني على بن احمد بن بقاح عن
زرارة قال سألت اباعبدالله عليه السلام عن التشهد فقال
لااله الا الله وحده لاشريك له واشهد ان محمدا عبده ورسوله
التحيات والصلوات قال التحيات والصلوات فلما خرجت قلت
لاسألنه غدا فسئلته من الغد عن التشهد فقال كمثل ذلك قلت
والصلوات قال التحيات والصلوات قلت القاه بعد يوم لاسألنه
فسألته عن التشهد فقال كمثله قلت التحيات والصلوات قال
والصلوات فلما خرجت ضرطت في لحيته وقلت لايفلح ابدا ﴿
بن الحسين بن قتيبه ﴾ قال حدثني محمد بن احمد عن محمد بن
عن ابراهيم بن عبدالحميد عن الوليد بن صبيح قال مررت
بالمدينة فاذا انسان قد جذبني فالتفت فاذا انا بزرارة فقال لي
لي على صاحبك قال فخرجت من المسجد فدخلت على ابي عبدالله
السلام فاخبرته الخبر فضرب بيده على لحيته ثم قال ابوعبدالله عليه
لا تاذن له لا تاذن له لا تاذن له فان زرارة يريد ني على القدر

السن

فقہ جعفریہ کے مسائل میں یہ شخص بھی رؤساء میں شمار ہوتا ہے اس لیے امام جعفر کے متعلق اس کا عقیدہ معلوم کر لینا کافی ہے۔ (رجال کشی ص۱۱۶)

قال جلس ابو بصیر علی باب ابی عبد اللہ علیہ السلام لیطلب الاذن ولم یوذن لہ فقال لو کان معنا طبق لاذن قال فجاء کلب فشغر فی وجہ ابی بصیر۔

راوی کہتا ہے! ابو بصیر امام جعفر کے دروازے پر بیٹھا تھا اندر جانے کی اجازت چاہتا تھا مگر امام اجازت نہیں دے رہے تھے ابو بصیر کہنے لگا اگر میرے پاس کوئی تھال ہوتا تو اجازت مل جاتی پھر کتا آیا اور اس کے منہ میں پیشاب کر دیا۔

اس سے ظاہر ہے کہ (۱) ابو بصیر کی نگاہ میں امام جعفر بڑے طامع، دنیا پرست تھے۔ رشوت لے کر ملاقات کی اجازت دیتے تھے۔

(۲) ابو بصیر خود اصحاب آئمہ میں اس فضیلت کا مالک تھا کہ دروازے پر پڑا رہے تو اس کو ملاقات کی اجازت ہی نہیں ملتی تھی اہمیت کا کیا کہنا۔

(۳) ابو بصیر چونکہ اندھا تھا کتے کو دیکھ نہ سکا مگر اتنا تو سوچا کہ آنکھیں تو خدا نے بند کی تھیں منہ تو خود بند رکھتا آخر منہ کھول کے لیٹنے میں کون سی حکمت ہے پھر کتا آخر جانور ہے مگر اتنی سمجھ تو اسے بھی تھی کہ پیشاب کرنے کے لیے موزوں جگہ کون سی ہے۔

(۴) یہ اتفاق سمجھئے یا قدرت کی طرف سے انتباہ کہ اس منہ سے گلفشانی کی توقع نہ رکھنا بلکہ جیسا کچھ اس منہ میں داخل ہو رہا ہے ایسی ہی پاکیزہ باتیں اس سے نکلیں گی۔

ظاہر ہے کہ ایسے مقدس منہ سے نکلے ہوئے مسائل کیسے پاکیزہ اور مقدس ہوں گے اور جس امام کے متعلق اس صحابی کی یہ رائے ہے اس سے منسوب کر کے جو مسائل بیان کیے گئے ہوں گے یا گھڑے گئے ہوں گے ان کے ثقہ اور معتبر ہونے میں کس احمق کو شبہ ہو سکتا ہے

﴿ ابی بصیر عبدالله بن محمد الاسدی ﴾

(۱۱۶)

للمراة قال قلت بیدی هکذا وغطا وجهه قال فقال لی لا
﴿ محمد بن مسعود ﴾ قال سالت علی بن الحسن بن
بصیر فقال کان اسمه یحی بن ابی القسم فقال ابوبصیر کان
وکان مولی لبنی اسد وکان مکفوفا فسالته هل یتهم بالغلو
الغلو فلا لم یتهم ولکن کان مخلطاً ﴿ محمد بن مسعود ﴾
حدثنی جبرئیل بن احمد قال محمد بن عیسی عن یونس عن
قال جلس ابوبصیر علی باب ابی عبدالله علیه السلام لیطلب
یؤذن له فقال لو کان معنا طبق لاذن قال فجا کلب فشغر فی
بصیر قال اف اف ماهذا قال جلیسه هذا کلب شغر فی وجهک
بن مسعود ﴾ قال حدثنی علی بن محمد القمی عن محمد بن
احمد بن الحسن عن علی بن الحکم عن مثنی الحناط عن ابی
دخلت علی ابی جعفر علیه السلام فقلت تقدرون ان تحیی الموتی
الاکمه والابرص فقال لی باذن الله ثم قال ادن منی ومسح علی
عینی فابصرت السماء والارض والبیوت فقال لی اتحب ان تکون
ولک ماللناس وعلیک ما علیهم یوم القیمة ام تعود کما کنت
الخالص قلت اعود کما کنت فمسح علی عینی فعدت ﴿ فی

(ابی بصیر عبدالله بن محمد الاسدی)

عبدالله بن محمد الاسدی ﴾ طاهر بن عیسی قال حدثنی
احمد الشجاعی عن محمد بن الحسین عن احمد بن الحسن المیثمی
عبدالله بن وضاح عن ابی بصیر قال سالت اباعبدالله علیه السلام
مسئلة فی القران فغضب وقال انا رجل یحضرنی قریش وغیرهم
تسالنی عن القران فلم ازل اطلب الیه واتضرع حتی رضی وکنت
رجل من اهل المدینه مقبل علیه فقعدت عند باب البیت علی
اذ دخل بشیر الدهان فسلم وجلس عندی وقال لی سله من الامام
فقلت لو رایتنی مما قد خرجت من هیبة لم تقل لی سله فقطع ابو

۳۔ **محمد بن مسلم** اس کا دعویٰ ہے کہ امام باقر سے ۳۰ ہزار حدیثیں سنیں اور امام باقر سے ۱۶ ہزار حدیث کی تعلیم پائی۔ (رجال کشی ص ۱۰۹)

عن مفضل بن عمر قال سمعت اباعبد اللہ یقول لعن اللہ محمد بن مسلم کان یقول ان اللہ لا یعلم شیئا حتی یکون۔ (رجال کشی ص ۱۱۳)

مفضل کہتا ہے میں نے امام جعفر سے سنا فرماتے تھے کہ محمد بن مسلم پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو یہ کہتا تھا کہ جب تک کوئی چیز وجود میں نہ آجائے اللہ کو اس کے متعلق علم نہیں ہوتا۔

اول تو جس آدمی کا عقیدہ اللہ تعالیٰ کے متعلق یہ ہو اس کے تفقہ فی الدین کا طول و عرض آسانی سے معلوم کیا جا سکتا ہے پھر جس کو امام جعفر کی طرف سے اللہ کی لعنت کا تحفہ یا سند ملے اس کی ثقاہت کا حال معلوم یہاں تک یوں لگتا ہے کہ جیسے فقہ جعفریہ کی تیاری میں اس امر کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ ان اصحاب آئمہ کی روایات قبول کی جائیں جن کو آئمہ نے ملعون قرار دیا ہے فرق اتنا ہے کسی کو اکہری لعنت کسی کو لعنت × لعنت × لعنت یعنی (لعنت^۳)، مگر اپنا اپنا ظرف ہے جو جتنے کے قابل ہو اسے اتنا ہی ملتا ہے۔

علامہ مجلسی نے جن تین اصحاب آئمہ کو سرفہرست رکھا ہے ان کے حالات سے اندازہ کر لیا جا سکتا ہے کہ جب اکابر کا یہ حال ہے تو اصاغر کس پائے کے ہوں گے۔

اب ذرا ان اصحاب میں سے بھی ایک معروف شخصیت کا تعارف کرا دیا جائے جن کا علامہ مجلسی نے ذکر نہیں کیا مگر ہیں وہ بھی چوٹی کے اصحاب۔

۱۔ **جابر بن یزید** محمد بن مسلم کا دعویٰ تو آپ نے پڑھ لیا کہ امام باقر سے تیس ہزار احادیث لی تھیں یہ صاحب ان کے بھی استاد نکلے ان کا دعویٰ ملاحظہ ہو۔

رجال کشی ص ۱۲۸

عن جابر بن یزید الجعفی قال حدثنی ابوجعفر بسبعین الف حدیث

في ابي بصير ليث بن البختري المرادي

(١١٣)

ابن ... بن احمد عن محمد بن عيسى عن علي بن الحكم عن ... عن عامر بن عبدالله بن جذاعه قال قلت لابي عبدالله ... اتى تقول بقول زرارة و محمد بن مسلم في الاستطاعة ... ولراى والقول لهما انهما ليس بشيء في ولا بيّ ... انى فحدثتها فرجعت عن هذا القول ‹ حدثني ... › قال حدثني جبرئيل بن احمد عن محمد بن عيسى ... يونس عن ابي الصباح قال سمعت اباعبدالله عليه السلم ... هلك المتريسون في اديانهم منهم زرارة وبريد ومحمد ... اسمعيل الجعفي و ذكر آخر لم احفظ ‹ حدثني محمد بن ... › قال حدثني جبرئيل بن احمد عن محمد بن عيسى عن يونس ... بن سليس وعدة عن مفضل بن عمر قال سمعت اباعبدالله ... يقول لعن الله محمد بن مسلم كان يقول ان الله لايعلم الشيء ...

في ابي بصير ليث بن البختري المرادي ‹ روى عن ... › قال خرجت الى السواد اطلب دراهم للحج ونحن جماعة ... ابو بصير المرادي قال قلت له يا با بصير اتق الله وحج بمالك ... كثير فقال اسكت فلو ان الدنيا وقعت لصاحبك لاشتمل ...

‹ حدثني حمدويه بن نصير › قال حدثنا يعقوب بن ... بن محمد بن ابي عمير عن جميل بن دراج قال سمعت اباعبدالله ... السلام يقول بشر المخبتين بالجنه بريد بن معوية العجلي وابا ... ابي البختري المرادي ومحمد بن مسلم وزرارة اربعة نجباء ... على حلاله وحرامه لولا هؤلاء انقطعت اثار النبوه واندرست ...

‹ حدثني محمد بن قولويه › قال حدثني سعد بن عبدالله القمي عن ... صاحبه المسمعي عن علي بن اسباط عن محمد بن سنان عن داود ... قال سمعت اباعبدالله عليه السلم يقول اني لاحدث الرجل

(في ابي بصير ليث بن البختري المرادي)

خ بكتابه

خ ابو

﴿ جابر بن يزيد الجعفي ﴾

(١٢٨)

فقال لي يا ذريح دع ذكر جابر فان السفلة اذا سمعوا شنعوا او قال اذا عوا ﴿جبرئيل بن احمد﴾ الفاريابي محمد بن عيسى العبيدي عن علي بن حسان الهاشمي قال حدثنا ... بن كثير عن جابر بن يزيد قال قال ابو جعفر عليه السلام حديثنا صعب مستصعب امرد ذكوان وعر اجرد لا يحتمله ... مرسل او ملك مقرب او مؤمن ممتحن فاذا ورد عليك يا جابر امرنا فلان له قلبك فاحمد الله وان انكرته فرده الينا اهل البيت ولا تقل كيف جاء هذا او كيف كان وكيف هو فان هذا والله الشرك بالله العظيم ﴿علي بن محمد﴾ قال حدثني محمد بن احمد بن يزيد عن عمرو بن عثمن عن ابي جميله عن جابر قال رويت خمسين الف حديثا ما سمعه احد مني ﴿جبرئيل بن احمد﴾ حدثني محمد بن عيسى عن اسمعيل بن مهران عن ابي جميلة المفضل بن صالح عن جابر بن يزيد الجعفي قال حدثني ابو جعفر عليه السلام بسبعين الف حديث لم احدثها احدا قط ولا احدث بها احدا ابدا قال جابر فقلت لابي جعفر عليه السلام جعلت فداك انك قد حملتني وقرا عظيما بما حدثتني به من سركم الذي لا احدث به احدا فربما جاش في صدري حتى ياخذني منه شبه الجنون قال يا جابر فاذا كان ذلك فاخرج الى الجبان فاحفر حفيرة ودل راسك فيها ثم قل حدثني محمد بن علي بكذا وكذا ﴿... بن الصباح﴾ قال حدثنا ابو يعقوب اسحق بن محمد البصري قال حدثني ... بن عبد الله قال خرج جابر ذات يوم وعلى راسه قوصرة راكبا قصبة حتى مر على سكك الكوفه فجعل الناس يقولون جن جابر جن جابر فلبثنا بعد ذلك اياما فاذا كتاب هشام قد جاء بحمله اليه قال فسال عنه الامير فشهدوا عنده انه قد اختلط وكتب بذلك الى هشام فلم يعرض له ثم رجع الى ما كان من حاله الاولى ﴿نصر بن الصباح﴾ قال حدثنا

جابر کہتا ہے کہ میں نے امام باقر سے ستر ہزار حدیث تعلیم پائی ہے۔
اِس سے تو ظاہر ہوتا ہے کہ اس کا علمی مرتبہ محمد بن مسلم سے دو چند سے بھی زیادہ ہے اب اسی فضیلت مآب کی دیانت و امانت کا حال سنیئے۔

رجال کشی ص۱۲۶

عن زرارہ قال سئلت اباعبد اللہ عن حدیث جابر فقال مارأیته عند ابی قط الامرۃ واحدۃ وما دخل علی قط

زرارہ کہتا ہے میں نے امام جعفر سے جابر کی احادیث کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ یہ میرے والد سے صرف ایک مرتبہ ملا اور میرے پاس تو کبھی آیا ہی نہیں
یہ بات رئیس اعظم زرارہ بیان کر رہا ہے نہ جانے اسے اس کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی ممکن ہے اس کا ستر ہزار احادیث کا دعویٰ سن لیا ہو گا۔ تو اسے تعجب، حسرت یا رشک پیدا ہوا ہو گا مگر جواب جو ملا اس سے زرارہ کی تشفی تو شاید ہو گئی ہو مگر امام کے بیان نے تو عجائبات کا ایک باب کھول دیا۔ مثلاً

۱۔ ایک ملاقات میں امام نے ستر ہزار حدیثیں تعلیم فرما دیں یعنی اگر ایک منٹ فی حدیث شمار کیا جائے تو ۱۱۶۶ گھنٹے بنتے ہیں یعنی ۴۸ دن سے کچھ زیادہ وقت بنتا ہے سوال یہ ہے کہ کیا اتنی لمبی نشست کا تصور کیا جا سکتا ہے۔

۲۔ اگر جابر صرف حدیثیں سنتا رہا تو اس کے حافظہ کا کمال ہے کہ ایک دفعہ سن کر ستر ہزار حدیث یاد کر لی۔

۳۔ اگر یہ محال نظر آتا ہے تو پھر وہ ساتھ ساتھ لکھتا رہا اگر یہ صورت فرض کر لی جائے تو وقت کو اور بڑھانا پڑے گا۔ دو چند سے کم کیا ہو سکتا ہے گویا یہ ایک ملاقات تین مہینے سے بھی تجاوز کر گئی اگر یہ نہ مانا جائے تو او صورت

(۱۲۶)

لکی لا یعطش یوم القیمة فقال ابو حنیفه مکذوب علینا و...
روی فیه من الذم حدثنی محمد بن مسعود قال حدثنی
القمی قال حدثنی احمد بن محمد بن عیسی عن علی بن الحکم
بن عثمن قال دخلت علی ابی عبدالله علیه السلام فی جماعة
فلما اجلسنی قال ما فعل صاحب الطاق قال قلت صالح قال
انه جدل وانه یتکلم فی هم قدر قلت اجل هو جدل قال
طریف من مخاصمیه ان یخصمه فعل قلت کیف ذاک فقال
عن کلامک هذا من کلام امامک فان قال نعم کذب علیه وان
قال له کیف یتکلم بکلام لم یتکلم به امامک ثم قال انتم تتکلمون
انی انا اقررت به ورضیت به اقمت علی الضلاله وان برئت منهم
نحن قلیل وعدونا کثیر قلت جعلت فداک فابلغه عنک ذلک
قد دخلوا فی امر مایمنعهم عن الرجوع عنه الا الحمیة قال فابلغت
الاحول ذاک فقال صدق بابی وامی مایمنعنی من الرجوع عنه
علی قال حدثنا محمد بن احمد عن محمد بن عیسی
بن عبید عن احمد بن النضر عن المفضل بن عمر قال قال لی
علیه السلم ایت الاحول فمره لا تتکلم فاتیته فی منزله فاشرف
له یقول لک ابو عبدالله علیه السلام لاتکلم قال فاخاف الا...
جابر بن یزید الجعفی حدثنی حمدویه وابرهیم ابنا نصیر
محمد بن عیسی عن علی بن الحکم عن ابن بکیر عن زرارة
اباعبدالله علیه السلام عن احادیث جابر فقال ما رایته عند
الا مرة واحدة وما دخل علی قط حمدویه وابرهیم
حدثنا محمد بن عیسی عن علی بن الحکم عن زیاد بن ابی
اختلف اصحابنا فی احادیث جابر الجعفی فقلت انا اسال ابا عبدالله علیه
السلام فلما دخلت ابتدأنی فقال رحم الله جابر الجعفی کان یصدق

خ
تیم بدو

خ
تتکلم

(جابر بن یزید
الجعفی)

کوئی نہیں کیونکہ اس زمانے میں شارٹ ہینڈ کے رواج کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔

۴۔ اگر جابر کا دعویٰ تسلیم کیا جائے تو سب سے پہلے عقل اسے تسلیم نہیں کرتی اور اس سے بڑی بات یہ ہے کہ امام کو جھوٹا تسلیم کرنا پڑتا ہے۔

۵۔ اگر امام کو سچا تسلیم کریں جیسا کہ ضروری ہے تو جابر کو پرلے درجے کا جھوٹا ماننا پڑتا ہے اور اس کے بغیر چارہ نہیں۔

۶۔ اگر جابر کو بددیانت جھوٹا اور جعلساز تسلیم کیا جائے تو فقہ جعفریہ کے پلے کچھ نہیں رہتا۔

اصحاب آئمہ میں سے کچھ حق الیقین میں مذکور کچھ غیر مذکور کے حالات نمونہ کے طور پر شیعہ کی کتب رجال میں سے پیش کیے گئے۔

اب ذرا اس معاملے کو ایک اور زاویئے سے دیکھیے۔

۱۔ علامہ مجلسی نے تو فرما دیا کہ "یہ کثیر جماعت تھی جو سب شیعوں کے رئیس تھے" مگر آئمہ کا بیان اس سے مختلف ہے مثلاً

اصول کافی ص۴۹۶ امام جعفر کا بیان ہے۔

"اے ابو بصیر اگر تم میں سے (جو شیعہ ہو) تین مومن مجھے مل جاتے جو میری حدیث ظاہر نہ کرتے تو میں ان سے اپنی حدیثیں نہ چھپاتا۔"

یہ بیان کیا ہے حقائق کا ایک بحر ناپیدا کنار ہے۔ پہلی بات یہ ہے کہ امام جعفر کو عمر بھر میں تین مومن بھی نہ ملے دوسری بات یہ ہے، وہ مومنوں کی فوج نہیں کھڑی کرنی چاہتے تھے بلکہ اپنے علوم اور اپنی حدیثیں سنانا چاہتے تھے۔

تیسری بات یہ ہے کہ جب انہیں تین مومن نہ مل سکے تو انہوں نے اپنی حدیثیں کسی کو نہیں سنائیں جس سے منطقی طور پر یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ یہ کافی، استبصار، تہذیب اور من لایحضرہ الفقیہہ کی صورت میں ہزاروں حدیثیں جو امام جعفر سے منسوب ہیں وہ ان سے

بیزاری کا اعلان کر رہے ہیں اور یہ سب جھوٹ، بناوٹی ذخیرہ ہے۔

چوتھی بات اگر اس کا نتیجہ یہی ہے اور دوسرا کوئی ہو نہیں سکتا تو فقہ جعفری کی قدر و قیمت تو امام نے خود متعین کر دی۔

پانچویں بات یہ ہے کہ امام کا مقصد صرف کسی محرم راز کو حدیثیں سنانا تھا۔ حدیثیں پھیلانا مطلوب نہیں تھا اس لیے فرمایا ان تین مطلوبہ مومنوں کی صفت بیان کی جو میری حدیثیں ظاہر نہ کرتے"۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ امام کی حدیثیں ظاہر کرنے کی چیز نہیں چھپا کر رہنے کی چیز ہے تو پھر فقہ جعفریہ کو برسر منبر اور برسر دار لانے کے جتن کیوں ہو رہے ہیں یہ تو امام کی مخالفت کی تحریک ہے ان کے خلاف ایجی ٹیشن ہے یہ تو سٹرائیک ہے۔

امام جعفر نے اس سے آگے ایک قدم اور بڑھا کے فرمایا۔

"میں نے کوئی ایسا آدمی نہیں پایا جو میری وصیت قبول کرتا اور میری اطاعت کرتا سوائے عبداللہ بن یعفور کے"۔ (رجال کشی ص ۱۶۰)

لیجیے امام نے ایک اور گتھی سلجھا دی۔

۱۔ امام جعفر کوئی شاعری نہیں کر رہے کہ شاعری کی ساری روش ہی مبالغہ سے ہوتی ہے بلکہ وہ تو حقیقت بیان کر رہے ہیں۔

۲۔ جب امام جعفر کی ذات موجود تھی ان کی اطاعت کرنے والا صرف ایک مرد میدان نظر آتا ہے تو آج امام جعفر کی طرف منسوب فقہ جعفریہ پر عمل کرانے اور اسے نافذ کرانے کی کیا مجبوری ہے۔

۳۔ اطاعت شعار صرف ایک ہے تو یہی قابل اعتماد بھی ہو گا۔ اس لیے دین کی روایت جو اس سے چلے وہی معتبر ہو گی اس صورت میں دین شیعہ کا سارا محل خبر واحد پر استوار ہو گا مگر اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ بھی اپنے بھائیوں سے کچھ مختلف نہیں بلکہ بات وہی ہے۔

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ ۴۶۰ھ تک فقہ جعفریہ کی کوئی کتاب مدون نہیں ہوئی تھی ہاں احادیث کی یہ چار کتب وجود میں آگئی تھیں مگر ان میں جو روایات درج ہیں وہ اکثر ان اصحاب آئمہ سے مروی ہیں جن کو آئمہ نے گمراہ ملعون یہود و نصاریٰ سے بھی بدتر مخلوق قرار دیا لہٰذا آئمہ کے بیان کے مطابق ان کتابوں کی روایات قابل اعتماد نہیں۔

پانچویں صدی ہجری میں مصنف تہذیب الاحکام اور استبصار کے بعد فقہ جعفریہ کے کام میں کوئی پیشرفت نہیں ہوئی اور ان کتابوں کی عام اشاعت بھی نہ ہوئی اور زیر زمین ہی کام ہوتا رہا۔ دین شیعہ تو سراسر راز اور اخفا کی چیز ہے اگر کسی وقت کسی نے اس عقیدہ کو عام کرنے کی کوشش کی تو اسے سرزنش کی گئی۔ جیسا کہ

اصول کافی ص ۳۴۰

قال ابو جعفر ولایته الله اسرها الی جبرئیل واسرها جبرائیل الی محمد صلی الله علیه وسلم واسرها محمد الی علی واسرها علی الی من شاء ثم انتم تذیعون ذالك

امام ابو باقر نے فرمایا۔ اللہ تعالےٰ نے ولایت کا راز جبرائیل کو راز میں بتایا جبرائیل نے یہ راز محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مخفی طور پر بتایا حضورؐ نے یہ راز حضرت علی کو کان میں بتایا پھر حضرت علی نے جسے چاہا بتایا مگر تم لوگ اسے ظاہر کرتے پھرتے ہو۔

گویا ولایت و امامت کا عقیدہ ہی راز کی چیز ہے اور شیعہ مذہب کی جان یہی عقیدہ تو ہے۔ لہٰذا اسے ظاہر کرنا امام کو ناراض کرنے کے مترادف ہے۔

آخر آٹھویں صدی ہجری میں ایک مجاہد اٹھا اس نے فقہ جعفریہ کی پہلی کتاب صحیح فقہی طرز پر لکھی۔ اس فقیہہ کا نام محمد جمال الدین مکی ہے اور اس کتاب کا نام لمعہ دمشقیہ ہے اس سلسلے میں چونکہ یہ پہلی کوشش تھی اس لیے اس کی پذیرائی اور قدر افزائی

صاحِبِ هٰذَا الأَمْرِ ، قالَ أبُوجَعْفَرٍ عليه السلام : وَلايَةُ اللهِ أَسَرَّهَا إِلَىٰ جَبْرَئِيلَ عليه السلام وَأَسَرَّهَا جَبْرَئِيلُ إِلَىٰ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله وَأَسَرَّهَا مُحَمَّدٌ إِلَىٰ عَلِيٍّ عليه السلام وَأَسَرَّهَا عَلِيٌّ إِلَىٰ مَنْ شاءَ اللهُ، ثُمَّ أَنْتُمْ تُذِيعُونَ ذٰلِكَ،مَنِ الَّذِي أَمْسَكَ حَرْفاً سَمِعَهُ ؟ قالَ أبُوجَعْفَرٍ عليه السلام : فِي حِكْمَةِ آلِ داوُدَ : يَنْبَغِي لِلْمُسْلِمِ أَنْ يَكُونَ مالِكاً لِنَفْسِهِ مُقْبِلاً عَلَىٰ شَأْنِهِ عارِفاً بِأَهْلِ زَمانِهِ ، فَاتَّقُوا اللهَ وَلاتُذِيعُوا حَدِيثَنا ، فَلَوْلاأَنَّ اللهَ يُدافِعُ عَنْ أَوْلِيائِهِ وَيَنْتَقِمُ لِأَوْلِيائِهِ مِنْ أَعْدائِهِ ، أَمارَأَيْتَ ماصَنَعَ اللهُ بِآلِ بَرْمَكَ وَمَاانْتَقَمَ اللهُ لِأَبِي الْحَسَنِ عليه السلام وَقَدْ كانَ بَنُو الأَشْعَثِ عَلَىٰ خَطَرٍ عَظِيمٍ فَدَفَعَ اللهُ عَنْهُمْ بِوَلايَتِهِمْ لِأَبِي الْحَسَنِ عليه السلام وَأَنْتُمْ بِالْعِراقِ تَرَوْنَ أَعْمالَ هٰؤُلاءِ الْفَراعِنَةِ وَماأَمْهَلَ اللهُ لَهُمْ فَعَلَيْكُمْ بِتَقْوَى اللهِ ؛ وَلاتَغُرَّنَّكُمُ [الْحَياةُ] الدُّنْيا، وَتَغْتَرُّوا بِمَنْ قَدْ أُمْهِلَ لَهُ ، فَكَأَنَّ الأَمْرَ قَدْ وَصَلَ إِلَيْكُمْ .

امام باقر(ع) فرمود ـ ولایت خدااست که آنرا رازی بجبرئیل سپرده وجبرئیل رازی بمحمد سپرده و محمد رازی بعلی سپرده وعلی رازی بهر که خدا خواسته سپرده ، سپس شما آنرا فاش میکنید ، کیست که سخنی را بشنود وآنرا نگهدارد، امام باقر(ع) فرموده است، درحکمت آل داود استکه شایسته است برای مسلمان که خوددار باشد و بکار خوداندرشود ومردم‌زمان خودرا بشناسد،ازخدا به پرهیزید وحدیث‌ما را فاش نکنید پس اگر نبود که خدا ازاولیاء خود دفاع میکند و برای دوستانش از دشمنانش انتقام میکشد (رشته امامت گسسته میشد) آیا ندیدی، که خدا باخاندان برمك چه کرد و خدا چه‌انتقامی برای امام‌کاظم (ع) گرفت ومحققاً بنی‌اشعث در خطر بزرگی بودند وخدابواسطه دوستی آنها باامام کاظم (ع) خطررا ازآنها دفع کرد، شما درعراق بچشم خود کرداد این فرعون‌هارا می‌بینید وملاحظه میکنید خدا چه‌مهلتی بآنهاداده برشما بادبتقوی از برای‌خدا، مبادا دنیاشمارا بفریبد وگول نخورید بوضع کسانیکه خداوند بآن‌ها مهلتی داده، پس گویا کارحکومت بدست شما افتاده است .

شرح ـ ازمجلسی ره ـ «اما رأیت من‌صنع الله بآل‌برمك» من گویم دولت وشوکت برمکی‌ها و زوالش درتاریخ معروف‌است وسببش طبق روایت صدوق ره درعیون اینستکه باعث گرفتاری‌امام‌کاظم وزندانی شدن آن‌حضرت دربغداد شدند، گوید هرون‌الرشید میخواست پسرش محمدرا جانشین خود کند ، او چهارده پسرداشت و از میان آنها سه تن را برگزید ، محمد امین که او را ولیعهد اول خودساخت و عبدالله مأمون که ولیعهد بعداز اونمود وقاسم مؤتمن راپس ازمأمون ولیعهدخود ساخت وبرای شهرت وتحکیم این‌کار درسال ۱۷۹ قصدحج کرد وهمه فقهاء وعلماء و قراء و امراء کشور اسلامیرا برای شرکت درحج دعوت کرد وخود ازراه مدینه بمکه‌رفت؛ علی‌بن محمدنوفلی گویدسبب سعایت یحیی‌بن خالد ازموسی بن‌جعفر این بود-که هرون‌الرشید پسرش محمد‌بزاد زبیده‌رابسرپرستی جعفربن محمداشعث واولادش سپرده بود و بریحیی ناگوار بود. و میگفت اگر هرون بمیرد کاربدست محمد افتد ودولت من وفرزندانم ازمیان برود واو میدانست جعفربن اشعث‌شیعه‌است وخودراهم مذهب او وانمود کرد واوهم شادشد واسرار خودرا باو گفت وعقیده خودرا درباره موسی‌بن جعفر باو اظهار کرد وچون بمذهب اوواقف شد ازاو نزدرشید سعایت کرد ورشید هم ازنظر خدمتیکه خود جعفر و پدرش بخلافت کرده بودند رعایت اورا میکرد ودرباره او تردیدداشت ویحیی پیوسته ازاو بدمی گفت

ہونی ایک فطری بات ہے۔ مگر حالات اس کے برعکس نظر آتے ہیں اسے واجب القتل قرار دے کر قتل کر دیا گیا۔ ظاہر ہے کہ اس کی وجہ اس کتاب کی تصنیف ہی ہو سکتی ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کتاب کوئی علمی یا دینی خدمت نہیں سمجھی گئی بلکہ اس کے الٹ ہی کچھ سمجھا گیا اب اس کا نام جو چاہو رکھ لو۔ مگر جعفریہ نے اسے شہید اوّل کا لقب دیا۔

اِس کے قتل سے عوام میں فقہ جعفریہ کی قدر و قیمت کا ایک معیار تو قائم ہو گیا پھر حسبِ سابق جعفریہ زیرِ زمین ہی کام کرنے لگے رفتہ رفتہ دسویں صدی ہجری میں ایک اور مجاہد اٹھا اور اس نے فقہ جعفریہ کو عام فہم کرنے اور اسے پھیلانے کے لیے لمعہ دمشقیہ کی شرح روضۃ البھیہ کے نام سے لکھی اس کا نام علامہ زین الدین ہے جب متن لکھنے والا واجب القتل قرار دیا گیا تو اس کی شرح لکھنے والے کو کون سی جاگیر ملنی تھی چنانچہ اسے بھی واجب القتل قرار دے کر قتل کر دیا گیا۔ اور جعفریہ نے بھی حسبِ عادت اس کو شہید ثانی کا لقب دیا۔ فقہ جعفریہ کا علمی سرمایہ یہی کچھ ہے۔ ان کتابوں پر ممکن ہے انفرادی طور پر کوئی نیک شیعہ عمل کرتے ہوں مگر اجتماعی طور پر کسی حکومت نے اس فقہ کو قابل سرپرستی اور قابلِ نفوذ نہ سمجھا۔

لما ذكر تعالى الحكم فيمن اخذ المال جهارا عقبه ببيان الحكم فيمن اخذ المال اسرارا فقال (والسارق و السارقة) والالف واللام للجنس فالمعنى كل من سرق رجلا كان او امرأة وبدأ بالسارق هنا لان الغالب وجود السرقة فى الرجال وبدأ فى آية الزنا بالنساء فقال الزانية والزانى لان الغالب وجود ذلك فى النساء (فاقطعوا ايديهما) اى ايمانهما عن ابن عباس والحسن والسدى و عامة التابعين قال ابو على فى تخطى المسلمين الى قطع الرجل اليسرى بعد قطع اليد اليمنى و تركهم قطع اليد اليسرى دلالة على ان اليد اليسرى لم ترد بقوله فاقطعوا ايديهما الاترى انها لو اريدت بذلك لم يكونوا ليدعوا نص القرآن الى غيره وهذا يدل على ان جمع اليد فى هذه الآية على حد جمع القلب فى قوله فقد صغت قلوبكما و دلت قراءة عبد الله بن مسعود على ان المراد بالايدى الايمان قال العلماء ان هذه الآية مجملة فى ايجاب القطع على السارق و بيان ذلك مأخوذ من السنة واختلف فى القدر الذى يقطع به يد السارق فقال اصحابنا يقطع فى ربع دينار فصاعداً وهو مذهب الشافعى والاوزاعى و ابى ثور ورووا عن عائشة عن النبى صلى الله عليه وآله وسلم انه قال لاتقطع يد السارق الا فى ربع دينار فصاعدا وذهب ابو حنيفة و اصحابه انه يقطع فى عشرة دراهم فصاعدا و احتجوا بما روى عن عطا عن ابن عباس أن ادنى ما يقطع فيه ثمن المجن قال وكان ثمن المجن على عهد رسول الله عشرة دراهم وذهب مالك انه يقطع فى ثلاثة دراهم فصاعداً و روى عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قطع سارقا فى ثمن مجن ثلاثة دراهم و قال بعضهم لاتقطع الخمس الا فى خمسة دراهم و اختاره ابو على الجبائى وقال لانه بمنزلة من منع خمسة دراهم من الزكوة فى انه فاسق وقال بعضهم تقطع يد السارق فى القليل و الكثير و اليه ذهب الخوارج واحتجوا بعموم الآية وبما روى عن النبى صلى الله عليه وآله وسلم انه قال لعن الله السارق يسرق البيضة فتقطع يده ويسرق الحبل فتقطع يده وهذا الخبر قد طعن اصحاب الحديث فى سنده و ذكر ايضا فى تأويله ان المراد بالبيضة بيضة الحديد التى تغفر

(١) فتخالسا اى خلس كل منها نفس صاحبه والبيت لابى ذؤيب الهذلى من قصيدة له فى رثاء بنيه ومن هذه القصيدة قوله واذا المنية انشبت اظفارها والنوافذ الجروح النافذة والعبط جمع العبيط وهو الشق والمراد من الشقوق التى لاترقع نظير شق الجيب و اطراف الكم و الذيول فانها لمصلحة الثوب ولا يرقع بعد الشق (٢) قبله ومهمهين قذفين مرتين وبعده جبتهما بالنعت لا بالنعتين اى وصف لى مرة واحدة شبه المهمه بالترس فى عدم النبت والاعلام

کاٹنے کا حکم دیا۔ اور عورتوں میں مرہ بنت سفیان کا حضرت ابوبکر نے
ہار چرانے والے چور کا دایاں ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا تھا۔ اور حضرت عمر
نے ابن سمرہ کا ہاتھ کاٹا تھا۔

(۲) سنن الکبریٰ بیہقی ۸، ۲۷۱ کتاب السرقہ

عن رجاء بن حیوۃ عن عدی ان النبی صلّی اللہ علیہ
وسلم قطع ید سارق من المفصل

رجاء، عدی سے روایت کرتے ہیں کہ نبیؐ کریمؐ نے چور کا ہاتھ جوڑ سے کاٹا

(ii) عن ابن جریج عن ابی الزبیر عن جابر مثلہ یعنی قطع ید سارق
من المفصل

جابر سے بھی اسی طرح کی روایت ہے۔

(iii) عن عبد اللہ بن عمرو قال کان عمر بن الخطاب یقطع
الساتد من المفصل۔

عبد اللہ بن عمرو کہتے ہیں کہ حضرت عمر بھی چور کا ہاتھ جوڑ سے کاٹا کرتے تھے

(vi) عن سلمہ عن تجیہ بن عدی ان علیا قطع اید یھم
من المفصل وحسمھا فکانی انظر الی اید یھم ۔

عدی کہتے ہیں کہ حضرت علی نے چوروں کے ہاتھ مفصل سے کاٹے اور
ڈم لگایا گویا میں ان کے ہاتھوں کو دیکھ رہا ہوں۔

(۳) عن مغیرہ عن الشعبی ان علیا کان یقطع الرجل
ویدع العقب تمد علیھا فکان علیا یفرق بین الید
والرجل فیقطع الید من المفصل ویقطع الرجل من شطر
القدم نحن نقول بقول غیرہ من اصحابہ فی التسویۃ

بینهما وهو قول الکافہ

مغیرہ شعبی سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی پاؤں کاٹتے تو اس کا عقب چھوڑ دیتے تھے کہ وُہ ایڑی ٹیک سکے۔ گویا حضرت علی ہاتھ اور پاؤں کاٹنے میں فرق کرتے۔ ہاتھ تو جوڑ سے کاٹتے اور پاؤں میں ایڑی چھوڑ دیتے اور ہمارا فتوےٰ دوسرے تمام صحابہ کے اتفاق عمل پر ہے یہی تمام دُنیا کے علما کا اجتماعی فتویٰ ہے۔

اگر یہ قول صحیح ہے تو حضرت علی کا عمل چونکہ فعل رسولؐ کے خلاف ہے لہٰذا ترک کیا جائے۔

(۴) بخاری معہ فتح الباری کتاب الحدود ۱۲ : ۹۷

وقطع علی من الکف ووقع فی بعض النسخ البخاری و قطع علی الکف بدون علمة من۔

(۵) مغنی ابن قدامہ ۸ : ۲۵۹

لاخلاف بین اهل العلم ان السارق اول ما یقطع منه یده الیمنی من مفصل الکف وهو الکوع وقد روی عن ابی بکر الصدیق وعمر رضی الله عنهما انهما قالا اذا سرق السارق فاقطعوا یمینه من الکوع ولا مخالف لهما من الصحابة ولان البطش بها اقوی فکانت البدایة بها اردع ولانها آلة السرقة فناسب عقوبته باعدام آلتها وهو قول جماعة فقهاء الامصار من اهل الفقه والاثر من الصحابة والتابعین من بعدهم وهو قول ابی بکر وعمر رضی الله عنهما

علما میں چور کا پہلے دایاں ہاتھ جوڑ سے کاٹنے میں کوئی اختلاف نہیں جوڑ
وہی جسے کوع کہتے ہیں صدیقؓ و فاروقؓ سے روایت آئی ہے کہ فرمایا
جب چور چوری کرے تو اس کا دایاں ہاتھ مفصل (گٹے) سے کاٹا جائے
کوئی صحابیؓ اس سے اختلاف نہیں رکھتا تھا۔ چیز چرانے میں ہاتھ کی
قوت اور گرفت کام کرتی ہے یہ چوری کا آلہ ہے لہٰذا یہی مناسب ہے
کہ ہاتھ کو کاٹا جائے کہ اس کے پاس چوری کا آلہ نہ رہے تمام فقہا کا
اور صحابہ کا یہی فتویٰ ہے پھر تابعین اور تبع تابعین کا بھی یہی قول ہے
اور یہی قول ابوبکر صدیقؓ اور عمر فاروقؓ کا بھی ہے۔

(۶) بخاری مع فتح الباری کتاب الحدود

وقطع علیؓ من الکف ووقع فی بعض النسخ البخاری
وقطع علی الکف بدون کلمۃ "من"

اور حضرت علی نے چور کا ہاتھ کاٹا کف سے اور بعض نسخوں میں ہے کف
پر اس میں "من" کا کلمہ نہیں ہے۔

لفظ 'علی' یا 'من' سے کوئی فرق نہیں پڑتا چونکہ (ید) کا لفظ انگلیوں کے پوروں
سے لے کر بغل تک کے لیے بولا جاتا ہے اور مرفق یعنی کہنی تک بھی بولا جاتا ہے۔ اگر
"من" مذکور ہوا تو معنی یہ ہوں گے کہ اس ہاتھ سے کاٹا جائے جو انگلیوں سے بغل تک ہے
تو مراد اس مفصل تک کاٹنا ہو گا جسے رسغ کہتے ہیں۔

لفظ (من) حذف ہو تو ظاہر ہے کہ حضرت علیؓ نے مفصل رسغ سے کاٹنا ثابت
بعد صدیقؓ و فاروقؓ کا بھی یہی فعل ہے اور تمام صحابہؓ کا اس پر اتفاق ہے اور تمام صحابہؓ
میں حضرت علیؓ بھی شامل ہیں۔ لہٰذا حضرت علیؓ بھی فعل رسولؐ کے مخالف نہیں ہو سکتے اس
پر پوری امت کا اجماع ہے جہاں کہیں بھی اسلامی فقہ رائج رہی اسی پر عمل ہوتا رہا

چنانچہ البدایہ والصنائع ۲: ۸۸ پر بیان ہوا ہے۔

(۱) اما الموضع الذی یقطع من الید الیمنی فھو مفصل الزند عند عامۃ العلماء

بہرحال دایاں ہاتھ کاٹنے کی جگہ مفصل زند ہے۔

(ii) والصحیح قولنا لما روی انہ صلی اللہ علیہ وسلم قطع ید السارق من مفصل الزند وکان فعلہ صلی اللہ علیہ وسلم بیانا للمراد من الآیۃ الشریفۃ کانہ نص سبحانہ وتعالی فاقطعوا ایدیھما من مفصل الزند وعلیہ عمل الامۃ من لدن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی یومنا ھذا

اہل السنت کا قول اس بناء پر صحیح ہے کہ حضورؐ نے چور کا ہاتھ مفصل زند سے کاٹا اور حضورؐ کا یہ فعل آیت کے مراد کا بیان ہے گویا اللہ تعالٰے نے نص فرما دی کہ چور کا ہاتھ مفصل زند سے کاٹو اور حضورؐ کے عہد سے لے کر اب تک اسی پر عمل ہے۔

(۲) پھر تبیین الحقائق ۲۲۴

ولنا ما روی انہ صلی اللہ علیہ وسلم امر بقطع ید السارق من الرسغ

ہمارے حق میں روایت بھی موجود ہے۔ حضور نے چور کا ہاتھ رسغ سے کاٹنے کا حکم دیا تھا۔

ولان کل من قطع من الائمۃ من الرسغ فصار اجماعا فعلا فلا یجوز خلافہ

اور تمام حکام وقت رسغ سے ہی ہاتھ کاٹتے رہے ہیں ان کا یہ فعل فعلی

اجماع ہے جس کی مخالفت جائز نہیں۔

(۳) فتح الباری ۱۲، ۸۰

وجاء عن علی انه قطع الید من الاصابع والرجل من مشط القدم اخرجه عبد الرزاق عن معمر عن قتاده وهو منقطع ورد بانه لا یسمی مقطوع الاصابع۔

حضرت علی سے مذکور ہے کہ انہوں نے ہاتھ کی انگلیاں کاٹی تھیں اور پاؤں ایڑی چھوڑ کر یہ روایت مقطوع السند ہے۔
پھر یہ قول اس بناء پر رد کیا گیا ہے کہ ایسے شخص کو لغت یا عرف کے لحاظ سے مقطوع الاصابع کہتے ہیں۔

(۴) فتح الباری ۱۲، ۸۰

واما الاثر عن علی فوصله الدارقطنی من طریق حجیة بن عدی ان علیا قطع من المفصل واخرج ابن ابی شیبة من مرسل رجاء بن حیوة ان النبی صلی الله علیه وسلم قطع من المفصل واورده ابو الشیخ فی کتاب حد السرقة من وجه اخر عن رجال عن عدی دفعه مثله ومن طریق وکیع عن سفیان عن ابی الزبیر عن جابر دفعه مثله قال کان عمر یقطع من مفصل

اور حضرت علیؓ کا فعل جسے دارقطنی نے بیان کیا ہے کہ آپ نے چور کا ہاتھ مفصل نہ سے کاٹا اور ابن ابی شیبہ نے رجاء بن حیات سے بیان کیا کہ نبی کریمؐ نے چور کا ہاتھ مفصل سے کاٹا تھا اسی طرح وکیع سفیان سے وابی الزبیر وہ جابر سے بیان کر رہا ہے کہ حضورؐ نے چور کا ہاتھ مفصل سے کاٹا تھا۔

معلوم ہوا کہ حضرت علیؓ سے جو روایت انگلیاں کاٹنے کی ہے وہ منقطع ہے۔ لہٰذا حضرت علیؓ سے انگلیاں کاٹنا ثابت نہیں۔

(۲) سنن الکبریٰ کی جو روایت گذر چکی ہے اور فتح الباری کی یہ روایت ثابت کرتی ہے کہ حضرت علی نے مفصل سے ہاتھ کاٹا۔

(۳) لغت اور عرف میں اس شخص کو مقطوع الید نہیں کہتے جس کی انگلیاں کٹی ہوئی ہوں اور قرآن نے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا ہے۔

صرف انگلیوں کو ہاتھ وہی کہے جس کو لغت اور عرف سے بیر ہو اور نبی کریمؐ اور صحابہ کرام کی مخالفت پر ادھار کھائے بیٹھا ہو ورنہ بقائمی ہوش وحواس کوئی شخص صرف انگلیوں کو ہاتھ نہیں کہتا۔

(۵) فروع کافی کتاب الحدود ۷: ۲۲۲

عن الحلبی عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال قلت لہ من این یجب القطع فبسط اصابعہ وقال من ھھنا یعنی من مفصل الکف

حلبی بیان کرتا ہے میں نے امام جعفر سے پوچھا ہاتھ کہاں سے کاٹنا واجب ہے آپ نے انگلیاں کھول کر ہاتھ پھیلایا فرمایا اس جگہ سے مراد ہاتھ کا جوڑ ہے (اسی کو رسغ کہتے ہیں)

(۶) تہذیب الاحکام ۱۰: ۱۰۲

عن حماد عن الحلبی عن ابی عبد اللہ قال قلت لہ من این یجب القطع فبسط اصابعہ وقال من ھھنا یعنی من مفصل الکف

مفصل یا جوڑ ہاتھ اور کلائی کے مقام اتصال کو کہتے ہیں جیسا کہ بیان ہو چکا ہے کہ ید کا اطلاق عربوں میں سر انگشت سے لیکر بغل تک بھی ہوتا ہے اور کہنی

مسلم قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : في كم يقطع السارق ؟ فقال في ربع دينار ، قال : قلت له : في درهمين ؟ فقال : في ربع دينار ـ بلغ الدينار ما بلغ ـ قال : فقلت له : أرأيت من سرق أقلّ من ربع دينار هل يقع عليه حين سرق اسم السارق ؟ وهل هو عندالله سارق في تلك الحال ؟ فقال كلّ من سرق من مسلم شيئاً قد حواه وأحرزه فهو يقع عليه اسم السارق وهو عندالله سارق ولكن لا يقطع إلّا في ربع دينار أو أكثر ولو قطعت أيدي السرّاق فيما هو أقلّ من ربع دينار لألفيت عامّة الناس مقطعين .

﴿ باب ﴾

✡(حدالقطع و كيف هو)✡

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد جميعاً ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت له : من أين يجب القطع؟ فبسط أصابعه وقال : من ههنا ـ يعني من مفصل الكفّ[1] ـ .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : القطع من وسط الكفّ ولا يقطع الإبهام و إذا قطعت الرجل ترك العقب لم يقطع .

٣ ـ حميد بن زياد ، عن الحسن بن محمّد بن سماعة ، عن غير واحد ، عن أبان بن عثمان عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : كان عليّ صلوات الله عليه لايزيد على قطع اليد و الرّجل ويقول : إنّي لأستحيي من ربّي أن أدعه ليس له ما يستنجي به أو يتطهّر به قال : وسألته إن هو سرق بعد قطع اليد والرجل ، فقال : استودعه السجن أبداً وأغنى عن الناس شرّه .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ وعدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد جميعاً ، عن

---

(١) إي المفصل التي بين الكف والاصابع فان المشهور بين الاصحاب أنه يقطع الاصابع الاربع من اليد اليمنى اولا ويترك له الراحة والابهام ولو سرق ثانيا قطعت رجله اليسرى من مفصل القدم يترك له العقب يعتمد عليها ، فان سرق ثالثة حبس دائماً ولوسرق بعد ذلك قتل . (آت)

﴿ ٣٩٤ ﴾ ١١ — عنه عن احمد بن ابي عبد الله وفضالة عن ابان عن زرارة عن ابي جعفر عليه السلام مثله .

﴿ ٣٩٥ ﴾ ١٢ — وعنه عن ابن ابي عمير عن حماد عن الحلبي عن ابي عبد الله عليه السلام قال : يقطع السارق في كل شيء بلغ قيمته خمس دينار وإن سرق من سوق او زرع او غير ذلك .

فالوجه في هذه الاخبار ان نحملها على ضرب من التقية لأنهما موافقة لمذهب بعض العامة ، ويحتمل هذه الاخبار أن تكون مختصة بمن يرى الامام من حاله أن المصلحة تقضي فيه قطع يده فيما هذا قيمته لأن ذلك من فرائضه التي يقوم بها هو أو من يأمره هو به ، والذي يكشف عما ذكرناه ما رواه :

﴿ ٣٩٦ ﴾ ١٣ — يونس عن محمد بن حمران عن محمد بن مسلم قال : قال ابو جعفر عليه السلام : ادنى ما تقطع فيه يد السارق خمس دينار ، والخمس آخر الحد الذي لا يكون القطع في دونه ، ويقطع فيه وفيما فوقه .

﴿ ٣٩٧ ﴾ ١٤ — احمد بن محمد عن ابن ابي عمير عن حماد عن الحلبي عن ابي عبد الله عليه السلام قال : قلت له : من اين يجب القطع ؟ فبسط اصابعه وقال : من هاهنا يعني من مفصل الكف .

﴿ ٣٩٨ ﴾ ١٥ — عنه عن علي بن الحكم عن علي بن ابي حمزة عن ابي بصير عن ابي عبد الله عليه السلام قال : القطع من وسط الكف ولا يقطع الابهام ، واذا قطعت الرجل ترك العقب ولم يقطع .

﴿ ٣٩٩ ﴾ ١٦ — ابو علي الاشعري عن محمد بن عبد الجبار عن صفوان

- ٣٩٤ - الاستبصار ج ٤ ص ٢٤٠ الكافي ج ٢ ص ٢٩٩ الفقيه ج ٤ ص ٤٤
- ٣٩٥ - ٣٩٦ - الاستبصار ج ٤ ص ٢٤٠
- ٣٩٧ - ٣٩٨ - ٣٩٩ - الكافي ج ٢ ص ٣٠٠

بھی ہوتا ہے جیسا کہ آیت وضو سے ظاہر ہے اور کبھی سر انگشت سے زند تک بولا جاتا ہے۔ زند تک ہونا قطعی اور یقینی ہے اس پر سب کا اتفاق ہے ہاں خوارج نے اس سے اختلاف کیا اور بغل سے کاٹنا مراد لیا انگلیوں کو ہاتھ کوئی نہیں کہتا نیز انگشت کا مفصل جدا ہے۔

اگر فروع کافی اور تہذیب کی روایت میں مفصل انگشت کا مراد ہوتا تو لفظ ہوتا یعنی تقطع من مفاصل الاصابع کیوں کہ انگلیوں کے مفاصل جدا جدا ہیں لہٰذا اس روایت سے بھی حضرت علیؓ کا فعل وہی ہے جو رسول اللہؐ کا فعل ہے صدیق اکبرؓ کا عمر فاروقؓ کا ہے اور تمام صحابہ کا اس پر اجماع ہے اور اسلامی ممالک میں جہاں کہیں فقہ اسلامی کا نفاذ ہوا مفصل زند سے ہی ہاتھ کاٹا گیا انگلیاں کاٹنے کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔

اگر حضرت علی سے اس منقطع روایت کو قبول کر لیا جائے تو عقل و نقل و لغت و عرف ہر ایک کی مخالفت لازم آئے گی۔

(۱) حضرت علی کا قرآن کی مخالفت کرنا لازم آئے گا قرآن نے فاقطعوا ایدیھما کہا ہے فاقطعوا اصابعھما نہیں کہا پھر اصابع مراد نہ لینے کا قرینہ جزاءً بما کسبا موجود ہے لفظ کسب نے اس احتمال کو رد کر دیا جو جعفریہ نے پیدا کیا۔

(۲) لغت عرب کے خلاف ہے۔

(۳) عرف کے خلاف ہے لغت و عرف میں اس کو مقطوع الید نہیں کہتے جس کی انگلیاں کٹی ہوئی ہوں بلکہ اسے مقطوع الاصابع کہتے ہیں۔

(۴) فرمان رسولؐ اور فعل رسولؐ کی مخالفت ہے۔

(۵) خلفائے راشدین کے عمل کے خلاف ہے جمہور علمائے اسلام کے مخالف ہے۔

خالق اور مخلوق دونوں کی مخالفت حضرت علیؓ سے ثابت کرنا فقہ جعفریہ کی سینہ زوری کے سوا کسی طرح ممکن نہیں۔

قطع اصابع کے حق میں شیعہ دلائل کا جائزہ

(۱) فَوَيْلٌ لِلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتَابَ بِاَيْدِيْهِمْ اس آیت سے شیعہ حضرات استدلال کرتے ہیں کہ بایدیھم سے مراد انگلیاں ہیں۔ ہاتھ نہیں کیوں کہ لکھنا انگلیوں کا کام ہے ہاتھ کا نہیں لکھنے کے عمل کو سامنے رکھ کر اس استدلال کو پرکھا جائے تو حقیقت سامنے آجاتی ہے یعنی۔

۱۔ لکھنے کے لیے سب سے پہلے چھینگلی (LITTLE FINGER) اور اس طرف ہاتھ کا حصہ اس چیز پر ٹیکا جاتا ہے جس پر کچھ لکھنا مطلوب ہو۔

۲۔ بصر یعنی (RING FINGER) کو چھینگلی پر ٹیکا جاتا ہے۔

۳۔ درمیانی انگلی (MIDDLE FINGER) اور شہادت کی انگلی (FORE FINGER) کے درمیان قلم رکھا جاتا ہے۔

۴۔ اب انگوٹھے کو ملا کر ان تینوں سے قلم کی گرفت ہوتی ہے یوں لکھنے کا عمل وجود میں آتا ہے۔

انگوٹھے کو علیحدہ رکھ کر ہاتھ کو ٹیکے بغیر صرف چار انگلیوں کی مدد سے لکھنے کی کوشش کی جائے تو (ABSTRACT ART) کے بغیر کوئی اور نتیجہ نہ نکل سکے گا۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ لکھنا صرف چار انگلیوں کا کام نہیں بلکہ پورے ہاتھ کا کام ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ نبی کریم ؐ نے فرمایا کہ "نمازی جب سجدہ کرتا ہے تو سات اعضا پر پر کرنے"۔ جب پورا ہاتھ کاٹ دیا تو سجدہ چھ اعضا پر ہوگا اگر چار انگلیاں کاٹی گئیں تو

سجدہ راحہ پر کرے گا تو سات اعضا ہو جائیں گے۔
چلیے یہ فرض کر لیجئے کہ سجدہ کے وقت ایک عضو کی کمی ہو گئی تو نماز ناقص ہو گی یا باطل ہو گی مگر یہ تو دور کی بات ہے نماز کے لیے تو وضو شرط ہے اگر چار انگلیاں کٹ گئیں تو ایک فرض رہ گیا لہٰذا وضو ہی نہ ہوا جب وضو نہ ہوا تو نماز کا موقع ہی نہ آئے گا۔ پھر سجدہ کی فکر کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ فقدان اعضا سے وضو ساقط ہے تو فقدان اعضا سے سجدہ میں اس عضو کا نہ رکھنا کیوں ساقط نہ ہو۔ لہٰذا نماز اور سجدہ سے پہلے وضو کی فکر کرو اور وضو قائم رکھنا ضروری ہے لہٰذا انگلیاں کاٹنا بھی موقوف کر دیا جائے گا۔
ایک اور صورت بھی قابل غور ہے مثلاً ایک آدمی نے کسی سے جھگڑا کیا اس دوران کسی تیز آلہ سے اس کا بازو کاٹ دیا اب قصاص میں اس کا بازو کاٹا جائے گا اب وہ سجدہ میں ساتواں عضو کہاں سے لائے گا۔ اگر نہیں تو وضو بھی معاف نماز بھی معاف۔
جعفریہ کے شیخ الطائفہ ابوجعفر طوسی نے ایک ایسی صورت کا ذکر کیا ہے۔
تہذیب الاحکام ۱۰، ۱۰۸

فاوان رجلا قطعت یده الیمنی فی قصص ثم قطع ید رجل الیقتص مندام لا فقال انما یترک فی حق اللّٰہ تعالیٰ عزوجل فاما فی حقوق الناس فیقتص منه فی الاربع جمیعـــــا۔

اگر کسی آدمی کا ہاتھ قصاص میں کاٹا گیا پھر اس نے کسی آدمی کا ہاتھ کاٹ دیا تو کیا قصاص میں اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا یا نہیں فرمایا حقوق اللّٰہ میں تو نہ کاٹا جائے گا کیوں کہ وہ معاف ہو سکتے ہیں مگر حقوق العباد میں کاٹا جائے گا۔

قبل أن يقطع بالسرقة الاولى ولو أن الشهود شهدوا عليه بالسرقة الأولى ثم امسكوا حتى تقطع يده ثم شهدوا عليه بالسرقة الاخيرة قطعت رجله اليسرى .

﴿ ٤١٩ ﴾ ٣٦ — احمد بن محمد بن عيسى عن ابن محبوب عن عبد الله ابن سنان عن ابي عبد الله عليه السلام في رجل أشل اليد اليمنى أو أشل الشمال سرق قال : تقطع يده اليمنى على كل حال

﴿ ٤٢٠ ﴾ ٣٧ — يونس بن عبد الرحمان عن المفضل بن صالح عن بعض اصحابه قال : قال ابو عبد الله عليه السلام : اذا سرق الرجل ويده اليسرى شلاء لم تقطع يمينه ولا رجله وإن كان اشل ثم قطع يد رجل قص منه يعني لا يقطع بالسرقة ولكن يقطع في القصاص .

﴿ ٤٢١ ﴾ ٣٨ — عنه عن عبد الرحمان بن الحجاج قال : سألت أبا عبد الله عليه السلام عن السارق يسرق فتقطع يده ثم يسرق فتقطع رجله ثم يسرق هل عليه قطع ؟ فقال : في كتاب علي عليه السلام إن رسول الله صلى الله عليه وآله مضى قبل أن يقطع اكثر من يد ورجل ، وكان علي عليه السلام يقول : اني لاستحي من ربي ان لا ادع له يداً يستنجي بها او رجلا يمشي عليها ، قال : فقلت له : لو أن رجلا قطعت يده اليسرى في قصاص فسرق ما يصنع به ؟ قال : فقال : لا يقطع ولا يترك بغير ساق ، قال : قلت : فلو أن رجلا قطعت يده اليمنى في قصاص ثم قطع يد رجل أيقتص منه ؟ ام لا ؟ فقال : انما يترك في حق الله عز وجل فأما في حقوق الناس فيقتص منه في الأربع جميعا

﴿ ٤٢٢ ﴾ ٣٩ — احمد بن محمد البرقي عن النوفلي عن السكوني عن جعفر

- ٤١٩ - ٤٢٠ - ٤٢١ - الاستبصار ج ٤ ص ٢٤٢ واخرج الاول الكليني في الكافي ج ٢ ص ٣٠٢ - ٤٢٢ - الكافي ج ٢ ص ٣٠٢ الفقيه ج ٤ ص ٤٤ بتفاوت فيها

لیجئے اب کیا بنے گا یہ توجھ کی جگہ بھی پانچ عضو رہ گئے سجدہ نہ کر سکے گا۔

تیسری دلیل یہ ہے کہ تہذیب الاحکام ۱۰ ، ۱۲۵ پر روایت ہے کہ حضرت علی کے پاس چوروں کا ایک گروہ رہ گیا تو

فقطع ایدیھم من نصف الکف و ترک الابھام

توحضرت علی نے نصف ہتھیلی سے ان کے ہاتھ کاٹ دیئے اور انگوٹھا چھوڑ دیا

اب تو بات بظاہر بنتی نظر آتی ہے مگر آگے جاکے کچھ پیچ پڑ گئے ہیں مثلاً اس روایت کا پہلا راوی سہل بن زیاد ہے۔ دُوسرا راوی محمد بن سلیمان دیلمی ہے تیسرا راوی بن مسلم ہے محمد بن مسلم کے متعلق رجال کشی صـ۱۱۳ سے روایت گذر چکی ہے کہ امام جعفر نے فرمایا کہ "محمد بن مسلم پر خدا کی لعنت وہ کہتا ہے کہ کسی چیز کے موجود ہونے سے پہلے خدا اسے نہیں جانتا"

لیجئے دو باتیں ہوگئیں یہ ذاتِ شریف اللہ کو جاہل مانتے تھے لہٰذا کافر ہوگئے پھر امام جعفر نے انہیں کفر کے علاوہ ایک اور لقب دیا کہ وہ ملعون ہے سوچنے کی بات یہ ہے کہ جو شخص اللہ تعالےٰ کے متعلق اتنی جرأت کر سکتا ہے اسے حضرت علیؓ پر اتہام لگانے سے کون سی قوت روک سکتی ہے۔

دُوسرا راوی سہل بن زیاد ہے اس کی کنیت ابو سعید ہے اس کے متعلق شیعہ کتاب رجال مامقانی میں لکھا ہے۔

کان ضعیفا جدا فاسد الروایۃ والدین

اس کی روایت بھی نہایت ضعیف ہے۔ بلکہ اس کی روایت بھی فاسد اور اس کا مذہب بھی فاسد۔

پھر فرمایا کہ اس کو شیعہ عالم محمد بن یحییٰ نے شہر قم سے جلا وطن کر دیا تھا اور کہا تھا کہ

ونھی الناس عن السماع منہ والروایتہ عنہ یروی

﴿ ٤٩٩ ﴾ ١١٦ — علي عن ابيه عن النوفلي عن السكوني عن ابي عبد الله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : لا كفالة في حد .

﴿ ٥٠٠ ﴾ ١١٧ — علي عن ابيه عن ابن ابي نجران عن عاصم بن حميد عن محمد بن قيس عن ابي جعفر عليه السلام قال : قضى امير المؤمنين عليه السلام في رجل جاء به رجلان وقالا : ان هذا سرق درعاً فجعل الرجل يناشده لما نظر في البينة وجعل يقول : والله لو كان رسول الله صلى الله عليه وآله ما قطع يدي ابداً قال : ولم ؟ قال يخبره ربه اني بريء فيبرئني ببرائتي ، قال : فلما رأى مناشدته اياه دعا الشاهدين فقال : اتقيا الله ولا تقطعا يد الرجل ظلماً وناشدهما ثم قال : ليقطع احدكما يده ويمسك الآخر يده فلما تقدما الى المصطبة ليقطع يده ضرب الناس حتى اختلطوا . فلما اختلطوا ارسلا الرجل في غمار الناس حين اختلطوا بالناس فجاء الذي شهدا عليه فقال : يا امير المؤمنين شهد علي الرجلان ظلماً ، فلما ضرب الناس واختلطوا أرسلاني وفرا ولو كانا صادقين لم يرسلاني فقال امير المؤمنين عليه السلام : من يدلني على هذين انكلهما ؟

﴿ ٥٠١ ﴾ ١١٨ — علي عن ابيه عن الوشا عن عاصم بن حميد عن محمد ابن قيس عن ابي جعفر عليه السلام قال . قضى امير المؤمنين عليه السلام في رجلين قد سرقا من مال الله احدهما عبد مال الله والآخر من عرض الناس فقال : اما هذا فمن مال الله ليس عليه شيء ، مال الله اكل بعضه بعضاً ، وأما الآخر فقدمه وقطع يده ثم أمر ان يطعم السمن واللحم حتى برئت يده

﴿ ٥٠٢ ﴾ ١١٩ — سهل بن زياد عن محمد بن سليمان الديلمي عن هارون ابن الجهم عن محمد بن مسلم عن ابي جعفر عليه السلام قال اتي امير المؤمنين عليه السلام بقوم لصوص قد سرقوا فقطع ايديهم من نصف الكف وترك الابهام لم يقطعها وأمرهم

- ٤٩٩ - الكافي ج ٢ ص ٣٠٩ - ٥٠١ - ٥٠٢ - الكافي ج ٢ ص ٣١٣

المراسيل و يعتمد المجاهيل۔

لوگوں کو اس سے حدیث سننے سے منع کر دیا کہ یہ مرسل احادیث بیان کرتا ہے اور مجہول حدیثوں پر اعتماد کرتا ہے۔

اور ابو محمد الفضل شیعہ عالم اور علی بن محمد کہتے تھے کہ یہ احمق ہے۔

تیسرا راوی محمد بن سلیمان دیلمی ہے اس کے متعلق رجال مامقانی میں ہے۔

یرمی بالغلو واقول ان مقتضی نقل د مسیہ ضعیفہ

اس کا غالی شیعہ ہونا اس کے ضعیف ہونے کی دلیل ہے۔

(۴) چوتھی دلیل یہ ہے کہ قطع اصابع آئمہ سے منقول ہے۔

مگر یہ دلیل کئی لحاظ سے بودی ہے۔

اوّل، آئمہ نے قول رسول نقل نہیں کیا۔

دوم، اسی کتاب میں بقول علامہ مجلسی "رئیس شیعہ راویوں" کے حالات شیعہ کتب رجال سے پیش کیے جا چکے ہیں کہ آئمہ نے ان کو ملعون یہود سے بھی بُرے قائلین تثلیت سے بدتر اور نہ جانے کیا کیا خطاب دیئے۔

انفرادی مسائل یعنی پرائیویٹ لاء

باب الزکواۃ

زکواۃ کی فرضیت کتاب اللہ، سُنتِ رسول سے ثابت ہے۔

۱۔ قال اللہ تعالیٰ وآتوالزکواۃ
زکواۃ ادا کرو یعنی مطلق حکم ہے۔

۲۔ وفی اموالھم حق معلوم للسائل والمحروم
ان کے مالوں میں سے سائل اور محروم کے لیے حق معلوم ہے۔

۳۔ والذین یکنزون الذھب والفضۃ ولاینفقونھا فی سبیل اللہ الخ
جو لوگ سونا چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے

۴۔ خذ من اموالھم صدقۃ تطھرھم وتزکیھم بھا۔
ان کے مالوں میں سے صدقہ لے اور اس وجہ سے انہیں پاک فرما

۵۔ یاایھاالذین آمنوا انفقوا من طیبات ما کسبتم
اے ایمان والو جو پاک مال تم نے کمایا ہے اس میں سے راہِ خدا میں خرچ کرو

حدیث میں اسلام کے پانچ اجزاء بیان ہوئے ہیں بنی الاسلام علی خمس الخ جن میں سے ایک زکواۃ ہے کسی ایک جزو کا انکار پورے اسلام کا انکار ہے کیونکہ انتفائے جز، مستلزم ہے انتفائے کل کو۔ لیکن فقہ جعفریہ میں زکواۃ کے لیے کچھ شرائط رکھی گئی ہیں۔

۱۔ کرنسی نوٹ پر زکواۃ نہیں۔

۲۔ سونے اور چاندی پر زکواۃ نہیں۔ ہاں اگر سونے اور چاندی کے سکے یعنی اشرفی اور روپیہ بنا کر اس پر سرکاری مہر لگے تو اس پر زکواۃ ہے۔

اس وقت پوری دنیا میں مال و دولت سے مراد یا تو کرنسی نوٹ ہوتے ہیں یا سونا چاندی خواہ زیورات کی صورت میں ہو خواہ ویسے ٹھوس حالت میں سونا چاندی کے سکوں کا وجود دنیا میں کہیں نہیں ملتا۔ لہٰذا زکواۃ کا انکار نہ کرنے کے باوجود زکواۃ ساقط ہو گئی۔

قرآن کریم کی جو آیات اوپر دی گئی ہیں ان کو سامنے رکھا جائے تو سوچنا پڑے گا کہ یہ شرائط جو فقہ جعفریہ میں رکھی گئی ہیں ان کے مطابق قرآنی کی کسی آیت پر عمل ممکن بھی ہے۔

(۱) واٰتوا الزکواۃ زکواۃ ادا کرو مطلق حکم ہے۔

(۲) وفی اموالھم حق معلوم للسائل والمحروم زکواۃ کو تھوڑی دیر ذہن سے الگ کر کے یہ سوچا جائے کہ کوئی سائل اور محتاج اگر مدد کی درخواست کرے تو اس کی مدد کیسے کی جاتی ہے۔ کیا یہ کہا جاتا ہے کہ کرنسی نوٹ تو مال نہیں اور اشرفی روپیہ سونے چاندی کا کوئی سکہ نہیں۔ اس لیے نہ ہمارے پاس نہ اس میں تمہارا کوئی حق۔

(۳) تیسری آیت میں جمع کرنے اور خرچ نہ کرنے پر وعید ہے اب سوال یہ ہے کہ جمع کیا کیا جاتا ہے؟ اور خرچ کیا کیا جاتا ہے؟ اگر کرنسی نوٹ اور سونا چاندی خواہ زیورات یا اینٹوں کی شکل میں ہوں وہی جمع بھی کیا جاتا ہے اور اسی کو خرچ بھی کیا جاتا ہے تو زکواۃ کے معاملے میں یہ اصول کیوں کار فرما نہیں رہا؟

(۴) چوتھی آیت میں جس مال کو پاک کرنے کا حکم ہے وہ مال کون سا ہے؟ اگر نوٹ مال نہیں تو جب نوٹوں اور زیور کی چوری ہو جاتی ہے تو یہ کیوں کہا جاتا ہے کہ اتنے لاکھ کے زیور اور نقدی چوری ہو گئے؟

(۵) پانچویں آیت میں حکم ہے "اپنی کمائی سے خرچ کرو"۔

سوال یہ ہے آپ کماتے کیا ہیں؟ دن بھر مزدوری کریں یا مہینہ بھر نوکری کریں تو آپ کو مزدوری یا تنخواہ لازماً کرنسی نوٹوں کی شکل میں ملتی ہے اور آپ یقیناً یہ کہتے ہیں کہ ہم نے اتنا کمایا تو جو کچھ آپ نے کمایا اس میں سے ہی زکواۃ دینے کا حکم ہے اگر آپ تاجر ہیں آپ نے پانچ ہزار کا مال سات ہزار میں بیچا تو آپ یقیناً کہتے ہیں میں نے دو ہزار کمایا تو یہ دو ہزار مال ہی تو ہے اور یہ کرنسی نوٹ کی شکل میں ہے گویا نوٹ ثمن نہیں مگر قائم مقام ثمن ہے بلکہ آج کل تو حقیقت ثمن بعینہٖ سمجھا جاتا ہے عرف عام اصطلاح اور عادت یہی ہے۔

مختصر یہ ہے کہ کرنسی نوٹ کو آپ مال بھی سمجھیں اور اسے زکواۃ سے مستثنیٰ بھی سمجھیں تو یہ موقف بڑے دور رس نتائج کا حامل ہے خدارا اس پر ٹھنڈے دل سے غور کریں اور اسلام کو جگ ہنسائی کا ذریعہ نہ بنائیں۔ اگر اس اصول کو پھیلایا جائے تو انکم ٹیکس، پراپرٹی ٹیکس، کسٹم وغیرہ کسی چیز کا ادا کرنا ضروری نہیں جب کرنسی نوٹ اور زیور وغیرہ مال نہیں تو انکم ٹیکس وغیرہ کیوں ہُوا۔

عشر

قرآنِ حکیم میں جہاں زکواۃ کا حکم ہے وہاں ساتھ ہی ارشاد ہے
ومما اخرجنا لکم من الارض اور اتوا حقه یوم حصاده
جو کچھ ہم نے تمہارے لیے زمین سے نکالا، کھیتی کاٹتے وقت اسکا حق ادا کرو
عشر کے متعلق فقہی احکام کی تفصیل میں نہیں جانا چاہیے وُہ تو اہلِ علم جانتے ہی ہیں لیکن فقہ جعفریہ میں صرف گندم، جو اور کھجور منقی میں عشر ہے پھر ان کے لیے بھی نصاب شرط ہے جو ۸۴۷ کلو ہے حالانکہ قرآن کی آیت سے ظاہر ہے کہ مما اخرجنا لکم من الارض مطلق ہے اور واتوا حقه یوم حصاده بھی مطلق ہے۔
اربابِ دانش کے غور کا مقام یہ ہے کہ یہ تخصیص اور یہ شرط کہیں زر اندوزی بخل اور تنگدلی کی طرف رہنمائی تو نہیں کرتیں۔

فقہ جعفریہ کی
تاریخی سرگذشت

اس فقہ کے نام سے ظاہر ہے کہ یہ حضرت امام جعفرؒ کے ساتھ منسوب ہے۔ جس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ امام جعفرؒ نے یا ان کے عہد میں یا ان کی زیرِ نگرانی اس کی تدوین ہوئی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان میں سے کوئی ایک بات بھی درست نہیں۔ امام جعفرؒ کی وفات ۱۴۸ھ میں ہوئی۔ تاریخ سے کوئی نشان نہیں ملتا کہ ان کی وفات تک اس فقہ کی کسی قسم کی تدوین ہوئی ہو، دوسری صورت یہ ہو سکتی ہے کہ آپ نے جو روایات بیان کیں انہیں فقہی ابواب کے تحت ان کی وفات تک جمع کر لیا گیا ہو۔ مگر اس کا کوئی ثبوت بھی تاریخ سے نہیں ملتا فقہ جعفریہ سے منسوب چار بنیادی کتابیں ہیں جنہیں صحاح اربعہ کہتے ہیں۔ اور اس فقہ کی یہی بنیادی اور اہم کتابیں شمار ہوتی ہیں۔ مگر ۱۴۸ھ چھوڑ صدیوں بعد تک ان کا نشان نہیں ملتا۔ جس کی تفصیل یہ ہے۔

(۱) **الکافی:**۔ ابوجعفر کلینی کی تصنیف ہے اور فقہ جعفریہ کی سب سے پہلی کتاب ہے کلینی کا سنِ وفات ۳۲۸ھ ہے یعنی امام جعفرؒ کے قریباً ایک سو اسی برس۔

(۲) **من لایحضرہ الفقیہ:**۔ محمد بن علی ابن بابویہ قمی کی تصنیف ہے جو ۳۸۱ھ میں فوت ہوا یعنی امام جعفرؒ کے تقریباً سوا دو سو سال بعد۔

(۳) **تہذیب الاحکام** (۴) **الاستبصار**۔ یہ دونوں محمد بن حسن طوسی کی تصانیف ہیں جس کا سن وفات ۴۶۰ھ ہے یعنی امام جعفرؒ کے ۳۱۲ برس بعد۔

تاریخی ادوار کے اعتبار سے ان کتابوں کا جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ الکافی اس وقت لکھی گئی جب خلفائے عباسیہ کے اکیسویں خلیفہ المتقی باللہ کا دور تھا اور آخری کتاب کے مصنف کا سن وفات بتاتا ہے کہ اس وقت خلفائے عباسیہ کے چھبیسویں خلیفہ القائم بامر اللہ

کا دورِ خلافت تھا اور یہ کہ پانچویں صدی ہجری کے اخیر تک تو فقہ جعفریہ منصۂ شہود پہ ہی نہیں آئی تھی لہٰذا اس کے کہیں نافذ ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

پھر مصر میں عباسی خلافت مستنصر باللہ ۶۵۹ھ سے متوکل علی اللہ ثالث ۹۲۳ھ تک رہی وہاں بھی اس فقہ کے نفاذ کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔

پھر ترکان عثمانی کی خلافت عثمان خان اول ۱۲۸۸ھ سے ۱۹۲۴ء تک رہی۔ مصطفےٰ کمال نے اس کا خاتمہ کیا۔ اس عرصہ میں بھی فقہ جعفریہ کے نفاذ کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ ادھر اس برِّعظیم میں محمد غوری ۱۱۹۳ء سے لے کر آخری مغل بادشاہ تک کسی وقت بھی اس فقہ کے رائج یا نافذ ہونے کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ مختصر یہ کہ کسی اسلامی حکومت نے کسی دور میں بھی فقہ جعفریہ کو اپنے دستور یا قانون میں جگہ نہیں دی۔ مگر جب یہ اسلامی فقہ ہی نہیں تو بھلا کوئی مسلمان حکمران اسے اپنانے کی جراٴت کیسے کرسکتا تھا۔ چونکہ یہ فقہ اس عنوان سے اسلام کے خلاف ایک سیاسی تحریک ہے تو اس کے نفاذ کا تصوّر بھی کوئی مسلمان حکمران نہیں کرسکتا آپ آئندہ صفحات میں اس کے سیاسی خدوخال ملاحظہ فرمائیں۔

اس تحریک کا سیاسی پس منظر

(۱) حضور نبی کریم ﷺ کی بعثت کے وقت اسلام کو جس مخالفت کا سامنا کرنا پڑا وہ قریشِ مکّہ کی مجموعی طاقت تھی۔ اس لیے مادی اعتبار سے اسلام کے مخالف کیمپ میں قریش ہی کھڑے نظر آتے ہیں۔ مگر ان کی حیثیت محض اعضاء و جوارح کی تھی اس تحریک کا دماغ اور اس کی منصوبہ بندی یہودِ مدینہ کی سازش تھی۔ جنہیں اپنی کتابوں کی تعلیمات کی روشنی میں صاف نظر آتا تھا۔ کہ اسلام کی بالادستی سے ان کے وقار کو دھچکا ہی نہیں لگے گا بلکہ ختم ہو کے رہ جائے گا۔ اس لیے مکہ میں قریش کے ہاتھ سے جو کچھ ہوتا تھا اس کی ڈور یہود مدینہ کے ہاتھ میں تھی۔ حضور اکرم ﷺ کی مکی زندگی

میں یہود زیر زمین کام کرتے رہے۔

(۲) ہجرت کے بعد اسلام کو براہِ راست یہود کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا جو عرب میں علمی اقتصادی اور معاشرتی اعتبار سے اپنی برتری کا لوہا منوا چکے تھے۔ یہود نے حضور اکرم ﷺ کی دس سالہ مدنی زندگی میں اسلام کی دعوت کو دباتے کے لیے ہر امکانی کوشش کر ڈالی میثاق مدینہ ان کے احساس برتری پر ایک واضح اور مہلک چوٹ تھی۔ لہذا انہوں نے ہر ایسے نازک موقع سے جب بھی مسلمان مصائب میں گھرے۔ فائدہ اٹھانے کی پوری پوری کوشش کی، یہود کی مخالفت اور ان کی سازشوں کی اہمیت کا اندازہ صرف اس امر سے ہو سکتا ہے کہ ۶ھ میں صلح حدیبیہ کے موقع پر مسلمان بالکل قریش مکہ کے پہلو میں بیٹھے تھے مگر اللہ تعالیٰ نے قریش کو زیر کرنے کی بجائے یہود کی خبر لینے کا حکم دیا جو سینکڑوں میل دور تھے۔ اور فجعل من دون ذلک فتحا قریبا کی بشارت سنا کر حضور اکرم ﷺ کو خیبر کے یہودیوں کا قلع قمع کرنے کا حکم دیا۔ جس کا صاف مطلب یہ تھا کہ قریش مکہ کی مخالفت اتنی خطرناک نہیں جتنی یہود خیبر کی سازشیں اسلام کے لیے مستقل خطرہ ہیں۔

(۳) نبی کریم ﷺ کے بعد فاروقی دور کے خاتمہ تک یہود اور ان کی حلیف طاقتوں میں اسلام کے خلاف سر اٹھانے کی ہمت نہیں رہی تھی۔ انہوں نے محسوس کر لیا تھا کہ میدان میں اسلام کا مقابلہ کرنا ممکن نہیں۔ اس لیے اس کی تدبیر صرف ایک ہے کہ اسلام کا لبادہ اوڑھ کر مسلمانوں کی صفوں میں گھس کر اسلام کے خلاف سیاسی سازشیں کی جائیں۔

(۴) اس منصوبہ بندی اور سازش کے تحت عبداللہ بن سبا یہودی اور اس کے رفقا نے اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کر دیا۔ حضرت عمر فاروقؓ کی شہادت اسی یہودی خفیہ سازش کا نتیجہ تھی۔ حضرت عمرؓ کی ذات ایک ایسی (BINDING FORCE) تھی کہ کسی

سازشی کو مسلمان قوم میں رخنہ ڈالنے کی کوئی راہ نہ مل سکتی تھی۔ آپ کی شہادت کے بعد مسلمانوں میں افتراق پیدا کرنا یہود کے لیے آسان ہو گیا۔ اس مقصد کی تکمیل کے لیے عبداللہ بن سبا نے عربوں کی نفسیات سے کام لے کر ایک راہ نکالی۔ اس نے حضرت علیؓ کے نبی کریم ﷺ کے وصی امام اور خلافت کے اصل حقدار ہونے کا عقیدہ ایجاد کیا اور اس کا اعلان اور تشہیر شروع کر دی۔ اس کے لازمی نتیجہ کے طور پر شیخین کو غاصب قرار دے کر انہیں بُرا بھلا کہنے کو مذہبی عبادت قرار دیا جانے لگا۔ پھر خلیفہ ثالث چونکہ بنو امیہ میں سے تھے اس لیے بنو ہاشم کو محرومیت کا احساس دلا کر بنو امیہ کے خلاف اُبھارا۔

⑤ عبداللہ بن سبا نے بھانپ لیا کہ مکہ اور مدینہ میں صحابہ کرام کی کثیر جماعت موجود ہے اور رہی ہے لہٰذا ان مقامات پر اسلام کے خلاف کوئی تحریک چلانا یا سازش کرنا ممکن نہیں۔ اس نے اپنے منصوبے کے لیے ادھر کوفہ اور بصرہ دو مقامات کا انتخاب کیا اور دوسری طرف مصر کو اپنی کامیابی کے لیے موزوں سمجھا اس کی دو وجہیں تھیں۔ اول یہ کہ یہاں کے لوگ نو مسلم تھے ان کے ذہن اسلامی سانچے میں نہیں ڈھلے تھے دوسرا وہ اپنے اپنی قومی روایات بھی لائے تھے۔ جو ان کے لیے نہایت عزیز متاع تھی۔ پھر کوفہ اور بصرہ کے باشندوں کو ایرانی سلطنت کے خاتمہ کا رنج تھا اور عربوں کے خلاف دلی نفرت موجود تھی۔ اس لیے یہ لوگ ابن سبا کی سازش کا شکار ہو گئے۔ اس نے ان تینوں مقامات پر اپنے ہم خیال اکٹھے کر لیے اور تینوں مقامات سے چھ چھ سو آدمی اکٹھے کر کے مدینہ بھیجے جو حضرت عثمانؓ کی شہادت کا سبب بنے۔

⑥ یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ بلوائیوں کی تعداد کل اٹھارہ سو تھی جبکہ حضرت عثمانؓ کی فوجیں مشرق و مغرب میں فتوحات پر فتوحات کیے جا رہی تھیں۔ پھر یہ مٹھی بھر لوگ حضرت حضرت عثمانؓ کو شہید کرنے میں کیونکر کامیاب ہو گئے۔ اس کی وجہ ایک

گہری نفسیاتی اور سیاسی حقیقت ہے، یہ آدمی مرنے کے لیے ہی آئے تھے۔ ابن سبا کی چال یہ تھی کہ ان کو لازماً قتل کیا جائے گا اور مجھے ایک ٹھوس بنیاد مل جائے گی اور میں یہ پروپگنڈہ کر سکوں گا کہ دیکھو یہ لوگ کتنے ظالم ہیں مظلوم رعایا نے اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھائی اور انہیں قتل کر دیا گیا۔ حضرت عثمانؓ نے سیاسی بصیرت سے بھانپ لیا اور فیصلہ کیا کہ جان دے دینا منظور ہے مگر یہود کو اسلام کے خلاف سازش کرنے کی کوئی بنیاد مہیا کرنا منظور نہیں۔ حضرت عثمانؓ کے اس فیصلہ نے اس یہودی تحریک کو تین سو سال پیچھے کر دیا۔

(۷) حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد یہی سازشی گروہ حضرت علیؓ کے گرد جمع ہو گیا۔ اور حضرت علیؓ کو خلافت قبول کرنے پر مجبور کر کے عملاً انہیں ایسا بے بس کر دیا کہ وہ قتلِ عثمانؓ کا قصاص لینے پر بھی قادر نہ ہو سکے، فتوحات کا سلسلہ رُک گیا چنانچہ حضرت علیؓ کے عہد میں اسلامی سلطنت میں ایک انچ زمین کا اضافہ نہ ہُوا بلکہ ان لوگوں نے خانہ جنگی کی سی صورت پیدا کر دی۔ جنگ جمل اور صفین بھی ان سبائیوں کی سازش کا نتیجہ تھا حضرت امیر معاویہؓ مسلسل حضرت علیؓ کو مشورہ دیتے رہے کہ ان اسلام دشمن حواریوں سے چھٹکارا حاصل کیجیے، لیکن حضرت علیؓ اپنی تمام کوشش کے باوجود بے بس ہو چکے تھے آخر سبائیوں کے ایک فرد ابن ملجم نے حضرت علیؓ کو اس وقت شہید کیا جب وہ آپ کے ہاتھ پر بیعت کر چکا تھا، یہ کہنا قطعاً غلط ہے کہ ابن ملجم خارجی تھا۔ کیونکہ کسی خارجی کا حضرت علیؓ کے ہاتھ پر بیعت کرنا نہ ممکن ہے نہ اس کا کوئی ثبوت ملتا ہے۔ تقیہ تو ابن سبا یہودی کی ایجاد ہے۔

(۸) حضرت علیؓ کے بعد جب حضرت حسنؓ کا دورِ خلافت آیا۔ تو آپ نے چند مہینوں میں ابن سبا کے مریدوں اور محبِ اہل بیت کے جھوٹے مدعیوں کے طور طریقے دیکھ کر فیصلہ کر لیا کہ وہ ان سے نہیں نمٹ سکتے۔ چنانچہ آپ نے امیر معاویہؓ کی صلاحیت کے پیشِ نظر ان کے

حق میں خلافت سے دستبرداری کا اعلان کر دیا۔
حضرت حسنؓ کے اس فیصلہ سے سبائی خون کا گھونٹ پی کر رہ گئے۔ اور چیخ اٹھے۔ واللہ کفر کما کفر ابوہ یعنی "خدا کی قسم حسنؓ کافر ہو گیا جیسے اس کا باپ کافر تھا"۔ امام حسنؓ کے اس فیصلہ نے سبائی تحریک کی پسپائی کر دی، جیسا کہ واقعات سے ثابت ہے۔
حضرت امیر معاویہؓ نے ۴۱ھ میں خلافت سنبھالی ان کا انیس سالہ دورِ حکومت اندرونی استحکام کے ساتھ بیرونی فتوحات کا دور ثابت ہوا۔
شمالی افریقہ کا بڑا حصہ فتح ہوا۔ افغانستان اور صوبہ سرحد بھی فتح ہوا قسطنطنیہ کا دوبارہ محاصرہ ہوا۔ جس میں ایک بار تو حضرت حسینؓ بن علیؓ نے بنفسِ نفیس شرکت فرمائی۔ اور حضرت ایوب انصاریؓ جیسے عظیم صحابی نے دوران محاصرہ شہادت پائی اور شہر پناہ کے متصل دفن ہوئے۔ حضرت عبداللہؓ بن عمرؓ اور حضرت عبداللہ بن زبیرؓ جیسے حضرات بھی شریک تھے اور سب سے پہلا بحری جہاد بھی حضرت امیر معاویہؓ نے کیا، اور مسلمانوں کی بحری فوج کے بانی بھی یہی مردِ خدا تھے۔

(۹) حضرت امیر معاویہؓ کے حکومت سنبھالنے کے بعد حضرت حسنؓ نے مدینہ منورہ میں سکونت اختیار فرمائی۔ اور کوفہ چھوڑ دیا جس سے بعض کوفی لیڈر سخت ناراض تھے اور ان میں سے کچھ لوگ ایک سردار سلیمان بن حرد کی قیادت میں مدینہ منورہ آئے۔ اور حضرت امام حسنؓ کو امیر معاویہؓ کے خلاف کرنا چاہا۔ تو انہوں نے صاف انکار کر دیا، یہاں سے ناامید ہو کر انہوں نے حضرتِ حسینؓ کو ہمنوا بنانا چاہا۔ مگر ابو حنیفہ دینوری کی تصنیف "اخبار الطوال" کے مطابق حضرت حسینؓ نے فرمایا "ہم نے بیعت کر لی ہے اور عہد کر لیا ہے اور ہماری بیعت توڑنے کی کوئی سبیل نہیں"۔ چنانچہ یہ فتنہ برپا کرنے میں ناکام ہوئے اور ناراضگی اور ناکامی کی صورت میں واپس کوفہ لوٹے۔ حضرت امیر معاویہؓ کے عہد خلافت میں حضرت امام حسنؓ و حسینؓ کو امیر معاویہؓ کی خلافت سے کوئی شکایت پیدا نہ ہوئی اور حضرت امیر معاویہؓ

۲۲ر رجب ۶۰ھ میں انتقال کر گئے۔ اوران کے جیتے جی سبائی تحریک کو سر اٹھانے کا موقعہ نہ مل سکا۔

(۱۰) **یزید اور سبائی**:۔ امیر معاویہؓ کے انتقال پر حکومت یزید کو ملی حضرت حسینؓ اور عبداللہ بن زبیرؓ نے یزید کی بیعت نہیں کی۔ اور مدینہ منورہ سے چل کر مکہ مکرمہ کو اپنی قیامگاہ بنایا۔ چنانچہ شعبان، رمضان، شوال، ذیقعد کے چار مہینوں میں کسی شورش کا پتہ نہیں چلتا بلکہ طبری سے نشان ملتا ہے کہ حضرت حسینؓ اور عبداللہ بن زبیرؓ حرم کعبہ میں اکٹھے نمازیں ادا فرماتے اور وہیں بیٹھ کر گفتگو فرماتے تھے۔

بغاوتِ کوفہ

(۱۱) کوفیوں کی رگِ شرارت ایک بار پھر پھڑکی۔ اور انہوں نے پھر سے سوتے ہوئے فتنوں کو جگانا چاہا۔ سوئے اتفاق سے اس وقت کوفے کے گورنر حضرت نعمانؓ بن بشیر انصاری تھے۔ جو معروف صحابی اور حد درجہ نیک اور سیدھے سادے انسان تھے۔ ان کی نیکی سے ناجائز فائدہ اٹھا کر کوفہ میں شورش پیدا کی۔ کوفہ کا شہر اسلام کے خلاف منظم اور مسلح تحریک چلانے کے لیے ایک مرکزی حیثیت اختیار کر چکا تھا۔ چنانچہ عبداللہ بن سبا کا ایک شاگردِ رشید مختار ثقفی کوفیوں کی مدد سے خود حاکمِ کوفہ بن گیا۔ اور کوفیوں کی نفسیات سے کام لیتے ہوئے ایک کرسی سامنے رکھ کر اس کے سامنے نماز پڑھی اسے بوسہ دیا۔ اور اہلِ کوفہ کو کہا کہ جس طرح تابوطِ سکینہ بنی اسرائیل کے لیے باعثِ برکت تھا اسی طرح یہ حضرت علیؓ کی کرسی شیعانِ علیؓ کے لیے نشانِ فتح و نصرت ہے۔ پھر اس کرسی کو ایک چاندی کے صندوق میں بند کیا اور جامع مسجد کوفہ میں رکھ دیا اور مسلح پہرہ لگا دیا۔ اس کرسی کے نشان سے ثقفی نے کوفیوں کو اسلام کے خلاف برگشتہ کر دیا، آخر کار یہ ثقفی ۶۷ھ میں حضرت علیؓ کے داماد حضرت مصعبؓ بن زبیرؓ کے ہاتھوں قتل ہوا اور فتنہ دب گیا۔

واقعہ کربلا

(۱۲) بقول طبری کوفیوں نے حضرت حسینؓ کو لکھا۔ کہ یزید نے ہم سے زبردستی بیعت لی ہے اور ہم سب آپ پر بھروسہ کیے بیٹھے ہیں۔ ہم نمازِ جمعہ میں والی کوفہ کے ساتھ شریک نہیں ہوئے، آپ ہم لوگوں میں آجایئے، بلکہ یکے بعد دیگرے تین وفد کوفیوں کے مکہ مکرمہ آئے جن میں سے دو کو حضرت حسینؓ نے لوٹا دیا۔ مگر تیرا وفد اپنے ساتھ ایسے خطوط لایا۔ جن میں قسمیں دی گئی تھیں اور رسول اللہ ﷺ کا واسطہ دیا گیا تھا۔ کہ اگر آپ تشریف نہ لائے۔ تو روزِ حشر ہم آپ کو دامن کشاں حضور ﷺ کے سامنے پیش کریں گے۔ کہ انہوں نے ہماری راہنمائی قبول نہ فرمائی تھی۔ آخر حضرت حسینؓ نے اپنے چچازاد بھائی حضرت مسلم بن عقیلؓ بن ابی طالب کو طلب فرمایا اور حکم دیا کہ تم کوفہ روانہ ہو جاؤ اور دیکھو کہ لوگ مجھے لکھ رہے ہیں۔ اگر وہ سچ لکھ رہے ہیں تو میں وہاں چلا جاؤں۔ (طبری)

چنانچہ حضرت مسلمؓ بن عقیل مدینہ منورہ سے ہوتے ہوئے کوفہ پہنچے اور ابن عوسجہ نامی شخص کے ہاں اترے، جب آپ کی آمد کا چرچا ہوا تو لوگ آکر بیعت کرنے لگے حتیٰ کہ بارہ ہزار تک تعداد پہنچ گئی تو آپ نے وہاں سے منتقل ہو کر ہانی بن عروہ مرادی کے قیام فرمایا۔ اور حضرت حسینؓ کو لکھ بھیجا کہ بارہ ہزار کوفیوں نے بیعت کر لی ہے اور مزید ہو رہی ہے۔ اور آپ ضرور تشریف لے آیئے (طبری)

قاصد مکہ مکرمہ چلا گیا۔ تو بعد میں حالات نے پلٹا کھایا۔ اور کوفہ کا گورنر بدل دیا گیا چنانچہ حضرت نعمانؓ بن بشیر کی جگہ عبداللہ ابن زیاد کو، کوفہ کا گورنر مقرر کر کے حالات سنبھالنے کیلئے بھیجا گیا۔ جس کے واقعات طبری میں بالتفصیل درج ہیں القصہ پہلے تو اسے بھی قتل کرنے کی سازش ہوئی، مگر وہ بچ گیا۔ اور مختلف قبیلوں کے سرداروں کو بلا کر سمجھایا

اور دھمکایا گیا۔ چنانچہ وہ لوگ اپنی بات سے پھر گئے۔ نتیجہ یہ ہوا۔ کہ حضرت مسلمؓ کے ساتھ کوئی آدمی بھی نہ رہا۔ حتیٰ کہ کوئی شخص پناہ تو کیا دینا راستہ تک بتانے والا کوئی نہ تھا۔ اور نہ کوئی اس سے بات کرتا تھا۔ اندریں حال وہ شہید ہوئے۔ اور شہادت سے پہلے ان سب حالات کو قلمبند فرمایا۔ جب گرفتار ہوئے، تو عمر بن سعد ابن وقاص کو چٹھی دی۔ یہ اعلیٰ عہدے پر فائز تھے۔ اور مشہور فاتح جرنیل اور صحابی رسول سعدؓ ابن ابی وقاص کے صاحبزادے تھے جنہیں حضرت مسلمؓ اور حضرت حسینؓ سے قرابت قریبہ بھی حاصل تھی انہوں نے یہ خط حضرت حسینؓ کی خدمت میں روانہ فرما دیا۔ جو مکہ مکرمہ سے بمعہ اہل وعیال کوفہ کی طرف روانہ ہو چکے تھے۔ باوجودیکہ حضرت عبداللہؓ بن عباس، حضرت عبداللہؓ بن جعفر طیار جو حضرت زینبؓ بنت علیؓ کے خاوند اور حضرت حسینؓ کے چچازاد بھائی اور بہنوئی بھی تھے جیسی ہستیوں نے کوفے جانے سے بہت روکا اکثر اکابر صحابہ بھی وہاں موجود تھے۔ وہ بھی روکنے والوں میں شامل تھے۔ جیسے ابوسعید خدری حضرت واثلہؓ اللیثی اور دیگر حضرات مگر حضرت حسینؓ نے اپنا ارادہ تبدیل نہ کیا، دراصل روکنے والے حضرات حضرت حسینؓ کی رائے سے اختلاف اس لیے نہیں کر رہے تھے، کہ انہیں حضرت حسینؓ کی رائے قبول نہ تھی بلکہ اہل کوفہ پر اعتبار کرنے کے حق میں نہ تھے صورت یہ تھی۔ کہ تمام ملک میں یزید کی بیعت ہو چکی تھی۔ اس میں صحابہ کرام بھی جو اس وقت دار دنیا میں تشریف رکھتے تھے۔ شامل تھے۔ قابل ذکر ہستیوں میں صرف دو حضرات عبداللہ بن زبیرؓ اور حضرت حسینؓ بن علیؓ نے تاحال بیعت نہیں کی تھی۔ اب کوفہ والوں کے خطوط اور وفود آئے تو حضرت حسینؓ کا موقف یہ تھا کہ یا تو حکومت اور حاکم ان ہزاروں افراد کو جو یہ کہتے ہیں کہ ہم سے زبردستی بیعت لی گئی مطمئن کرے یا پھر حکومت چھوڑ دے اور ایسا شخص امیر بنایا جائے جسے سب مسلمان قبول کریں۔ یہ فیصلہ برحق تھا۔ یہ سیاسی اختلاف تھا۔ اور حضرت حسینؓ اس کی اصلاح چاہتے تھے، یہ کبھی بھی کفر و اسلام کی جنگ نہ تھی۔

نہ فریقین میں سے کوئی کسی دوسرے کو کافر کہتا تھا۔ اب منع کرنے والوں کا تجربہ اور اس کے نتیجہ میں حاصل ہونے والی رائے یہ تھی کہ کوفیوں پہ اعتماد کرنا درست نہیں یہ غلط کہہ رہے ہیں اور یہ کوئی گہری چال اور سازش ہے جو بعد میں درست ثابت ہوئی۔

حضرت حسینؓ مکہ مکرمہ سے ذوالحجہ ۶۰ھ میں روانہ ہوئے۔ شیعہ حضرات ۸ ذی الحجہ کو روانگی نقل کرتے ہیں حالانکہ یہی تاریخ حجاج کی مکہ مکرمہ سے منیٰ کو روانگی کی ہے گویا چار ماہ مکہ مکرمہ قیام فرمانے کے بعد حضرت حج نہیں کرتے اور عین حج کی تاریخ کو شہر سے چل دیتے ہیں آخر کیوں کونسی آگ لگ رہی تھی جس نے حج کی فرصت نہ دی۔ ان کے علم کے مطابق تو کوفہ میں حضرت مسلمؓ کی بیعت ہو رہی تھی۔ کوئی حالتِ جنگ نہ تھی، صرف کوفہ پہنچنا تھا تو پھر منیٰ عرفات اور حج کی برکات کو کیوں چھوڑتے۔ وہ روانہ ہوئے یا نہ یہ علیحدہ بات ہے مگر شیعہ حضرات کی مجبوری یہ ہے کہ انہیں ہر حال میں یکم محرم کو کربلا پہنچنا چاہیئے۔ ورنہ ۱۰ روز کا جو ڈرامہ شیعوں نے کربلا میں سٹیج کیا ہے، وہ نہ ہو سکے گا چونکہ کربلا مکہ مکرمہ سے بائیس منازل سفر ہے پھر اس دور میں منزل کے علاوہ کسی جگہ قیام ممکن نہیں تھا خصوصاً جب مستورات اور بچوں کا ساتھ ہو۔ شیعہ مؤرخ انہیں حج نہیں کرنے دیتے اور روزانہ ایک منزل بھی ضرور چلاتے ہیں جو مسلسل ۲۲ روز عورتوں اور بچوں کے لیے تقریباً محال ہے، حالانکہ خود طبری نے جلد نمبر ۲ کے صفحہ ۱۹۷ پر لکھا ہے کہ آپ حج کے بعد کوفہ روانہ ہوئے۔ شیعہ حضرات کی بھی مجبوری ہے کہ اگر حضرت حسینؓ حج کریں تو آٹھ کو منیٰ ۹ کو عرفات اور رات مزدلفہ دس کو واپس منیٰ اور قربانی پھر گیارہ بارہ کو کنکریاں مارنا اور ارکان حج کی تکمیل طواف وداع وغیرہ تو اس طرح کہیں چودہ کو فارغ ہو کر پندرہ کو نکلیں پھر کسی منزل پر ایک آدھ دن آرام بھی کریں تو یہ حضرات بمشکل دس محرم کو کربلا پہنچ پاتے ہیں اور شہید ہو جاتے ہیں۔ اس ایک روزہ جنگ میں بھلا وہ افسانے کیسے سما ئیں، جو دس دنوں میں نہیں سمارہے، اور شہادت حسینؓ کو ایک افسانہ آزادی بنا کر دکھاتے ہیں لیکن یہ مجبوری شیعہ حضرات کی ہے حضرت حسینؓ کی نہ تھی، انہوں نے حج کیا، اور دوران

حج جبکہ تمام عالم کے مسلمان جمع تھے، کسی کو اپنے ساتھ کوفہ چلنے کی دعوت نہ دی۔ اور نہ یزید کے خلاف علان جنگ فرمایا۔ ورنہ کیا نواسہ رسول مقبول ﷺ کی بات میں اتنا اثر بھی نہ ہوتا کہ لوگ ساتھ چل دیتے۔ اصل بات یہ تھی کہ حضرت جنگ کے لیے نکلے ہی نہ تھے مقصد اصلاح احوال تھا۔ ورنہ جنگ کے لیے کون مستورات اور بچوں کو لے کر بغیر کسی فوجی قوت کے چل نکلے گا۔ آپ کا ارادہ تو کوفہ میں قیام فرمانے کا تھا جہاں آپ کا گھر پہلے سے موجود تھا اور پھر کوفہ والوں کی مسلسل چٹھیوں اور دعوتوں نے آپ کا میدان اس طرف کر دیا تھا۔ اب اگر حکومت کوفہ والوں کو مطمئن کر دیتی تو حضرت کا حکومت سے کوئی جھگڑا نہ تھا۔ اور اگر نہ کر سکتی اور آپ ان کی قیادت و سیادت قبول فرماتے تو حق بجانب تھے، لہٰذا آپ چل دیئے۔ اثنائے راہ میں وہ خط ملا، جو حضرت مسلمؓ نے شہادت سے قبل تحریر کیا تھا اور ساتھ حضرت مسلمؓ کی خبر بھی آپ نے احباب سے مشورہ فرمایا، کہ واپس چلیں یا کوفہ پہنچیں تو حضرت کا فیصلہ کوفہ پہنچنے کا تھا۔ ممکن ہے آپ کا خیال ہو کہ میرا ذاتی طور پر وہاں موجود ہونا اپنی ایک الگ حیثیت رکھتا ہے نیز حضرت مسلمؓ آخر کیسے شہید ہوئے۔ وہ کوفی کہاں گئے جن کی دعوت تھی اور قاتل کون ہے نیز آپ کا ارادہ تو کوفہ میں قیام کا تھا۔ جس کے لیے بہرحال کوفہ تو جانا ہی تھا۔

یہاں یہ بات قابلِ غور ہے، کہ یہ مکہ سے کوفہ جانے والا قافلہ کربلا کیسے پہنچا۔ جو کوفہ سے دمشق کے راستے پر پھر کوفہ سے تیس میل کے فاصلہ پر ہے۔ ہوا یہ کہ جب یہ قافلہ القرعا کے مقام پر پہنچا تو یہاں فوجی دستے متعین تھے۔ جنہوں نے راستہ روکا اور کمال یہ ہے کہ یہ دستے کوفیوں پر مشتمل تھے، وہاں باتیں ہوئیں، بیعت یزید کا مطالبہ ہوا۔ حضرت حسینؓ نے فرمایا میں تو تمہارے بلانے پر آیا ہوں۔ یزید یا حکومت کے ساتھ میرا ذاتی جھگڑا ہے اب اگر تم اس حکومت پر راضی ہو تو ٹھیک ہے، بات ختم میرا راستہ چھوڑ دو۔ مگر وہ نہ مانے اور بیعت پر اصرار کرتے رہے، یہاں یہ بھی ملتا ہے کہ انہوں نے خط بھیجنے سے بے خبری ظاہر کی، مگر حضرت حسینؓ نے ایک ایک کا نام لے کر فرمایا۔ اے فلاں کیا تو نے چٹھی نہیں لکھی، اے فلاں ابن فلاں

کیا تونے قاصد نہیں بھیجا۔ الغرض بہت ردّ و کد کے بعد یہ طے ہوا۔ کہ چلو سب دمشق چلتے ہیں وہاں یزید کے روبرو فیصلہ ہوگا۔ چنانچہ یہ قافلہ اور فوجی القرعا سے دمشق کو چلے، جبکہ کوفہ ایک سمت چھوڑ دیا اور کربلا وہ مقام ہے، جو القرعا سے تیسری منزل ہے اور کوفہ سے دمشق و نیز مکہ مکرمہ سے آنے والا راستہ بھی مل جاتا ہے، جیسا کہ نقشہ سے ظاہر ہے اور تمام مقامات آج بھی روئے زمین پر موجود ہیں۔ یہ بات کہ یہاں کوئی کفر و اسلام کا مقابلہ تھا۔ درست نہیں ہے اگر ایسا ہوتا تو حضرت حسینؓ اپنی رائے ہرگز تبدیل نہ فرماتے۔ کہ یزید تو اپنی جگہ موجود تھا اور حضرت حسین نے کوفی لشکر کے سامنے جو مطالبہ رکھا، وہ تین حصوں پر مشتمل تھا۔ اول مجھے واپس جانے دو، دوم مجھے یزید کے پاس لے چلو۔ سوم مجھے کسی دوسرے ملک یا سرحدات کی طرف نکل جانے دو۔

لہٰذا اندازاً ۵ محرم کو آپ القرعا سے نکلے اور سب اسی بات پر متفق تھے کہ دمشق کو چلتے ہیں۔ چنانچہ ۷ محرم کو العذیب ۸ محرم کو قصرِ مقاتل اور ۹ محرم کو کربلا پہنچے یہ تاریخی حقیقت ہے، بہرحال حضرت حسینؓ نے کربلا میں قیام فرمایا اور ستانے کے لیے دس محرم کو سفر ملتوی رکھا۔ اب لطف کی بات یہ ہے کہ کوفی جن پر یہ لشکر مشتمل تھا اکثر نماز حضرت حسینؓ کے ساتھ ادا کرتے تھے۔ کربلا میں ظہر کی اذان ہوئی تو بیشتر آ گئے۔ حضرت نے پھر وہی بات چھیڑ دی، کہ تم عجیب لوگ ہو، پہلے مجھے دعوت دی، پھر خود یزید سے مل گئے۔ چلو یہ بھی ٹھیک ہوا مگر اب میرا راستہ روکنے کا تمہیں کیا حق حاصل ہے، چنانچہ جب انہوں نے خطوط سے لاعلمی ظاہر کی، تو حضرت حسینؓ نے خطوط سے بھری تھیلیاں منگوائیں اور ڈھیر کر دیں، جن میں ہزاروں خطوط تھے، اور ۵۰ خطوط ایسے تھے۔ جن کے حاشیہ پر کئی کئی افراد کے دستخط ثبت تھے یہ ساری بات شیعہ حضرات کی خلاصۃ المصائب کے صفحہ ۵ پر بھی موجود ہے۔ جب یہ بات حضرت نے کوفہ کے ان سرداروں کے سامنے بیان کی اور خطوط کے بارے میں بتایا تو انہوں نے خوب سمجھ لیا کہ دمشق پہنچ کر کیا ہوگا۔ وہ یہ خوب جانتے تھے کہ حضرت حسینؓ کو قتل

(ادپر سے نقشہ ملاحظہ فرمائیے)

دمشق

۳۴۰ میل

بغداد

۳۲ میل

کوفہ

کربلا

القرعا

ذو حسم قصر مقاتل

العذیب

۱۰۴۰ میل

مدینہ منورہ

۲۴۰ میل

مکۂ مکرمہ

میل

کرنا سیاسی اعتبار سے بھی یزید کو ہلا کر رکھ دے گا۔ اور یہ کسی طرح اس کے حق میں نہیں ہوگا۔ لیکن اگر حضرت حسینؓ کو یہاں شہید کر دیا جائے۔ تو خطوط بھی تلف ہو سکتے ہیں اور واقعہ کی ذمہ داری یزید کے نام پر ہوگی، لہٰذا ایک عالم اس کے خلاف غم و غصہ سے بھر جائے گا۔ پھر اس کے لیے ہمارے ساتھ بگاڑنا بھی آسان کام نہ رہے گا۔ یہ وہ سوچ تھی، جس نے عصر سے قبل ہی ان کو حضرت حسینؓ کی اقامت گاہ پر بے خبری میں ٹوٹ پڑنے کے لیے اکسایا اور یوں جگر گوشۂ بتول کا چمن ان ظالموں کی ٹاپوں تلے تھا۔ چند خدام ہمراہ تھے، صاحبزادگان اور بھتیجے یا کچھ لوگ انہی کوفیوں میں تھے، جو بلانے کو گئے تھے، یا پھر حُر جو خطوط دیکھ کر کوفیوں سے نالاں تھا۔ ساتھ شہید ہوا۔ یہ چند نفوس مقدسہ تھے۔ جو ظلماً سازش کر کے نہایت بے دردی سے شہید کر دیئے گئے مختصر یہ کہ شہادت حسینؓ کے متعلق تمام واقعات ابتدا سے انتہا تک اس قدر اختلافات سے پُر ہیں، اکثر واقعات مثلاً اہل بیت پر تین شبانہ روز پانی کا بند کرنا آپ کی لاش مبارک سے کپڑوں کا اتارا جانا، نعش مبارک کا زد و کوب سُم اسپاں کیا جانا، اہلِ بیعت کی غارت گری، نبی زادیوں کی چادریں تک چھین لینا وغیرہ وغیرہ نہایت مشہور اور زبان زدِ خاص و عام ہیں حالانکہ اس میں سے بعض سرے سے غلط اور بے بنیاد ہیں۔

واقعہ کربلا اس قدر اہم تھا۔ کہ کوفیوں نے ایک تیر سے کئی شکار کئے ورنہ شمر حضرت علیؓ کا سالا اور حضرت حسینؓ کے بھائیوں جعفرؓ، عباسؓ اور عثمانؓ کا حقیقی ماموں تھا جنگِ صفین میں نہایت بے جگری سے لڑا، ابن سعد حضور ﷺ کا ماموں زاد بھائی تھا۔ اور حضرت امام حسینؓ کا رشتہ میں نانا۔ اور جلاء العیون میں ہے کہ دیر تک حضرت حسینؓ کے پاس بیٹھا کرتا تھا، بلکہ خود یزید کی بیوی عبداللہ بن جعفر طیار کی بیٹی حضرت زینبؓ کی سوتیلی بیٹی اور حضرت حسینؓ کی بھانجی تھیں، چچا زاد بھائی کے ناطے سے بھتیجی بھی چنانچہ اس سانحہ عظیم کے متعلق جس کی تاریخی شہادت کا حوالہ تو دے ہی دیا ہے اس قدر مزید حوالہ جات دیئے جا سکتے ہیں کہ خود ایک علیحدہ دفتر بن جائے۔

کوفہ کو عہدِ فاروقی کی ایک فوجی چھاؤنی تھی جو ۱۵ھ میں بنائی گئی رفتہ رفتہ شہر بن گیا۔ اور مختلف علاقوں کے لوگ یہاں آکر آباد ہوئے۔ یہود کی زیر زمین خلاف اسلام تحریک جس کے ہاتھ حضرت عمرؓ کے مبارک خون سے آلودہ اور جس کی تلوار حضرت عثمان غنیؓ کے خون سے رنگین تھی جس کی عبا سے تاحال خونِ علیؓ خشک نہیں ہوا تھا اس کا مرکز بھی کوفہ تھا۔ اور اس کے داعی اور بانی عبداللہ ابن سبا کے سب سے زیادہ معتمد شاگرد کوفہ میں ہی تھے اور شیعانِ علی کہلواتے تھے، یہ ایک سیاسی غلاف تھا کہ ہم سیاست میں حضرت علیؓ کے طرفدار ہیں۔ مگر باطنی طور پر یہ لوگ اسلام کے دشمن تھے، لہٰذا انہوں نے کبھی حضرت علیؓ سے بھی وفا نہ کی، ذرا ان کے بارے میں حضرت علیؓ کی رائے شیعہ کتب کے حوالہ سے سن لیں۔

(نہج البلاغہ از قسم اول ص۷۷)

"وائے مردوں کے ہم شکل نامردو! لڑکیوں کی سی سمجھ رکھنے والو! عورتوں کی سی عقل رکھنے والو! مجھے آرزو ہے کہ کاش میں نے تم کو نہ دیکھا ہوتا۔ اور نہ پہچانا ہوتا یہ پہچاننا ایسا ہے کہ واللہ اس سے پشیمانی حاصل ہوئی، اور رنج لاحق ہوا۔ خدا تم کو غارت کرے تحقیق تم لوگوں نے میرا دل پیپ سے بھر دیا اور میرا سینہ غصہ سے لبریز کر دیا، تم لوگوں نے مجھے غم کے گھونٹ سانس لے لے کے پلائے۔ اور نافرمانی کر کے اور ساتھ نہ دے کر میری رائے کو خراب کر دیا، یہاں تک قریش کے لوگ کہتے ہیں کہ ابن ابی طالب بہادر تو ہے۔ لیکن اس کو لڑائی کے فن کا علم نہیں"

حضرت علیؓ یہ سب اوصاف ان کے بیان فرما رہے ہیں جو محبان اہل بیت اور شیعان علیؓ ہیں۔

غرض اس سبائی ٹولہ نے یہ قیامت توڑی اور پھر لوط بن یحییٰ نامی جس کا لقب ابی مخنف تھا، ۱۹۸ھ میں اس نے تقریباً ڈیڑھ سو سال بعد "رطب و یابس" جمع کر کے "مقتل حسینؓ" نامی کتاب لکھی۔ جسے بعد کے مؤرخوں نے بنیاد بنایا اور ساڑھے تین سو سال بعد معز الدولہ نے ایک

علیحدہ مذہب شیعہ کی باقاعدہ بنیاد رکھ دی، جسے ابوجعفر کلینی نے الکافی نامی کتاب میں ترتیب دیا تھا۔ کلینی کا سنِ وفات ۳۲۳ھ ہے اس نے مذہب کی روایات کو حضرت جعفرؒ کی طرف منسوب فرمایا جو اس سے تقریباً ۲ صدی پہلے گزر چکے تھے۔ اور مذہب کی بنیادی کتابوں میں سے صرف یہی کتاب ہے، جو سب سے کم عرصہ بعد لکھی گئی۔ ورنہ **من لایحضرۃ الفقیہ** محمد بن علی ابن بابویہ قمی نے ۳۸۱ھ میں تہذیب الاحکام اور استبصار محمد بن حسن طوسی نے ۴۶۵ھ میں لکھیں اور اس طرح واقعہ کربلا کو مذہب شیعہ کی بنیاد بنا کر اہل سنت کے خلاف نفرت کا الاؤ روشن کیا جو اب تک پورے عالمِ اسلام کی تباہی کا موجب بن رہا ہے ان ظالموں نے ایک متوازی اسلام جاری کر دیا۔ اور کلمہ کے مقابل میں کلمہ، نماز کے مقابل میں نماز، وضو کے مقابل وضو کا طریقہ غرض حج، زکوٰۃ کوئی عبادت نہ چھوڑی جس کے مقابل اپنی طرف سے نہ گھڑ لیا، کتاب اللہ کا انکار کیا، عقائد توحید و رسالت میں تبدیلی کی، ذاتِ رسولِ اقدس ﷺ ازواج مطہراتؓ، بناتِ رسولِ مقبول ﷺ اور صحابۂ رسول ﷺ پر زبان طعن دراز کی، اہل بیت رسول ﷺ کو ظلماً قتل کیا اور اس ظالمانہ فعل کو آڑ بنا کر اسلام کو فسانہ آزاد بنانے کے درپے ہیں۔

یہ وہ قیامت تھی، جو میدان میں حضرت حسینؓ پر وارد ہوئی۔ مگر اب کرب یہ ہے کہ چودہ صدیاں بیت گئیں، مگر ظالموں نے انہیں معاف نہ کیا، بلکہ جھوٹ پر جھوٹ تراش کر ان کے ذمہ لگاتے جا رہے ہیں۔

بنو اُمیہ نے ابن سبا کی پیدا کی ہوئی خلیج کو پاٹنے کے۔ لیے ہاشمیوں کے ساتھ ان کے حسبِ حال عزت و اکرام کا سلوک روا رکھا، سب کے رہبر بنے مقرر کیے جاگیریں بھی عطا کیں۔ لیکن اس کے باوجود ابن سبا نے جو منافرت پھیلائی تھی، اور بنا ہاشمیوں کے حقدارِ خلافت ہونے کا عقیدہ وہ فتنہ پروری اور اسلامی حکومت کی تباہی کا سبب بنتا رہا ہے جس کی چند مثالیں حسبِ ذیل ہیں۔

(۱) محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس کو دمشق اور مدینہ کے درمیان حمیمہ کی جاگیر عطا کی۔
(۲) ابو ہاشم عبداللہ بن محمد بن حنیفہ کو حجاز میں بیش قیمت وظائف دیئے۔
(۳) زید بن علی بن حسین کوفہ میں نہایت معقول وظیفے پاتے تھے۔

اس کے باوجود ابن سبا نے جو قبائلی منافرت پھیلائی تھی وہ رہ رہ کے ابھرتی رہی۔ ہاشمیوں کے حقدار خلافت ہونے کا عقیدہ جو ابن سبا نے ایجاد کیا تھا وہ فتنہ پردازی کا موجب بنتا رہا مثلاً۔

(۱) سلیمان بن عبدالملک کے زمانے میں ابو ہاشم حمیمہ میں محمد بن علی کے پاس رہ گئے وہیں فوت ہوئے۔ مگر محمد بن علی کو وصیت کی کہ بنوامیہ سے سلطنت چھین لی جائے چنانچہ اس وصیت پر عمل کرتے ہوئے علویوں کے شیدائی حرث بن شریح ازدی نے خراسان میں حمایت اہل بیت کے نعرہ پر ۴ ہزار جانباز تیار کیے اور حکومت کے خلاف بغاوت کی اور بلخ پر قابض ہوگیا، پھر جرجان اور مرو پہنچا اور اس کی فوج ۶۰ ہزار ہوگئی حاکم مرو نے یہ بغاوت کچل دی

(۲) سنہ ۱۰۰ھ میں محمد بن علی نے عراق اور خراسان میں اپنے نقیب بھیجے اور خفیہ طور پر اپنی امامت کی بیعت لینا شروع کی۔

(۳) سنہ ۱۲۲ھ میں زید بن علی نے کوفہ میں جنگ کے لیے بیعت لینا شروع کی ۱۵ ہزار آدمی بیعت ہوگئے۔ زید نے اپنی امامت کا اعلان کر دیا، کوفہ کے حاکم یوسف بن عمر ثقفی نے مقابلہ کیا اور صرف ۲۰۰ کوفی زید کے ساتھ رہ گئے باقی سب چھوڑ گئے، زید قتل ہوئے

(۴) سنہ ۱۲۴ھ میں محمد بن علی فوت ہوئے تو ان کے بیٹے امام ابراہیم بن محمد کے ہاتھ پر بیعت ہونے لگی۔

(۵) سنہ ۱۲۵ھ میں ابراہیم نے ابو مسلم خراسانی کو تمام داعیوں کا افسر بنا کر خراسان بھیجا۔

(۶) سنہ ۱۲۶ھ میں ابو مسلم پوری سرگرمی سے مصروف عمل ہوگیا اور مرو پر قابض ہوگیا، امام ابراہیم نے اسے لکھا کہ خراسان میں کسی عربی النسل کو زندہ نہ چھوڑنا یہ خط پکڑا گیا۔

مروان الحمار نے ابراہیم کو حمیمہ سے گرفتار کر لیا وہ قید ہی میں مر گیا۔ اس نے وصیت کی کہ ابو العباس سفاح میرا جانشین ہوگا۔

یہاں تک علوی اور عباسی متحد ہو کر بنو ہاشم کی حیثیت سے مسلمانوں کی پُر امن سلطنت کے خلاف برسرِ پیکار رہے۔ سنہ ۱۳۰ھ میں دونوں پارٹیوں کی مکہ میں کانفرنس ہُوئی اور یہ طے پایا کہ امویوں کی خلافت تو اب مٹنے والی ہے، لہٰذا اولادِ علی میں سے کسی کو خلیفہ منتخب کیا جائے۔ یہ اسی کی صدائے بازگشت تھی جو ابن سبا نے پہلے دن اس تحریک کے کان میں پھونکی تھی۔ چنانچہ محمد نفس زکیہ کا انتخاب کیا گیا۔ مگر جب موقع آیا تو عباسیوں میں سے عبداللہ بن سفاح کوفہ پہنچا اور سنہ ۱۳۲ھ میں اس کے ہاتھ پر بیعت ہُوئی۔ گو ابو سلمہ نے جو امام ابراہیم کا نقیب تھا۔ امام جعفر کو لکھا کہ کوفہ آ جئے اور خلافت سنبھالیے مگر انہوں نے انکار کر دیا۔

محمد نفس زکیہ کے والد عبداللہ بن حسن مثنیٰ نے سفاح سے شکایت کی کہ خلافت ہمارا حق ہے۔ اور مکہ کانفرنس میں یہ فیصلہ بھی ہو چکا ہے، یہ شکایت اس تحریک میں ایک نیا موڑ تھا اب بنو ہاشم اور بنو امیہ کی بجائے ہاشمیوں کے دو گروہ بن گئے۔ یعنی علوی اور عباسی اور ان کی آپس میں ٹھن گئی۔

سفاح نے دیکھا کہ علویوں کو خاموش کرانا ضروری ہے اس لیے عبداللہ بن حسن مثنیٰ کو ۲ لاکھ درہم ۸۰ ہزار دینار اور بے شمار جواہرات دے کر راضی کر لیا وہ تو راضی ہو گئے، مگر امن کی فضا پیدا ہونا سبائی تحریک کے مزاج کے خلاف تھی۔ امویوں کے برعکس علویوں کے ساتھ عباسیوں کا سلوک دوسری قسم کا تھا۔ ابو سلم نے سفاح کا ساتھ دیا اور تمام مدعیان خلافت کو چُن چُن کے قتل کیا تاکہ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری۔ یہ اقدام مستقل وجہ خصومت بن گیا اور علویوں نے عباسیوں کے خلاف سازش، شورش اور خروج کا ایسا سلسلہ شروع کیا جو سینکڑوں برس تک جاری رہا۔

سبائی تحریک کو مناسب ماحول تو مل ہی چکا تھا کیونکہ دنیا صحابہؓ کے وجود سے خالی

ہو گئی تھی اور اس تحریک کو وہ نسل مل گئی جو دین سے ناآشنا اور خالص دنیا پرست لوگ تھے صحابہؓ کے اٹھ جانے کا اجمالی نقشہ یہ ہے۔

مصر میں آخری صحابی عبداللہؓ بن حارث ۸۶ھ میں فوت ہوئے۔

شام میں ابو امامہ باہلیؓ ۸۶ھ میں، کوفہ میں عبداللہ بن ابی اوفیؓ ۸۷ھ میں ہیفہ میں سائب بن یزیدؓ ۹۱ھ میں، بصرہ میں انس بن مالکؓ ۹۳ھ میں فوت ہوئے بلکہ دوسری صدی کے پہلے ربع میں جلیل القدر تابعی بھی دنیا سے رخصت ہو گئے ۱۰۴ھ میں ابو عمر شعبیؒ ۱۰۶ھ میں سالم بن عبداللہؒ ۱۰۷ھ میں عکرمہ مولی ابن عباسؒ ۱۱۰ھ میں حسن بصریؒ ۱۱۴ھ میں عطا بن ابی رباحؒ ۱۱۷ھ میں نافع مولی ابن عمرؒ ۱۱۸ھ میں قتادہؒ، ۱۲۴ھ میں ابن شہاب زہریؒ اور ۱۲۷ھ میں عبداللہ بن دینارؒ فوت ہوئے۔

سبائی تحریک علوی عباسی تصادم کے روپ میں

عبداللہ بن سبا نے اولادِ علیؓ کے حق خلافت کا شاخسانہ اٹھا کر مسلمانوں کی سیاسی یک جہتی کو انتشار اور تشتت و افتراق میں کچھ اس طرح تبدیل کر دیا کہ علوی حضرات اس تحریک کے ہاتھ میں کھلونا بن گئے اور انہیں ہر موقع پر اس خطرناک کھیل میں دھکیلنے کی کوشش کی گئی مکہ کانفرنس نے اس شوق کے لیے مہمیز کا کام دیا۔ چنانچہ۔

(۱) منصور عباسی میں محمد نفس زکیہ نے مدینہ میں خروج کیا۔ اور اپنی خلافت کا اعلان کر دیا ۱۴۵ھ میں یہ بغاوت فرو ہو گئی۔

(۲) ۱۶۹ھ میں محمد نفس زکیہ کے چچازاد بھائی حسین بن علی اور نفس زکیہ کے بیٹے حسن بن محمد نے مکہ اور مدینہ میں خروج کیا اور ان پر قابض ہو گئے مگر دونوں مارے گئے

(۳) ۱۷۵ھ میں یحییٰ بن عبداللہ برادر نفس زکیہ جو دیلم میں خفیہ تحریک چلا رہے تھے خروج

کیا، ہارون الرشید نے فضل بن یحییٰ برمکی کو فوج دیکر بھیجا اس نے صلح کرادی۔

(۴) ۱۹۹ھ میں محمد نفس زکیہ کے چچا زاد بھائی کے پوتے ابن طبا طبا نے خروج کیا اور کوفہ پر قابض ہو گیا۔

(۵) ۲۰۰ھ میں محمد بن جعفر نے ابو السرایا کے تعاون سے بغاوت کی مگر گرفتار ہوا۔

(۶) ۲۰۱ھ میں بابک خرمی نے خروج کیا۔ ۲۰ برس تک آذربائیجان میں حکومت کی ایک لاکھ پچیس ہزار آدمی قتل کر لئے۔

۲۲۲ھ میں بابک قتل ہوا۔

(۷) ۲۱۸ھ میں محمد بن قاسم بن علی نے خراسان میں خروج کیا۔

۲۱۹ھ میں قید کر لیا گیا۔

ان دو صدیوں میں اسلامی اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کے لیے قبائلی عصبیت سے کام لینے کے علاوہ سبائیوں نے خود اپنی جماعت میں مذہب کے نام پر جو اعتقادی فرقے پیدا کئے وہ گو بظاہر ایک دوسرے سے کسی قدر مختلف تھے لیکن اسلام کے خلاف متحد ہو گئے تھے۔ ان کا یہ اختلاف محض طبائع مزاج اور ذاتی مفاد کی بنا پر تھا۔ مگر چونکہ اسلام کے نام سے یہ عقیدے ایجاد کیے گئے اور ان کا مقصد اسلام کو نقصان پہنچانا تھا اس لیے ان کا اجمالی تعارف ضروری ہے۔

(۱) **شیعہ مخلصین**: حضرت علیؓ کو چوتھا خلیفہ برحق مانتے تھے، باقی حضرات کو برا نہیں کہتے تھے۔

(۲) **تفضیلیہ**: حضرت علیؓ کو تمام صحابہؓ سے افضل سمجھتے تھے، اصحاب ثلاثہ کو اس لیے برا نہیں کہتے تھے کہ وہ حضرت علیؓ کی رضامندی اور اجازت سے خلیفہ بنے تھے۔

(۳) **تبرائیہ**: صحابہؓ کو ظالم، اصحاب ثلٰثہؓ کو غاصب بلکہ کافر تک کہتے تھے۔

(۴) **غلاۃ**: ان کا عقیدہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت علیؓ میں حلول کیا ہے۔

(۵) **کاملیہ** : ان کا عقیدہ تھا کہ تمام صحابہ اس لیے کافر ہیں کہ حضرت علیؓ کو خلیفہ نہیں بنایا اور حضرت علیؓ اس لیے کافر ہیں کہ ان کے خلاف نہیں لڑے اور کی خلافت کو تسلیم کر لیا۔

(۶) **کیسانیہ** : یہ حضرت حسنؓ کی امامت کے منکر ہیں۔ اور حضرت علیؓ کے بعد محمد بن حنیفہ کو امام برحق مانتے ہیں۔

(۷) **مختاریہ** :۔ یہ مختار ثقفی کو نبی اور عالم الغیب مانتے ہیں یہ بعد میں اسماعیلیہ بن گئے

(۸) **ھاشمیہ** :۔ یہ لوگ ابو ہاشم عبداللہ بن محمد بن حنیفہ کو امام برحق مانتے ہیں۔

(۹) **زیدیہ** :۔ زید بن علی سے منسوب ہے۔

(۱۰) **منصوریہ** :۔ ابو منصور عجلی سے منسوب ہے، ان کا عقیدہ ہے جبرئیل نے پیغام پہنچانے میں غلطی کی ہے نبوت ختم نہیں ہوئی حضرت علیؓ کو رسول مانتے ہیں

(۱۱) **مفضلیہ** :۔ حضرت علیؓ کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ وہی نسبت ہے جو حضرت عیسیٰؑ کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ تھی۔ رسالت کبھی منقطع نہیں ہوتی۔

(۱۲) **غرابیہ** : حضرت علیؓ کو نبی کریمؐ ایسی مشابہت تھی جیسی ایک کوے کو دوسرے کوے کے ساتھ ہوتی ہے اسی وجہ سے جبرئیل دھوکا کھا گئے اور حضرت علیؓ کی بجائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نبوت دے گئے۔ یہ جبرئیلؑ کو برا بھلا کہتے ہیں۔

(۱۳) **ذمّیم** :۔ حضرت علیؓ کے جسم میں اللہ نے حلول کیا ہے اور محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم تھا کہ لوگوں کو حضرت علیؓ کی طرف دعوت دیں انہوں نے اپنی طرف دعوت دینا شروع کر دیا اس لیے یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو برا کہتے ہیں۔

(۱۴) **علیایہ** :۔ حضرت علیؓ خدا تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ کی بیعت کی اور آپ حضرت علیؓ کے متبع اور مطیع تھے۔

(۱۵) **اثینیہ** :۔ حضرت علیؓ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم دونوں یکساں طور پر نبوت میں

شریک تھے، ایک کو دوسرے پر کوئی فضیلت نہیں۔

(۱۶) **خطابیہ** :۔ ہر اُمت کے لیے دو رسول ہوتے ہیں ایک ناطق ایک صامت آنحضرت ﷺ رسول ناطق ہیں اور حضرت علیؓ رسول صامت حضرت علیؓ کی اولاد سب انبیاء میں داخل ہیں۔

(۱۷) **معمریہ** :۔ خطابیہ کی ایک شاخ ہے یہ قیامت کے قائل نہیں، شراب، زنا کو جائز اور نماز کو غیر ضروری سمجھتے ہیں۔

(۱۸) **اسمٰعیلیہ** : اسماعیل بن جعفر صادق کو امام برحق سمجھتے ہیں اور ان کی موت کے قائل نہیں۔

(۱۹) **تفویضیہ** : اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ اور حضرت علیؓ کو پیدا کر کے تمام دنیا کا انتظام ان کے سپرد کر دیا۔ ان کے بعد اماموں کے سپرد ہے۔

(۲۰) **جارودیہ** :۔ اولاد علیؓ میں امامت زین العابدین کے بعد زید کو پہنچی پھر حضرت حسنؓ کی اولاد میں پہنچی۔

اسی طرح کے اور کئی فرقے پیدا ہوئے مگر ان سب میں عبداللہ بن سبا کی آواز کہ امامت علیؓ کا حق ہے مختلف سروں میں نکل رہی ہے۔

(۸) ۲۵۶ھ میں ابراہیم بن محمد بن یحییٰ بن عبداللہ بن محمد بن حنیفہ نے مصر میں بغاوت کی۔ ابن طولون نے اس بغاوت کو فرو کیا۔

(۹) ۲۵۶ھ میں علی بن زید نے کوفہ میں خروج کیا، مگر گرفتار ہوا۔

(۱۰) ۲۵۶ھ میں حسین بن زید علوی نے رے پر قبضہ کر لیا۔

(۱۱) ۲۷۰ھ میں محمد بن زید نے طبرستان پر قبضہ کر لیا۔ سامانیوں نے اس کا خاتمہ کیا۔

(۱۲) ۲۷۸ھ میں محمد بن حسن بن جعفر بن موسیٰ کاظم نے مدینہ میں خروج کیا۔ اس کے بھائی علی بن حسن نے بھائی کے خلاف خروج کیا مکہ اور مدینہ میں خانہ جنگی رہی۔

(۱۳) ۲۷۸ھ میں کوفہ میں حمدان قرمط ایک غالی شیعہ نے نیا مذہب ایجاد کیا اسمٰعیل بن جعفر کو امام برحق اور محمد بن حنیفہ کو رسول کہتا تھا، دن میں دو نمازیں سال میں دو روزے فرض، شراب حلال کر ڈالی۔

۲۸۶ھ میں قرامطہ نے خروج کیا اور بصرہ پر قابض ہو گئے مسلمانوں کو زندہ آگ میں جلا دیا۔

(۱۴) ۲۸۸ھ میں علویوں نے یمن میں قبضہ کر کے زیدیہ حکومت قائم کی۔

(۱۵) ۲۸۹ھ میں ابوسعید قرمطی نے عراق پر قبضہ کیا پھر دمشق فتح کیا۔

۲۹۱ھ میں قرامطہ کو شکست ہوئی۔

(۱۶) ۲۹۶ھ میں ایک مجوسی عبید اللہ نے اپنے آپ کو علوی اور فاطمی کہہ کر ملا دیت کا دعویٰ کے ساتھ دولت عبیدیہ کی بنیاد رکھی، افریقہ میں دولت اغلبیہ کا خاتمہ کیا۔

(۱۷) ۳۰۱ھ میں حسن بن علی علوی نے جو طراوش کے نام سے مشہور ہے صُوبہ طبرستان پر قبضہ کر لیا

(۱۸) ۳۰۴ھ میں والی خراسان نے طراوش کو قتل کیا۔

(۱۹) ۳۱۱ھ میں ابوسعید جنابی قرمطی نے بصرہ میں مسلمانوں کا قتل عام کیا۔

(۲۰) ۳۱۲ھ میں ابوطاہر قرمطی نے حاجیوں کے قافلوں کو لوٹنا شروع کیا۔ پھر کوفہ پر حملہ آور ہوا خلیج فارس سے فلسطین تک اور بصرہ سے مکہ تک قرامطہ چھا گئے۔ ۳۱۶ھ تک سارے عراق پر قرامطہ کا قبضہ ہو گیا۔

(۲۱) ۳۱۸ھ میں ابوطاہر قرمطی نے مکہ پر حملہ کر کے حاجیوں کا قتل عام کیا۔ چاہِ زمزم کو مقتولین کی لاشوں سے پُر کر دیا، سنگِ اسود اکھیڑ کر بحرین لے گیا۔

۳۳۹ھ میں سنگ اسود واپس لایا گیا۔

(۲۲) ۳۵۱ھ میں معزالدولہ دیلمی نے جامع مسجد بغداد کے دروازہ پر صدیق اکبرؓ اور دوسرے صحابہؓ کے نام لعنت کے الفاظ لکھوائے۔ اور سرکاری طور پر عید غدیر منانے کا حکم دیا۔

سنہ ۳۵۲ھ میں معزالدولہ نے ۱۰ محرم کو یوم غم منانے کا حکم دیا، دکانیں بند کرنے اور ماتمی سیاہ لباس پہننے کا حکم دیا، نوحہ کرتے جلوس نکالنے عورتوں کو بال کھول کر بازاروں میں مرثیہ پڑھنے، منہ نوچنے کا حکم دیا، سنہ ۳۵۳ھ میں اسی روز مسلمانوں کو بھی شامل ہونے کا حکم دیا۔ جس پر فرقہ وارانہ فساد ہو گیا، کشت وخون ہوا۔ معزالدولہ کی یہ دونوں فتنہ پرور بدعتیں آج تک دین شیعہ کے مہمات مسائل کی حیثیت اختیار کر چکی ہیں۔

(۲۳) سنہ ۳۶۰ھ میں معزالدولہ کے بیٹے عزالدولہ نے حکم دیا کہ کوئی شخص نماز تراویح نہ پڑھے۔

(۲۴) سنہ ۳۷۳ھ میں شیعہ اسماعیلیہ نے ایک سیاسی انجمن قائم کی جس کے ممبر اخوان الصفا کہلاتے ہیں۔

(۲۵) سنہ ۳۹۳ھ میں دمشق کے شیعہ گورنر نے ایک مسلمان امیر کو گدھے پر سوار کر کے سارے شہر میں پھرایا ایک آدمی منادی کرتا جاتا کہ یہ اس شخص کی سزا ہے جو ابوبکرؓ اور عمرؓ سے محبت رکھے پھر اس کو شہید کر دیا۔

(۲۶) سنہ ۳۹۵ھ میں عبیدی شاہ مصر نے مسلمان علماء کو قتل کرایا اور مسجدوں دروازوں اور اور شارع پر صحابہؓ کے نام گالیاں لکھوا دیں۔

(۲۷) سنہ ۴۱۸ھ میں جلال الدولہ دیلمی نے بغداد میں حکم دیا کہ نماز کے وقت اذان نہ کہی جائے بلکہ نقارہ بجایا جائے، چنانچہ ایسا کیا گیا۔ اور بغداد میں فرقہ وارانہ ہنگامے برپا ہونے لگے۔ سنہ ۴۴۷ھ میں طغرل بیگ سلجوقی نے دیلمیوں کے اقتدار کا خاتمہ کیا اور عباسی خلیفہ کو اپنی حمایت میں لیا، اور علوی عباسی چپقلش کا خاتمہ ہوا مگر وہ بھی بالکل وقتی اور عارضی ثابت ہُوا۔

(۲۸) سنہ ۴۵۰ھ میں پھر شیعوں نے موصل سے فوجیں لا کر بغداد پر قبضہ کر لیا۔ اور بغداد کو جی بھر کے لوٹا۔ طغرل بیگ ہمدان کی بغاوت فرو کرنے گیا ہُوا تھا۔ سنہ ۴۵۱ھ میں واپس آیا تو شیعہ بھاگ گئے۔

(۲۹) ۴۸۳ھ میں حسن بن صباح نے قلعہ الموت میں باطنی سلطنت کی بنیاد رکھی، جو ڈیڑھ سو سال تک مسلمانوں کے لیے اذیت کا باعث بنی رہی۔

(۳۰) ۶۵۶ھ میں خلیفہ بغداد کا وزیر علقمی شیعہ تھا اور ہلاکو خان کا وزیر نصیر طوسی بھی شیعہ تھا دونوں نے مشورہ کر کے عباسی خلیفہ کو منگولوں کے ہاتھوں گرفتار کرا دیا اور عباسی سلطنت کا خاتمہ ہو گیا۔ اس سازش میں ایک کروڑ ۶ لاکھ مسلمان شہید ہوئے اور عباسی علوی آویزش ختم ہوئی، مگر مسلمانوں کی ساڑھے چھ صدیوں کی حکومت کا خاتمہ کر کے سبائیوں نے دم لیا۔

ہندو پاکستان میں خلجیوں نے جاسوسی کا نظام ایسا سخت رکھا تھا کہ کسی سازش کو پنپنے کا موقعہ نہ ملا۔ مگر سبائی خفیہ طور پر سرگرم عمل رہے، فیروز تغلق کے زمانے میں "رسالہ فتوحات فیروز شاہی" لکھا گیا، اس میں اس سبائی تحریک کا ذکر یوں ملتا ہے:۔

"کچھ لوگ دہریت کے رنگ میں کفریہ عقائد پھیلا کر لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں اباحیت کی دعوت دیتے ہیں۔ ایک رات کو ایک مقررہ مقام پر جمع ہوتے ہیں مرد عورتیں محرم نامحرم سب اکٹھے ہوتے ہیں، شراب پیتے ہیں کہتے ہیں یہ عبادت ہے۔ رات کو جس عورت کا دامن جس کے ہاتھ آجاتے وہ رات بھر اس سے زنا کرتا رہے ان کو شیعہ و روافض کہتے ہیں۔

خلفاء راشدین اور صدیقہ کائنات اور صحابہؓ کو گالیاں دیتے ہیں، قرآن مجید کو صحیفہ عثمانی کہتے ہیں، لواطت کرتے ہیں اور ایسی حرکات کرتے ہیں جو دین اسلام میں جائز نہیں۔"

تیمور شیعیت کی طرف مائل تھا۔ ہمایوں کی وجہ سے شیعیت کا عمل دخل بڑھنے لگا۔ میر فتح اللہ شیرازی ہندوستان کا صدر الصدور مقرر ہوا، نور اللہ شوستری، حکیم ہمام اور حکیم ابو الفتح کے ذریعے سبائیت عروج کو پہنچی ۹۹۹ھ میں حلال و حرام کے نئے شاہی احکام

صادر ہوئے۔

دسویں صدی کے شروع میں شاہ طاہر اسماعیلی باطنی نے دکن سلاطین کو گمراہ کرنا شروع کر دیا ۹۲۶ھ میں بیجا پور کی عادل شاہیہ کو شیعہ بنایا اور فساد برپا کرنے لگا۔ ابراہیم عادل شاہ نے یہ مذہب ترک کیا تو پبلک نے سکھ کا سانس لیا۔

شاہ طاہر وہاں سے بھاگ کر احمد نگر پہنچا اور برہان نظام شاہ والی احمد نگر کو سبائیت کا پیرو بنایا۔ نظام نے خطبہ جمعہ میں سے خلفائے راشدینؓ کا نام خارج کر کے بارہ اماموں کا کے نام داخل کر دیئے، تبرا کرنے والوں کے شاہی خزانے سے وظیفے مقرر ہوئے۔

شاہ طماسپ صفوی شاہِ ایران کو جب یہ خبر ملی تو نہایت قیمتی تحفے برہان نظام شاہ طاہر کو بھیجے، یہ وہ زمانہ تھا کہ ہمایوں ایران میں شاہِ طماسپ کا مہمان تھا۔

دسویں صدی کے خاتمے پر احمد نگر، بیجا پور، گولکنڈہ اور باقی سارے دکن میں سبائیت کا زور ہو گیا۔

نواب صفدر جنگ حاکم اودھ سبائی تحریک کا پیشوائے اعظم تھا اور روہیلکھنڈ کے پٹھان پکے مسلمان تھے، نواب اودھ کی روہیلوں کے ساتھ چھیڑ چھاڑ رہتی تھی۔ نواب نجیب الدولہ نے روہیلکھنڈ میں دینی تعلیم کی اشاعت کے لیے ایک عالی شان مدرسہ تعمیر کیا صفدر جنگ نے اس دین پسندی کا انتقام لینے کے لیے اور روہیلکھنڈ کو برباد کرنے کے لیے مرہٹوں کو فوجیں لانے کی دعوت دی۔ روہیلکھنڈ کے مسلمانوں نے مرہٹوں کا خوب مقابلہ کیا مگر مرہٹوں نے دہلی پر قبضہ کر لیا، احمد شاہ درانی نے پانی پت کی تیسری جنگ میں مرہٹوں کا زور توڑا۔ صفدر جنگ کے جانشین شجاع الدولہ شاہ اودھ نے انگریزوں کو اپنی مدد کے لیے بلایا اور بریلی کی طرف پیش قدمی کر دی، روہیلکھنڈ کے مسلمان بُری طرح روند ڈالے گئے۔ سبائیت کی تحریک اور انگریزوں کی مدد سے روہیلکھنڈ ۱۲ ویں صدی کے آخر میں برباد ہوا۔ اور تیرھویں صدی ہجری کی ابتدا میں اس متفقہ کوشش سے

دہلی کی اسلامی سلطنت کا بھی خاتمہ ہوگیا۔

بغداد کی اسلامی سلطنت سبائی تحریک کے نمائندہ علقمی اور نصیر طوسی کی سازش سے تباہ ہوئی اور دہلی کی اسلامی سلطنت اسی تحریک کے نمائندہ شجاع الدولہ کی سازش سے برباد ہوئی۔

شام

ملک شام پر کافی دیر تک فرانس کا قبضہ رہا ۱۹۴۰ء میں شام آزاد ہُوا۔ آزادی سے لے کر ۱۹۷۱ء تک سُنّی مسلمانوں کی حکومت رہی۔ اور علویوں (شیعہ) کو کوئی اہمیت حاصل نہ تھی۔ چونکہ علویوں کی آبادی ۱۲½ فیصد تھی، فرانسیسی دورِ حکومت میں پارلیمنٹ میں شیعہ مخصوص اقلیتی سیٹوں پر خاموشی سے بیٹھے رہے ۱۹۴۶ء کے بعد اسلامی حکومت آتے ہی علویوں اور اسماعیلیوں نے مل کر سلیمان المرشد کی زیر کمانڈ حکومت کے خلاف بغاوت کر دی جو کچلی دی گئی۔ اور سلیمان المرشد مارا گیا۔ ۱۹۵۲ء میں شیعہ اور اسماعیلیوں میں سلیمان المرشد کے لڑکے مجیب کی قیادت میں بغاوت کی اور یہ بھی ناکام ہوئی اور مجیب بھی قتل ہو گیا۔ ۱۹۵۴ء میں علویوں کے فرقہ دروزنے پھر بغاوت کی جو ادیب الششکلی مسلمان قائد نے پھر کچل دی ۱۹۵۵ء میں شیعہ کے تینوں گروہوں یعنی علویوں، اسماعیلیوں اور دروزنے بعث پارٹی میں شرکت کی جو سیکولر، اور سوشلسٹ ہے، اور شامی نیشلسٹ کا نعرہ بلند کیا جو مقبول ہوا ۱۹۵۸ء سے ۱۹۶۱ء تک مصر کے ساتھ اتحاد کی وجہ سے تمام پارٹیاں کالعدم رہیں، جس کی وجہ سے علویوں کی تحریک پورے زور سے نہ چل سکی ۱۹۶۱ء میں بعث پارٹی کی کوشش سے مصری شامی اتحاد ختم ہوا۔ الحاق کے خاتمہ پر علویوں کی جماعت بعث اپنے سوشلسٹ نظریات کی بنیاد پر کامیاب ہو چکی تھی، چنانچہ بعث پارٹی سے وابستہ علوی فوجی افسران نے بغاوت کر دی ۱۹۶۶ء سے ۱۹۷۰ء تک علویوں کے جنرل صالح الجدید کے زیر کمانڈ بعث پارٹی

اور علوی فوجی افسران نے حکومت پر قبضہ کر لیا۔ اور ۲۲ر جنوری ۱۹۷۱ء میں موجودہ صدر حافظ الاسد نے اقتدار پر قبضہ کر کے تمام سُنّی مسلمانوں کا صفایا کر دیا، ان کی جائدادیں ضبط کر لی گئیں۔ اور سُنّی ۸۰ فیصد آبادی کو بے دست و پا کر دیا گیا۔ اور ملک پر غیر اسلامی اور سوشلسٹ حکومت قائم کر کے اسلام گوشہ نشین کر دیا گیا۔ اسی طرح ایک اسلامی مُلک سوشلسٹ ملک میں تبدیل ہوا۔ اور تمام سُنّی تنظیمیں ختم کر دی گئیں، ماضی قریب میں جب بھٹو کے لڑکوں اور پیپلز پارٹی کے باغی کارکنوں نے پی آئی اے جہاز کو اغوا کیا اور سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا تو وہ بھی ملک شام تھا۔ جو پاکستان کے خلاف ہر سازش میں پیش پیش رہا چونکہ وہ پاکستان کو اہل اسلام کا قلعہ سمجھتے ہیں۔

مُلک ایران

شاہ ایران کے فرار کے بعد امام خمینی کے زیر کمانڈ آنے والے انقلاب میں اہلِ سُنّت کردوں کو پہلے قتل کیا گیا۔

تمام اہلِ سُنّت علماء اہلسنت جرنیلوں کو قتل کیا گیا یا وطن بدر کیا گیا، مسجدوں کو تالے لگا کر آثارِ قدیمہ کے حوالے کر دیا گیا، مسجد دیکھنے کے لیے ٹکٹ خریدنا پڑتا ہے۔ اور اپنی فقہ نافذ کی، اور کسی دوسرے فرقے کو پرچار یا اپنے خیالات کے اظہار سے روک دیا گیا، حتیٰ کہ سفیروں کے دفتروں میں بھی نماز شیعہ امام کے پیچھے ادا کرنی پڑتی ہے اور کوئی مسلمان کوئی مذہبی رسوم ادا نہیں کر سکتا، حج پہ حاجیوں کی وساطت سے ہر سال حجاز مقدس میں فساد کرایا جاتا ہے پاکستان میں مسلح رضاکار بھیج کر کوئٹہ میں بغاوت کرائی گئی، عراق اور تمام عرب ملکوں کے ساتھ حالت جنگ کا اعلان ہے اسلحہ اسرائیل سے حاصل کیا جا رہا ہے، مسلمان ملکوں سے تعلقات ختم کر کے ہندوستان سے مراسم بنائے جا رہے ہیں۔

عالمِ اسلام متنبہ ہو جائے

خمینی حکومت کا اسرائیل سے گٹھ جوڑ

سوادِ اعظم اہلِ سنّت پاکستان

امریکی ٹیلی ویژن نٹ ورک "اے بی سی" نے تل ابیب میں مقیم اپنے نمائندے کا اسرائیل کے وزیر اعظم "بیگن" سے انٹرویو ٹیلی کاسٹ کیا ہے۔ اس میں وزیر اعظم بیگن نے اعتراف کیا ہے کہ اسرائیل نے عراق سے دشمنی کی بنا پر ایران کو اسلحہ فراہم کرنے کا سمجھوتہ کیا تھا، بیگن نے کہا اسرائیلی قانون انہیں اسلحہ کی فراہمی کے سمجھوتے کی تفصیلات ظاہر کرنے کی اجازت نہیں دیتا ہے۔ اس لیے وہ کسی خبر کی تردید یا تصدیق کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں اسی پروگرام میں ایران کے سابق صدر ابوالحسن بنی صدر کو بھی پیش کیا گیا جنہوں نے تصدیق کی کہ ایران اور اسرائیل کے درمیان ایک معاہدہ ہوا تھا جس کے تحت ایران کو اسرائیل سے اسلحہ اور فاضل پرزے فراہم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ انہوں نے ایران کے مذہبی رہنما خمینی کو بتایا تھا کہ اسرائیل سے اسلحہ خریدنے کے مقابلہ میں عراق سے صلح کر لینا بہتر ہے۔

اسی پروگرام میں اے بی سی نے امریکہ کے سابق صدر جمی کارٹر کے سابق پریس سکریٹری جوڈی پاول کا انٹرویو بھی ٹیلی کاسٹ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ جب وہ صدر امریکہ کے پریس سکریٹری تھے اسی زمانے میں ایران اور اسرائیل کے درمیان معاہدہ ہوا تھا اور اس سلسلہ میں بڑی راز داری اور احتیاط برتی گئی تھی، امریکہ کو احساس تھا کہ ایران کو اسلحہ اور فاضل پرزوں کی شدید ضرورت درپیش ہے ہمیں یہ بھی معلوم تھا کہ ایران نے اسرائیل سے اسلحہ لینے کی خواہش ظاہر کی ہے خود کارٹر انتظامیہ نے اسرائیلی حکام کو ایران کی ضروریات سے آگاہ کیا تھا اور اسرائیل نے اس معاملہ میں ہمدردی سے غور

کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی۔

نتیجۃً ایرانی حکام نے صیہونی ریاست سے تعاون اور گٹھ جوڑ کرنے میں بڑی سرگرمی سے کام لیا اور اسرائیل سے خفیہ معاہدہ کر لیا تھا۔ دونوں ملکوں کے درمیان جو سودا اور معاہدہ ہوا تھا بین الاقوامی ذرائع ابلاغ کے ذریعہ پوری دنیا اس سے آگاہ ہو چکی ہے اور خمینی اور مجتہدین کی ذہنیت کا ماتم کر رہی ہے۔ سوویت یونین میں ارجنٹائن کے طیارے کے مار گرانے کا واقعہ سے ایرانی قیادت کے چہرے سے نقاب اٹھ گیا ہے، اب ایجنٹوں کے نام، سوئٹزرلینڈ میں رابطہ کی تفصیلات، دلال، متعلقہ بحری جہاز ایران کو فراہم کیے جانے والے اسلحہ کی فہرست اسلحہ اور فاضل پرزوں کی قیمت کی ادائیگی کے کوائف سب ہی طشت از بام ہو چکے ہیں اور ان سے ایران کے سابق صدر ابوالحسن بنی صدر کی اس بات میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہیں رہتی کہ اسرائیل کافی عرصہ سے ایران کو اسلحہ فراہم کرتا رہا ہے۔ ان تمام حقائق کو پیش نظر رکھا رکھا جائے تو ایران کے اسلامی انقلاب کی حقیقت سامنے آجاتی ہے۔

ہفتہ ۱۸ جولائی ۱۹۸۱ء کو ارجنٹائن کی فضائی کمپنی کا ایک طیارہ سی ایل۔۴۴ سوویت یونین کی جمہوریہ آرمینیا میں "یارفین" کے علاقے میں مار گرایا گیا، طیارہ تل ابیب سے تہران کو بارہ میں سے تیسری پرواز پر تھا، طیارے میں گولہ بارود اور امریکی ساخت کے فاضل پرزے تھے جو اسرائیل برسرپیکار ایران کی حکومت کو حسب معاہدہ فراہم کر رہا ہے۔

بعد ازاں جمعرات ۲۰ اگست ۱۹۸۱ء کو امریکی ٹیلی ویژن نیٹورک اے بی سی نائٹ لائن کے عنوان سے ایک پروگرام ٹیلی کاسٹ کیا گیا، اس پروگرام میں ایران کے سابق صدر ابوالحسن بنی صدر کا ایک انٹرویو امریکی عوام کے لیے پیش کیا گیا مسٹر ابوالحسن بنی صدر نے انکشاف کیا کہ اسرائیل سے ایران کی مسلح افواج کے لیے اسلحہ اور گولہ بارود کی فراہمی کا سلسلہ کافی عرصے سے جاری ہے انہوں نے یہ انکشاف بھی کیا کہ اسرائیل سے اسلحہ کی خریداری کا کام ان کی نگرانی میں ہوا تھا اور اس سلسلہ میں اسرائیل اور ایران کے درمیان معاہدہ امام خمینی کے حکم پر کیا گیا تھا۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ انہوں نے خمینی اور

ایرانی مجتہدین کو مشورہ دیا تھا کہ اسرائیل سے اسلحہ خریدنے کی بجائے عراق سے تعلقات کو معمول پہ لایا جائے اور امن قائم کر لیا جائے خمینی اور ایرانی مجتہدین نے یہ مشورہ قبول نہ کیا کیونکہ ان کو ڈر تھا کہ ایران اور عراق میں جنگ بند ہو گئی تو ایرانی عوام کو ان کی غلط کاریوں پہ توجہ دینے کا موقع مل جائے گا۔ اور اس طرح ان کی ظالمانہ حکومت کا تختہ الٹ جائے گا۔ مسٹر بنی صدر نے کہا اسرائیل سے اسلحہ کا حصول عجیب و غریب واقعہ ہے۔ اس سے خمینی اور مجتہدین کی اقتدار پسندی کی نشاندہی ہوتی ہے جس نے ان کے دل و دماغ کو مدہوش کر رکھا ہے۔

مسٹر بنی صدر نے کہا کہ خمینی اور ان کے دستِ راست مجتہدین نے جس طرح اسرائیل سے تجارتی سمجھوتے کو عراق سے جنگ بندی پر ترجیح دی ہے ان کی ذہنیت پہ جتنا بھی ماتم کیا جائے کم ہے۔

جمعہ ۲۸ ؍ اگست ۱۹۸۱ء کو قبرص کی حکومت کے ایک سرکاری ترجمان نے نکوسیا میں بتایا کہ ارجنٹائن کا ایک طیارہ سی ایل ۴۴ تیل لینے کے لیے لارنیکا کے ہوائی اڈے پر، ۷ ؍ اگست ۱۹۸۱ء کو اترا تھا۔ یہ طیارہ معمول کی وازوائی آر ۴۴ ۲ پر تھا قبرص کے سرکاری ترجمان نے اس سلسلہ میں جو تفصیلات بتائیں وہ حسب ذیل ہیں۔

(۱) یہی طیارہ تل ابیب سے تہران جاتے ہوئے ۱۱ ؍ اگست ۱۹۸۱ء کو بھی قبرص میں اترا تھا۔ اس طیارے میں پچاس صندوق تھے جن کا وزن ۷،۵۰ کلوگرام تھا اس پرواز کا کیپٹن سپیکر میفری تھا۔

(۲) ۱۲ ؍ اگست ۱۹۸۱ء کو تہران سے تل ابیب جاتے ہوئے بھی ایک اور طیارہ لارنیکا میں اترا تھا اس طیارے کا کیپٹن سپیکر کارڈیرو تھا۔

(۳) ۱۳ ؍ اگست ۱۹۸۱ء کو صبح ہونے سے قبل تل ابیب سے تہران جاتے ہوئے ایک اور طیارہ لارنیکا میں اترا تھا، یہ طیارہ تہران سے واپس آیا تھا اور تل ابیب جا رہا تھا۔ اس کا کیپٹن بھی سپیکر کارڈیرو تھا۔

ان حقائق سے یہ بات کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ ایران اور اسرائیل کے درمیان جو معاہدہ ہوا تھا وہ خفیہ نہیں رہ سکا تھا اور ایران کی اعلیٰ قیادت کے سبھی لوگ اس سے آگاہ تھے، اب قبرص کے سرکاری ترجمان اور ایران کے سابق صدر کے بیانات کا جائزہ لیجئے تو یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جائے گی کہ ایران کو اسرائیل سے اسلحہ اور فاضل پرزوں کی فراہمی کا معاہدہ خمینی اور مجتہدین کی رضامندی علم اور خواہش پر ہُوا تھا جنہیں عرب اور مسلمانوں کی بہبود سے کوئی سروکار نہیں ہے انہوں نے اسرائیل سے اسلحہ اسلامی ملک سے جنگ کے لیے حاصل کیا تھا

روس میں ارجنٹائن کے طیارے کو مار گرانے کا جو واقعہ پیش آیا، نکوسیا میں قبرصی حکومت کے ترجمان نے جو سرکاری بیان جاری کیا اور امریکہ میں ایران کے سابق صدر بنی صدر کا جو انٹرویو ٹیلی کاسٹ کیا گیا ان پر نظر ڈالنے سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ ایران کی حکومت عراق سے جنگ کے ابتدائی ایام ہی سے اسرائیل سے اسلحہ حاصل کرتی رہی ہے۔ ان حقائق سے خمینی اور مجتہدین کے دورخے چہروں سے نقاب اُٹھ جاتا ہے یہ بات بھی پایۂ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے کہ ایرانی عراق کے علاقے میں جاسوسی کے لیے اسرائیل کی فنی مہارت سے کام لیتے ہیں یہ حقیقت بھی واضح ہوتی ہے کہ عراق سے حالیہ جنگ میں ایران کی جملہ ضروریات وہی اسرائیل پوری کرتا ہے جو عراق کو اپنا سب سے بڑا دشمن تصوّر کرتا ہے۔

دنیا کے مختلف ممالک کے اخبارات اور جرائد میں جو تفصیلات اور کوائف شائع ہوئے ہیں ان کے پیشِ نظر اس بات میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں رہتی کہ عراق کو نقصان پہنچانے میں اسرائیل اور ایران کا گٹھ جوڑ بہت عرصے سے قائم ہے۔

مثال کے طور پر پیرس سے شائع ہونے والے جریدے "افریک ایشیے" کو ہی لے لیجیے اس میگزین میں ۱۲ر اکتوبر ۱۹۸۰ء کو تہران کا ایک مکتوب شائع ہوا ہے اس میں بتایا گیا ہے کہ اسرائیل کے سول اور فوجی ماہرین کا ایک وفد تین دن کے دورے پر تہران آیا تھا اس دورے کا مقصد ایران کی دفاعی اور اسلحی ضروریات کا اندازہ لگانا تھا کہ ایران کی ضروریات کیمطابق

امریکی اور اسرائیلی ساخت کے فاضل پرزے اور اسلحہ فراہم کر دیا جائے۔
اسی طرح ۲ نومبر ۱۹۸۰ء کو برطانیہ کے اخبار "آبزرور" میں تہران کا ایک مکتوب شائع ہوا اس میں انکشاف کیا گیا ہے کہ عراق سے جنگ کے لیے اسرائیل نے ایران کو بہت بڑی مقدار میں اسلحہ فراہم کر دیا ہے اسی مکتوب میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ یہ اسلحہ ایران کو بندر عباس چاہ بہار اور بوشہر کی بندرگاہوں کے راستے پہنچایا گیا ہے۔
۳ نومبر ۱۹۸۰ء کو مغربی جرمنی کے ایک اخبار "ڈائی ویلٹ" میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ سرائیل نے ایران کو ایف چار لڑاکا طیاروں اور دوسری جنگی مشینری کے فاضل پرزے فراہم دیئے ہیں، یہ انکشاف بھی کیا گیا کہ ایران کو فاضل پرزوں کی فراہمی بحری راستے کی گئی اور یہ کہ اسرائیل سے ایران کو فاضل پرزے مہیا کرنے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔
ایران اور اسرائیل میں جو سمجھوتہ اور گٹھ جوڑ ہے اس کی کچھ تفصیلات پیرس سے شائع ہونے والے جریدے "الوطن العربي" کے ۵ نومبر ۱۹۸۰ء کے شمارے میں فرانس کے جریدے "دی سٹی ڈی" کے ۱۱ نومبر ۱۹۸۰ء کے شمارے اور "جان افریق میگزین" کے ۱۴ نومبر ۱۹۸۰ء میں ج ہیں "الوطن العربي" کی رپورٹ کے مطابق اسرائیل نے ایران کو اسلحہ اور فاضل پرزے نیم کے بحری جہاز کے ذریعے بھیجے تھے، یہ سامان انٹورپ کی بندرگاہ پہ لادا گیا تھا، متذکرہ ہ جہاز کئی یورپی ممالک ہوتا ہوا ایران پہنچا تھا "دی سٹی ڈی میگزین" نے اس سلسلہ میں تفصیلات شائع کیں ان میں بتایا گیا ہے کہ اسلحہ کے اسرائیلی سوداگروں اور ایرانی حکام کے بیان ایک ... ہوا ہے جس کے مطابق کافی عرصے سے اسرائیل ایران کو خفیہ طور پہ اسلحہ فراہم کر رہا ہے اسی طرح "جان افریق میگزین" نے اطلاع دی کہ اسرائیل ہالینڈ کے راستے ران کو اسلحہ اور جنگی طیاروں کے فاضل پرزے مہیا کر رہا ہے
لویت کے "اخبار السیاسہ" ۱۳ مارچ ۱۹۸۱ء کو پیرس کے باخبر ذرائع کے حوالے سے خبر دی کہ اسرائیل نے ایران کو ایف ۵ قسم کے چھ طیارے مہیا کیے ہیں یہ طیارے پرانے

تھے ایران بھیجنے سے قبل ان کی مرمت اور سروس کا کام مغربی یورپ کے ایک ملک کی وساطت کرایا گیا تھا۔

۱۵ر جولائی ۱۹۸۱ء کو امریکی ٹیلی ویژن نیٹ ورک سی بی ایس نے انکشاف کیا کہ کافی مدت سے اسرائیل ایک سمجھوتے کے تحت عراق کے خلاف ایران کو اسلحہ فراہم کر رہا ہے۔

سمجھوتے پر سرگرمی سے عمل درآمد جولائی ۱۹۸۱ء کے پہلے ہفتے سے شروع ہوا ہے پہلے مرحلے میں اسرائیل نے ایران کو ایک کروڑ امریکی ڈالر کا جنگی ساز و سامان فراہم کیا ہے مجموعی طور پر اسرائیل سے ایران کو دس کروڑ ۶۰ لاکھ ڈالر کا اسلحہ اور فاضل پرزے ملے ہیں۔ ایران کو اسلحہ فراہم کرنے کے لیے اسرائیل نے ایران سے فضائی رابطہ بھی قائم کر رکھا ہے۔ اسرائیل سے طیاروں کے ذریعے اسلحہ کی فراہمی ۱۲ر جولائی ۱۹۸۱ء کو شروع ہوئی، اسرائیل نے اس مقصد کے لیے برطانوی ساخت کے برسٹول طیارے استعمال کئے ہیں۔

۲۱ر جولائی ۱۹۸۱ء کو اسرائیل کے جریدے "معارف" میں یہ خبر شائع ہوئی کہ ایرانی حکومت نے اسرائیل سے براہ راست اور مختلف ایجنسیوں کی وساطت سے مختلف النوع اسلحہ فراہم کرنے کی درخواست کی ہے، ایران نے بہت بڑی مقدار میں اسرائیل سے فاضل پرزے بھی منگائے ہیں۔ اسی جریدے نے یہ انکشاف بھی کیا کہ ایران اور اسرائیل میں اسلحہ کی فراہمی کی بات چیت امریکہ کی طرف سے ایران کو اسلحہ کی فروخت پر پابندی سے بہت پہلے شروع ہو گئی تھی۔

ارجنٹائن کے دو اخبارات "کروشیا اور لاپرینسا" میں ۲۴ر جولائی ۱۹۸۱ء کو جو خبریں شائع ہوئیں ان سے اس بات کی تصدیق ہو جاتی ہے کہ سویت روس نے ارجنٹائن کے جس طیارے کو مار گرایا ہے وہ تل ابیب سے اسلحہ ایران لے جا رہا تھا۔

لندن کے جریدے "سنڈے ٹائمز" نے ۲۶ر جولائی ۱۹۸۱ء کو ارجنٹائن کے طیارے کے سویت یونین میں مار گرانے کی تفصیلات شائع کی ہیں، اخبار کی رپورٹ کے مطابق جس شخص کو اسرائیلی اسلحہ ایران کے حوالے کرنا تھا وہ برطانیہ کا رہنے والا تھا۔ اس کا نام سٹیورٹ

میکفرٹائی بتایا گیا ہے اخبار کی اطلاع کے مطابق مسٹر سٹیورٹ کو اس معاملہ میں سوئٹرزلینڈ کے ایک ایجنٹ " اینڈ ریز جینے" نے شریک کیا تھا۔ ان دونوں ایجنٹوں نے ۱۲-۱۴ اور ۱۷ جولائی کو ایران کو اسرائیل اسلحہ کی تین کھیپس پہنچائی تھیں چوتھی کھیپ جاری تھی کہ سوویٹ یونین میں طیارہ ہی مار گرایا گیا "سنڈے ٹائمز" نے "اینڈ ریز جینے" کے حوالے سے لکھا ہے کہ اسرائیلی حکام نے بڑا زور دیا تھا کہ اسلحہ اور فاضل پرزوں کی تمام کھیپیں جتنی جلد ممکن ہو طیارے کے ذریعہ تل ابیب سے ایران پہنچادی جاتیں "اینڈ ریز جینے" نے بتایا کہ اسے یہ معلوم نہیں ہے کہ جو اسلحہ اور فاضل پرزے ایران بھیجنا مقصود تھے۔ ان کی مقدار اور تعداد کیا ہے۔

کافی عرصے تک ایرانی حکام زور دیتے رہے کہ تل ابیب سے تہران طیاروں کے ذریعے اسلحہ بھیجنے کے لیے قبرص کے لارنیکا ہوائی اڈے کو مختصر قیام اور تیل وغیرہ لینے کے لیے استعمال کیا جائے۔ انہوں نے اس میں یہ مصلحت دیکھی تھی کہ اس قسم کی کارروائی کے لیے قبرص کا راستہ ہی سب سے اچھا اور محفوظ ترین تھا۔

"سنڈے ٹائمز" نے "اینڈ ریز جینے کے حوالے سے مزید لکھا ہے کہ خود اسے یقین تھا کہ ان فلسطینی مجاہدین آزادی پی، ایل، او نے جو قبرص میں موجود تھے، سوویت حکام کو طیاروں کے ذریعہ اسرائیل سے ایران کو اسلحہ کی ترسیل کی خبر دی تھی اور یہی اطلاع طیارے کو روس کے علاقے میں مار گرانے کا موجب بنی ہے۔

۲۷ جولائی سنہ ۱۹۸۱ء کو فرانس کے اخبار "لی فیگارو" میں بھی سوویت یونین میں ارجنٹائن کے طیارے کے مار گرانے اور اسرائیل و ایران کے درمیان فوجی گٹھ جوڑ کی تفصیلات شائع ہوئی ہیں، اس اخبار نے اس ضمن میں جو کچھ لکھا اس کا لب لباب یہ ہے کہ خمینی نے لندن کی کمپنی سے خفیہ رابطہ قائم کیا تھا یہ کمپنی اسرائیل سے خفیہ تجارتی روابط رکھنے میں خاصی مشہور ہے اور اسرائیل کے مفاد کے لیے کام کرتی ہے اس دن جرمنی کے ایک جریدے ڈیر سپیگل نے ایک رپورٹ شائع کی اس میں کہا گیا ہے کہ ایران کی "اسلامی جمہوریہ" نے اسلحہ کے حصول کا ایک

اور ذریعہ تلاش کیا ہے یہی نیا ذریعہ کافی عرصہ سے خمینی کی خدمت کر رہا ہے اسی وسیلے سے ایران یورپی ممالک کے راستے اسرائیلی ہتھیار اور دوسرا جنگی ساز و سامان حاصل کریں گے اس راستے سے ایران کو اسرائیل سے فاضل پرزے بھی مہیا ہوتے رہیں گے۔

۲۹ر جولائی ۱۹۸۱ء کو سوئٹزرلینڈ کے جریدے "ٹریبون ڈی لازان" میں ایک خصوصی مکتوب تہران شائع ہوا ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ ایران کو اسرائیلی اسلحہ سوئٹزرلینڈ کے ایک ایجنٹ نے فراہم کرنے کی ذمہ داری اٹھائی تھی۔ اس نے یہ کام زیورچ کا ٹونل کے ذریعہ سرانجام دیا ہے متذکرہ صدر مکتوب "ایران کے لیے اسرائیل" کے عنوان سے شائع ہوا تھا اس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ ایران کو اسرائیلی اسلحہ کی فراہمی کسی بھی طور پر غیر قانونی کارروائی نہیں ہے غیر قانونی بات صرف یہ ہوئی ہے کہ سوئٹزرلینڈ کو کسی طرح سے ایران کو اسرائیلی اسلحہ کی خفیہ فراہمی کی اطلاع مل گئی ہے قباحت صرف یہ ہوئی ہے کہ اسرائیل اور ایران کے اس خفیہ سمجھوتے کے سلسلہ میں سوئٹزرلینڈ کا نام لیا جا رہا ہے۔

امریکی ٹیلی ویژن "نٹ ورک اے بی سی" نے ۲۰ر اگست ۱۹۸۱ء سے سہ روزہ پروگرام ٹیلی کاسٹ کرنا شروع کیا تھا، اس میں بھی ایران اور اسرائیل اسلحہ کی خریداری کے سمجھوتے پر روشنی ڈالی گئی اور یہ بتایا گیا کہ اسرائیل کافی عرصے سے ایران کو اسلحہ فراہم کر رہا ہے اس سلسلہ میں اے بی سی ٹیلی ویژن نٹورک کے نمائندوں نے جو سروے کیا اس سے بھی تصدیق ہو گئی کہ ایران کو اسرائیلی اسلحہ کی فراہمی کا کام سوئٹزرلینڈ کے ایک ایجنٹ کے ذریعہ سرانجام پایا ہے اس پروگرام میں متعلقہ افراد کے نام اور ان اشیاء کی تفصیل بھی بتائی گئی جو اسرائیل سے ایران بھیجی گئی ہیں۔ اسی پروگرام میں دستاویز بھی دکھائی گئیں جن میں دونوں ملکوں کے درمیان رقوم کے لین دین کے کوائف درج تھے، زیورچ کا نٹونل میں ایک فریق سوئٹزرلینڈ میں اسرائیلی سفارت خانے کا فوجی اتاشی تھا۔

"اے بی سی" نے جو تفصیلات ٹیلی کاسٹ کی ہیں وہ ایران اور اسرائیل کے مجموعی سمجھوتے

پر محیط نہیں ہیں، البتہ اس سے یہ حقیقت ضرور ثابت ہو جاتی ہے کہ اسرائیل سے ایران کو اسلحہ اور فاضل پرزوں کی فراہمی کا سلسلہ کافی عرصے سے جاری تھا بالکل یہی وہ بات ہے جو ایران کے سابق صدر ابوالحسن بنی صدر عالمی ذرائع ابلاغ کو بتاتے رہے ہیں۔

"بی بی سی" نے ایک اور دلچسپ حقیقت یہ ٹیلی کاسٹ کی ہے کہ فرانس کے ایک فنی ماہر نے ستمبر ۱۹۸۰ء میں ایران کا دورہ کیا تھا یہ ایران عراق جنگ شروع ہونے سے پہلے کی بات ہے، دورے کی دعوت ایران کی حکومت نے دی تھی ستمبر کے اواخر میں یہ دورہ شروع ہوا ایران کی وزارت جنگ، ایران کی بحریہ اور فضائیہ کی ضروریات کا جائزہ لینے کے لیے فرانس کے دو اور ماہروں کو ایران آنے کی دعوت دی تھی۔ انہوں نے یہ رائے ظاہر کی اگرچہ ایرانی فضائیہ میں ایف چار قسم کے طیاروں کی کمی نہیں ہے تاہم طیاروں کی سروس اور مرمت کی فوری ضرورت ہے علاوہ ازیں ایرانی فضائیہ کے بیڑے میں ایف چار قسم کے مزید طیارے بھی شامل کیے جائیں فرانسیسی ماہرین کے اس جائزے کے بعد فرانس ہی ایران نے اسرائیل کے سفارت خانے سے رابطہ قائم کیا۔ اسی کے نتیجے میں اسرائیل نے فرانس کے ایک جنوب مغربی ائرپورٹ پر اکتوبر ۱۹۸۰ء ایف چار قسم کے مزید طیارے بھی شامل کیے جائیں فرانسیسی ماہرین کے اس جائزے کے بعد فرانس ہی میں ایران نے اسرائیل کے سفارت خانے سے رابطہ قائم کیا اسی کے نتیجے میں اسرائیل نے فرانس کے ایک جنوب مغربی ائرپورٹ پر اکتوبر ۱۹۸۰ء کو ایف چار قسم کے طیارے مہیا کر دیئے تھے، مجموعی طور پر اسرائیل نے ایران کو ڈھائی سو آواز سے تیز رفتار طیاروں کے فاضل پرزے فراہم کیے علاوہ ازیں ایران کو وافر مقدار میں ایف چار قسم کے طیارے اور جدید ترین ماڈل کے پچاس سکارپین ٹینک بھی دیئے گئے اسرائیل نے ایک اطالوی بندرگاہ کے راستے ایران کو ایم بم قسم ٹینکوں کے فاضل پرزے بھی بھاری مقدار میں برآمد کئے ہیں، یہ تمام سامان لکسمبرگ کے جہاز کارگو لکس میں لادا گیا اور اسے ترجیحی بنیادوں پر تہران پہنچایا گیا۔ اس اسلحہ اور طیاروں کی قیمت کی ادائیگی زیورچ میں کی گئی۔

اسرائیل کے فوجی اتاشی نے تین لاکھ ڈالر کی پہلی قسط وصول کی تھی اسرائیل نے اسی قسم کا سامان پرتگال کے راستے بھی ایران کو برآمد کیا ہے۔

۲۶ رجولائی ۱۹۸۱ء کو ایران کی وزارتِ خارجہ نے ایک بیان جاری کیا تھا اس میں ایران کے "اسلامی انقلاب" کے خلاف "ایسوسی ایٹڈ پریس (اے پی)" کی خبر کی تردید کی گئی تھی۔ ایران کے سرکاری بیان میں اس خبر کو سفید جھوٹ قرار دیا گیا تھا کہ ارجنٹائن کا ایک طیارہ سوویٹ یونین میں مار گرایا گیا ہے، بیان میں مزید کہا گیا تھا کہ یہ خبر مخصوص مفادات رکھنے والے بعض عناصر کے ذہن کی اختراع ہے۔

ایران ہی کے سرکاری بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ خبر رساں ایجنسی "اے پی" نے جس واقعہ کا انکشاف کیا ہے اس کا تعلق روس کی ایک حرکت سے ایران کا ارجنٹائن کے طیارے سے کوئی تعلق اور واسطہ نہیں ہے ستم ظریفی یہ ہے کہ جب پوری دنیا کے علم میں یہ بات آچکی تھی کہ روس میں جس طیارے کو مار گرایا گیا ہے تل ابیب سے تہران اسلحہ اور فاضل پرزے لے کر جا رہا تھا ایرانی وزارتِ خارجہ نے متذکرہ صدر تردیدی بیان جاری کیا ہے اس مرحلے میں یہ سوال ابھرتے ہیں۔

یہ کیسے ممکن ہے کہ طیارہ تو روس میں گرتا ہے اس سلسلہ میں ایسوسی ایٹڈ پریس جو خبر دیتا ہے اس کی تردید ایرانی حکام کر رہے ہیں؟

یہ کیسے ممکن ہے کہ پوری دنیا تو اس بات کی تصدیق کر رہی ہے کہ روس میں ارجنٹائن کا طیارہ گرایا گیا ہے، طیارے کا ملبہ بھی روس میں مل گیا اس کے باوجود ایرانی اسی بات پر اڑے ہوتے ہیں کہ طیارہ میں اسلحہ نہیں تھا؟

ایک طرف تو ایرانی حکام کہتے ہیں کہ روس نے کوئی طیارہ گرایا ہی نہیں ہے ساتھ ہی وہ یہ اصرار بھی کرتے ہیں کہ اس واقعہ کا تعلق روس سے ہے اور یہ کہ طیارے میں جو اسلحہ تھا وہ ایران نہیں لایا جا رہا تھا یہ بات بھی دلچسپی سے خالی نہیں ہے کہ جب ایرانی وزارتِ خارجہ

اپنا تردیدی بیان جاری کر چکی تو روسیوں نے بھی ۲۳ جولائی ۱۹۸۱ء کو خود ایک بیان جاری کیا، اس میں کہا گیا ہے کہ ایران نے جو دعوے کیے ہیں درست نہیں، روس یہ بھی جانتا ہے کہ ایرانی انقلاب کے خلاف شوشے چھوڑے اور خبریں پھیلائی جاتی ہیں، تاہم یہ حقیقت ہے کہ روس میں ارجنٹائن کا طیارہ گرایا گیا ہے اس کا براہ راست ایران سے تعلق ہے۔

۲۷ جولائی ۱۹۸۱ء کو ایران کے وزیر برائے قومی امور اور ایرانی حکومت کے سرکاری ترجمان "بہزاد نبوی" نے تہران میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ انہوں نے اقرار کیا کہ ایران کو علم ہے کہ روس میں ایک طیارہ مار گرایا گیا ہے تاہم انہوں نے اس بات کی تردید کی کہ یہ طیارہ تل ابیب سے اسلحہ اور فاضل پرزے تہران لا رہا تھا یہ بھی عجیب بات ہے کہ بہزاد نبوی نے اسی پریس کانفرنس میں یہ بھی کہہ ڈالا کہ طیارہ تہران سے واپس جا رہا تھا وہ ایران نہیں آ رہا تھا۔

اب متذکرہ صدر بیانات پر ایک نظر ڈال لیجیے اس قصے کے ایک انتہائی سنسنی خیز حصے سے پردہ اٹھ جاتا ہے۔ ۲۸ جولائی ۱۹۸۱ء کو ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر ہاشمی رفسنجانی نے ایران کے روزنامہ کیہان کو ایک انٹرویو دیا اور ایرانی ریڈیو سے بھی ان کا ایک بیان نشر ہوا اس میں بتایا گیا کہ طیارہ تو بلا شبہ ایران ہی آ رہا تھا تاہم اس میں اسلحہ اور فاضل پرزے نہیں تھے، اسے تو اس وقت مار گرایا گیا ہے جب اس نے سامان کی کھیپ ایران پہنچا دی تھی اور وہ تہران سے واپسی کی پرواز پر تھا۔

۱۹ اگست ۱۹۸۱ء بیروت میں ایران کے ناظم الامور محسن الموسوی نے ایک اخباری بیان بتایا کہ ایران نے کھلی عالمی منڈی سے اسلحہ خریدا تھا اور اسے بحری راستے سے آئس لینڈ سے قبرص پھر سے قبرص سے ارجنٹائن کے طیارے نے اسے تہران پہنچایا ہے انہوں نے مزید بتایا کہ روس میں جو طیارہ گرایا گیا ہے وہ اسلحہ کی باربرداری کی پرواز پر تھا۔

ایران کی سرکاری خبر رساں ایجنسی [illegible] جسے اب ارنا کہتے ہیں ۲۳ اگست ۱۹۸۱ء

کو ایک اور ہی خبر دی، اس خبر میں ایران کے وزیر خارجہ حسین موسوی کے منہ میں یہ بات ڈالی گئی ہے" اگر ایران نے اسرائیل سے اسلحہ خریدا ہی ہے تو پھر یہ سودا ابوالحسن بنی صدر نے کیا ہوگا وہی ایران کی مسلح افواج کے سپریم کمانڈر تھے اور انہی کو اپنی مرضی کے مطابق ہر جگہ سے اسلحہ خریدنے کا اختیار حاصل تھا۔"

دراصل ایرانی رہنما اور حکام نہ صرف اسرائیل سے اسلحہ کی خریداری کے سودے پر دہ ڈالنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ وہ روس میں ارجنٹائن کے طیارے مار گرانے کے بارے میں متضاد بیانات بھی جاری کرنے کے مرتکب ہوتے رہے ہیں لیکن ۲۸ اگست ۱۹۸۱ء کو قبرص کے سرکاری ترجمان نے جو دو ٹوک بیان جاری کیا ہے اس سے ہر بات کھل کر سامنے آگئی ہے اور یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ گئی ہے کہ اسرائیل نے خفیہ معاہدہ کے تحت ایران کو اسلحہ فراہم کیا ہے۔

پچھلے دنوں ایرانی قونصل جنرل نے ایک بیان میں کہا ہے کہ لبنان میں مسلمانوں کے قتل عام کے موقع پر حکومت ایران نے اپنے سپاہی لبنان بھیج دیے تاکہ فلسطینی مسلمانوں کا دفاع کیا جا سکے، حقیقتِ حال اس کے بالکل برعکس ہے، لبنان کے صابرہ اور شتیلہ کیمپوں میں مسلمانوں کو جو وحشیانہ قتل عام ابھی حال ہی میں ہوا ہے اس کی تفصیلی رپورٹ بین الاقوامی ہفت روزہ "نیوز ویک" مورخہ ۴ راکتوبر ۱۹۸۲ء میں شائع ہو چکی ہے۔ اس چونکا دینے والی رپورٹ میں غیر ملکی میڈیکل مشن کے ارکان کے حوالے سے انکشاف کیا گیا ہے کہ میجر حدّاد کی جس فوجی ملیشیا نے فلسطینی اور غیر فلسطینی مسلمانوں کا قتلِ عام کیا تھا۔ اس میں دو تہائی قاتل خمینی کے ہم عقیدہ شیعہ تھے اور یہ کہ ان کیمپوں میں جو اکّا دُکّا شیعہ مقیم تھے، شناخت ہونے پر صرف ان کی جان بخشی کر دی گئی مگر باقی تمام مسلمانوں کو ذبح کر دیا گیا۔

اس اہم رپورٹ کو شائع اب پانچ ماہ سے زیادہ ہو گئے، لیکن اب تک نہ تو حکومت ایران نے اس کی تردید کی ہے اور نہ ہی کسی شیعہ لیڈر نے اس واقعہ کی مذمت کی ہے، دراصل شیعہ

رافضی اور ان کے امام خمینی کا مسلمانانِ عالم کے علی الرغم اسرائیل سے معاہدہ اور گٹھ جوڑ ہے کاش کہ خمینی اور اس کے پیروکار رافضیوں سے عالم اسلام متنبہ ہو جائے۔

فلسطین اور لبنان

فلسطین اور لبنان میں شیعہ ملیشیا اور دروز ملیشیا نے عیسائی اور یہودی تنظیموں کی امداد کرتے ہوئے مسلمان جدوجہد آزادی کو شدید نقصان پہنچایا، شام نے فلسطینی قائد یاسر عرفات کو قید میں ڈال کر قتل کی کوشش کی جو خوش قسمتی سے بچ گئے اور ان کے ایک معتمد ساتھی ان کی جگہ قتل ہوئے اور فلسطینی رہنماؤں کو بارہا دفعہ قید و بند میں ڈالا گیا ۱۹۶۷ء میں موجودہ علوی حکومت نے اسرائیل کا ساتھ دے کر مصر کو شکست فاش دی۔

ماضی کے واقعات سے یہ ثابت ہے کہ شیعہ تحریک کو کسی غیر اسلامی حکومت سے کوئی مطالبہ یا گلہ نہیں رہا ہے۔ انگریزی دورِ حکومت میں سیاسی تحریک خاموش رہی اور صرف امام باڑوں اور محرم کے دوران صحابہ کرامؓ پہ تبرا بازی کر کے امن و سکون کو برباد کرنے کا معاملہ کفارہ گناہ کے نام پہ جاری رہا۔

بھٹو دورِ حکومت میں اس تحریک نے دل کھول کر اس کا ساتھ دیا، اور بھٹو کی حکومت اور پارٹی کے نشان تلوار کو تلوار حسین سے جاملایا۔ چونکہ بھٹو کے دور میں اسلام پہ اور علماء پہ دل کھول کر حملے کئے گئے اور اسلام کی تضحیک و توہین کی گئی، اور سوشلزم کا پرچار کیا گیا۔ تحریک نظامِ مصطفےٰ چلی صدر ضیاء الحق نے اسلامی نظام نافذ کرنے کا اعلان کیا، اس اعلان کے ساتھ ہی اس تحریک نے بڑے جوش و جذبہ کے ساتھ، نفاذِ اسلام کی مزاحمت کی۔

جولائی ۱۹۸۰ء میں اہلِ تشیع نے اپنی فقہ نافذ کرنے کے لیے ایوان صدر اسلام آباد کا گھیراؤ کیا، اور مطالبات منوانے کے لیے خونی ڈرامہ سٹیج کیا گیا، لیکن معاملہ تدبیر اور فراست کی بنا پہ

خون آشام نہ ہونے پایا۔ اہل تشیع نے زکوٰۃ و عشر کے نفاذ میں مزاحمت کی، اور زکوٰۃ و عشر سے اپنے آپ کو مستثنیٰ کرا کر ایک رکنِ دین زکوٰۃ سے انکار کر دیا۔ اور ضیاء الحق کی حکومت نے حکومت بچا لی۔ لیکن رکنِ دین زکوٰۃ کی نفی تسلیم کر لی۔

۶ رجولائی ۱۹۸۵ء کو اہل تشیع نے کوئٹہ میں ایرانی شیعوں کی مدد سے جلوس نکالا، مسلح بغاوت کی اور انتظامیہ کو اس ہنگامہ پہ قابو پانے کے لیے فائرنگ کرنی پڑی جس سے ۲۲ رآدمی مارے گئے اور ایرانی شیعہ بلوائیوں کو باعزت طریقہ سے ایرانی سرحد پہ جا کر چھوڑنا پڑا۔

جنوری ۱۹۸۳ء میں کراچی میں مرکزی امام باڑہ لیاقت آباد سے سُنّی مسلمانوں پہ فائرنگ کر کے خونی ہنگامے کا آغاز کیا اور بے پناہ نقصان ہُوا۔ تلاشی پر امام باڑہ سے کافی تعداد میں ناجائز اور بیرونی اسلحہ برآمد ہوا۔ ۱۵ راپریل ۱۹۸۶ء میں کراچی میں ایک شیعہ لڑکی کا منی بس سے حادثہ کا بہانہ بنا کر درجنوں مسلمانوں کو شہید کر دیا گیا۔ ۱۹۸۲ء میں دینہ ضلع جہلم میں کانفرنس میں حکومت کے خلاف اعلان جنگ کیا گیا۔ ۱۹۸۰ء سے ۱۹۸۵ء تک عرصہ میں اس تحریک نے پورے زور و شور سے نفاذِ اسلام کو روکے رکھا اور ایرانی شیعہ مبلغین معہ خمینی کے لٹریچر کے سرِعام پاکستان میں مخل رہے۔

اس طرح اس تحریک نے اسلام کی کامیابی سے مخالفت کی اور پاکستان میں نظامِ اسلام نافذ نہ ہو سکا۔

لُطف یہ ہے کہ اس خالص یہودی تحریک کو جو صرف اسلام کو مٹانے کے لیے معرضِ وجود میں آئی اسلام کا ایک فرقہ ماننے اور منوانے پہ زور دیا جا رہا ہے اور فقہ جعفریہ جو خالص کُفر ہے اسلامی ملک پہ نافذ کرنے کی تدبیریں کی جا رہی ہیں، اور کمیشن بٹھائے جا رہے ہیں اور دوسرے ملکوں میں بھیجے جا رہے ہیں۔